CHAPTER 3

# Tenses

## LESSON- 1

### Use of introductory 'it' and 'there'

**Read these sentences:**

1. It is seven o' clock.
2. It rained yesterday.
3. There are ten boys in the classroom.
4. There were no flowers in the garden.

**Let us translate these sentences into Urdu:**

1- اب سات بجے ہیں۔ 2- کل بارش ہوئی۔ 3- کمرے میں دس لڑکے ہیں۔ 4- باغ میں پھول نہ تھے۔

We see that in translating each of them into Urdu, we have left the words 'it' and 'there' untranslated as it is quite funny to say:

1- یہ اب سات بجے ہیں۔ 2- یہ کل بارش ہوئی۔ 3- وہاں کمرے میں دس لڑکے ہیں۔ 4- وہاں باغ میں پھول نہ تھے۔

We can say that 'it' and 'there' have been used as introductory words and they simply act as subject.

## Exercise

1- آج سخت گرمی ہے۔ 2- شام ہوگئی ہے۔ 3- میز پر کوئی کتاب نہیں ہے۔ 4- کیا کھیل کے میدان میں کوئی کھلاڑی ہے؟ 5- کیا اس تالاب میں مچھلیاں ہیں؟ 6- پانی میں بہت سے مینڈک[1] تھے۔ 7- پلیٹ فارم پر کوئی مسافر[2] نہ تھا۔ 8- کھیت میں کتنے مویشی تھے؟ 9- ٹوکری میں کچھ سیب ہیں۔ 10- دریا کے کنارے چار کشتیاں تھیں۔ 11- مکان میں کوئی نہ تھا۔ 12- صندوق میں نئے کپڑے نہیں ہیں۔ 13- چھت پر کون ہے؟ 14- کیا اولے[3] پڑ رہے ہیں؟ 15- پنجرے[4] میں شیر نہ تھا۔

1. frog 2. passenger 3. hailstorm 4. cage 5. chest

## Exercise

1- ہمارے باغ میں بہت سے آم کے درخت تھے۔ 2- ہال میں کتنے اُمیدوار[1] تھے؟ 3- دفتر میں چپڑاسی[2] کیوں نہیں؟ 4- کیا ڈاکیے کے تھیلے میں چٹھیاں نہ تھیں؟ 5- کیا جگ میں تھوڑا سا دودھ ہے؟ 6- آج مطلع ابر آلود[3] ہے۔ 7- کیا باہر تیز ہوا چل[4] رہی ہے؟ 8- کل موسم بڑا سہانا[5] تھا۔ 9- پرچہ حل کرنے میں تقریباً تین گھنٹے لگیں[6] گے۔ 10- اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت[7]۔ 11- یہ سفید جھوٹ[8] ہے۔ 12- وہ میرا ہی بھائی تھا جس نے انعام[9] حاصل کیا۔ 13- ہوائی اڈے پر کتنے ہوائی جہاز تھے؟ 14- سڑک کے کنارے کوئی درخت نہ تھا۔

1. candidates 2. peon 3. cloudy 4. blowing hard 5. pleasant 6. take
7. It is useless to cry over spilt milk. 8. white lie 9. prize

# LESSON - 2

**Use of 'is / am / are' and 'was / were'. Study the model sentences.**

| | |
|---|---|
| 1. Pakistan is my dear homeland. | 1- پاکستان میرا پیارا وطن ہے۔ |
| 2. I am a Pakistani boy. | 2- میں پاکستانی لڑکا ہوں۔ |
| 3. They are all good students. | 3- وہ تمام اچھے طالبعلم ہیں۔ |
| 4. This is a costly watch. | 4- یہ قیمتی گھڑی ہے۔ |
| 5. These are red flowers. | 5- یہ پھول سرخ ہیں۔ |
| 6. I am fifteen years old. | 6- میری عمر پندرہ برس ہے۔ |
| 7. He was a very cunning man. | 7- وہ بڑا مکار آدمی تھا۔ |
| 8. The novel was on the table. | 8- ناول میز پر تھا۔ |
| 9. Tea was hot. | 9- چائے گرم تھی۔ |
| 10. The top of the hill was high. | 10- پہاڑ کی چوٹی بلند تھی۔ |
| 11. We were all happy. | 11- ہم سب خوش تھے۔ |
| 12. These books were interesting. | 12- یہ کتابیں دلچسپ تھیں۔ |
| 13. Our soldiers were brave. | 13- ہمارے سپاہی بہادر تھے۔ |
| 14. They were my intimate friends. | 14- وہ میرے گہرے دوست تھے۔ |
| 15. Hamid's sons were intelligent. | 15- حمید کے بیٹے ذہین تھے۔ |

**In negative sentences we use 'not' after the verbs:**

| | |
|---|---|
| 1. Books are not on the table. | 1- کتابیں میز پر نہیں ہیں۔ |
| 2. He is not an unlucky man. | 2- وہ بدقسمت آدمی نہیں ہے۔ |
| 3. I am not an old man. | 3- میں بوڑھا آدمی نہیں ہوں۔ |
| 4. All mangoes were not sour. | 4- تمام آم کھٹے نہ تھے۔ |
| 5. These clothes were not dirty. | 5- یہ کپڑے گندے نہ تھے۔ |
| 6. The beggar was not lame. | 6- فقیر لنگڑا نہ تھا۔ |
| 7. There was no light in the street. | 7- گلی میں روشنی نہ تھی۔ |
| 8. This book was not interesting. | 8- یہ کتاب دلچسپ نہ تھی۔ |

**In interrogative sentences or questions, we begin with a helping verb or a question word.**

| | |
|---|---|
| 1. Is the sun hot? | 1- کیا دھوپ تیز ہے؟ |
| 2. Is the water cold? | 2- کیا پانی ٹھنڈا ہے؟ |
| 3. Is apple a sweet fruit? | 3- کیا سیب میٹھا پھل ہے؟ |
| 4. Are the grapes green? | 4- کیا انگور سبز ہیں؟ |
| 5. Why are you sad? | 5- تم افسردہ کیوں ہو؟ |
| 6. Where is he now? | 6- وہ اب کہاں ہے؟ |
| 7. Who was in the garden? | 7- باغ میں کون تھا؟ |
| 8. Am I not faithful? | 8- کیا میں وفادار نہیں ہوں؟ |
| 9. Where were your friends? | 9- تمھارے دوست کہاں تھے؟ |
| 10. How tall were those trees? | 10- وہ درخت کتنے اُونچے تھے؟ |

## Exercise

1- ہم سب مسلمان ہیں۔ 2- احمد دلیر[1] سپاہی ہے۔ 3- کتا اور گھوڑا وفادار[2] جانور ہیں۔ 4- ہر پاکستانی محبّ وطن[3] ہے۔ 5- وہ معزز[4] شہری[5] تھے۔ 6- لاہور باغات کے لیے مشہور[6] ہے۔ 7- کیا وہ کل بیمار تھا؟ 8- آج بہت سے طالبعلم کیوں غیر حاضر ہیں؟ 9- تمھاری ٹیم کے کھلاڑی کہاں ہیں؟ 10- کیا امیر آدمی غریبوں پر مہربان[7] تھا؟ 11- وہ آپ کا کیا لگتا ہے[8]؟ 12- ایک درجن انڈے خراب[9] تھے۔ 13- کیا سب سوال آسان تھے؟ 14- یہ کھلونا خوبصورت نہ تھا۔ 15- ٹیپو سلطان عادل[10] حکمران[11] تھا۔

**Vocabulary:**

1. brave 2. faithful 3. patriot 4. respectable 5. citizen 6. famous 7. kind
8. What is he to you? 9. rotten 10. just 11. ruler

## Exercise

1- کیا اس شہر میں کوئی ہائی سکول ہے؟ 2- کیا امجد دیانتدار[1] آدمی ہے؟ 3- کیا وہ ماہی گیر[2] نہ تھا؟ 4- میں آپ کا شکر گزار[3] ہوں۔ 5- اس کے دونوں بھائی وکیل[4] تھے۔ 6- پاکستان کا سب سے لمبا دریا کون سا ہے؟ 7- کے ٹو کتنی اونچی چوٹی ہے؟ 8- بسوں کے اڈے پر کتنی بسیں تھیں؟ 9- اس کے رشتہ دار[5] کیوں ناراض[6] تھے؟ 10- کیا سب موٹر کاریں خراب[7] تھیں؟ 11- طالبعلم جھوٹا[8] نہ تھا۔ 12- کیا یہ خبر سچی ہے؟ 13- یہ سوال بہت پیچیدہ[9] ہے۔ 14- کیا تمام سوال مشکل[10] تھے؟ 15- ڈاکٹر کب ہسپتال میں تھا؟

**Vocabulary:**

1. honest 2. fisherman 3. thankful 4. lawyer 5. relative 6. angry 7. out of order
8. liar 9. complicated 10. difficult

# LESSON - 3

**Use of 'has' and 'have'. Study the model sentences: (Present tense)**

| | |
|---|---|
| 1. He has a knife. | 1- اس کے پاس ایک چاقو ہے۔ |
| 2. The girl has keys. | 2- لڑکی کے پاس چابیاں ہیں۔ |
| 3. They have many books. | 3- وہ بہت سی کتابیں رکھتے ہیں۔ |
| 4. You have a dog in the house. | 4- آپ کے گھر میں کتّا ہے۔ |
| 5. I have a fine camera. | 5- میرے پاس ایک قیمتی کیمرہ ہے۔ |
| 6. We have a precious watch. | 6- ہمارے پاس ایک قیمتی گھڑی ہے۔ |
| 7. His brother has many kites. | 7- اس کے بھائی کے پاس کئی پتنگیں ہیں۔ |
| 8. The horse has four hoofs. | 8- گھوڑے کے چار سم ہوتے ہیں۔ |
| 9. The beggar has no stick. | 9- فقیر کے پاس لاٹھی نہیں ہے۔ |
| 10. The fruit seller has no apples. | 10- پھل فروش کے پاس سیب نہیں ہیں۔ |
| 11. The passengers have no luggage. | 11- مسافروں کے پاس سامان نہیں ہے۔ |
| 12. Have you ever climbed a tree? | 12- کیا آپ کبھی درخت پر چڑھے ہیں؟ |
| 13. Has the soldier a sharp sword? | 13- کیا سپاہی کے پاس تیز تلوار ہے؟ |
| 14. How many cars has the richman? | 14- امیر آدمی کے پاس کتنی کاریں ہیں؟ |
| 15. Has the poor man no bicycle? | 15- کیا غریب آدمی سائیکل نہیں رکھتا ہے؟ |

**You see both 'has' and 'have' point to be owner of something. We use 'has' for a third person singular subject and 'have' for 'I' and plural subjects.**

## Exercise

1- لڑکوں کے پاس چند[1] کتابیں ہیں۔ 2- میرے بٹوے[2] میں کچھ نہیں۔ 3- کتے کے گلے میں خوبصورت پٹہ[3] ہے۔
4- ہمارے پاس غیر ملکی[4] ریڈیو سیٹ ہے۔ 5- تمھارے پاس قلم کیوں نہیں ہے؟ 6- کیا ہرن کی چار ٹانگیں نہیں ہوتیں؟
7- ان عورتوں کے پاس زیور[5] نہیں ہیں۔ 8- اس غریب لڑکے کے پاس جوتا نہیں ہے۔ 9- کیا تمھارے دوست کے پاس گھڑی نہیں ہے؟ 10- ہمارے پاس نیا مکان ہے۔ 11- امیر آدمی بڑا باغ رکھتا ہے۔ 12- کیا آپ کے پاس لائسنس[6] ہے؟
13- کیا بڑھئی[7] کے پاس آری[8] نہیں ہے؟ 14- لوہار کے پاس ہتھوڑا نہیں ہے۔ 15- کیا مسافروں کے پاس سامان[9] نہیں ہے؟
16- کیا طوطا سرخ چونچ نہیں رکھتا ہے؟

**Vocabulary:**

1. a few 2. purse, wallet 3. collar 4. foreign 5. ornaments 6. license
7. carpenter 8. saw 9. luggage

## Use of 'had' (Past tense)

**Study the model sentences.**

| | |
|---|---|
| 1. He had a stick in his hand. | 1- اس کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی۔ |
| 2. Our garden had a hedge around it. | 2- ہمارے باغ کے اردگرد ایک باڑ تھی۔ |
| 3. The beggar had a bowl. | 3- فقیر کے پاس ایک پیالہ تھا۔ |
| 4. They had no garlands. | 4- ان کے پاس کوئی ہار نہ تھے۔ |
| 5. I had no beautiful picture. | 5- میرے پاس کوئی خوبصورت تصویر نہ تھی۔ |
| 6. You had no dog in the house. | 6- آپ کے گھر میں کوئی کتّا نہیں تھا۔ |
| 7. My brother had no land. | 7- میرے بھائی کے پاس کوئی زمین نہ تھی۔ |
| 8. The servant had ten rupees. | 8- نوکر کے پاس دس روپے تھے۔ |
| 9. The farmer had two oxen. | 9- کسان کے پاس دو بیل تھے۔ |
| 10. Had they any honey? | 10- کیا ان کے پاس کچھ شہد تھا؟ |
| 11. How long a piece of cloth had the girl? | 11- لڑکی کے پاس کپڑے کا کتنا لمبا ٹکڑا تھا؟ |
| 12. Had this shopkeeper no sugar? | 12- کیا اس دوکاندار کے پاس چینی نہ تھی؟ |
| 13. Had the king a crown on his head? | 13- کیا بادشاہ سر پر تاج رکھتا تھا؟ |
| 14. Had the fisherman a strong net? | 14- کیا ماہی گیر کے پاس ایک مضبوط جال تھا؟ |

**We find that 'had' is used to show possession or ownership of something in the past.**

## Exercise

1- کسان کے پاس درانتی[1] نہ تھی۔ 2- تمھارے بھائی کے پاس پستول[2] نہ تھا۔ 3- ہمارے نوکر کے پاس بندوق کا لائسنس نہیں تھا۔
4- ان کے پاس ایک نیا ہل تھا۔ 5- وہ چلے گئے تھے؟ 6- بارش ہوئی تھی؟ 7- ننھی کے پاس ایک عجیب گڑیا تھی۔
8- اصغر کے پاس کتنے لٹو تھے؟ 9- ہمارے پاس کوئی شکاری کتا[5] نہ تھا؟ 10- کیا اس شہر کا گھنٹہ گھر[6] تھا؟ 11- اس دریا پر پُل کیوں نہ تھا؟ 12- سپاہی وردی کیوں نہیں رکھتا تھا؟ 13- گارڈ کے پاس دو جھنڈیاں تھیں۔ 14- کھلاڑیوں کے پاس سامان نہ تھا۔
15- کیا اس گائے کے سینگ[7] نہ تھے؟ 16- کیا جہاز میں کوئی مسافر نہ تھا؟ 17- آپ کے مکان کا تالہ نہ تھا۔
18- میرے سائیکل کے ساتھ گھنٹی نہ تھی۔ 19- سکول کا چپڑاسی نہ تھا۔ 20- سکول کے دفتر میں قائداعظم کی بڑی تصویر تھی۔

**Vocabulary:**

1. sickle 2. pistol 3. bridle 4. saddle 5. hound 6. clock tower 7. horns

## LESSON – 4

### PRESENT INDEFINITE TENSE (ACTIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. He reads good books. | 1- وہ اچھی کتابیں پڑھتا ہے۔ |
| 2. Nasima always speaks the truth. | 2- نسیمہ ہمیشہ سچ بولتی ہے۔ |
| 3. They come to school in time. | 3- وہ وقت پر سکول آتے ہیں۔ |
| 4. You take a bath daily. | 4- آپ ہر روز نہاتے ہیں۔ |
| 5. I get up early in the morning. | 5- میں صبح سویرے اُٹھتا ہوں۔ |
| 6. We do our work ourselves. | 6- ہم اپنا کام خود کرتے ہیں۔ |
| 7. The goat gives milk. | 7- بکری دودھ دیتی ہے۔ |
| 8. Parrots talk. | 8- طوطے باتیں کرتے ہیں۔ |
| 9. The shoemakers make shoes. | 9- جوتے ساز جوتے بناتے ہیں۔ |
| 10. Karim cleans his teeth. | 10- کریم اپنے دانت صاف کرتا ہے۔ |
| 11. You deal in sugar. | 11- آپ چینی کا کاروبار کرتے ہیں۔ |
| 12. I wear new clothes. | 12- میں نئے کپڑے پہنتی ہوں۔ |
| 13. Girls sing songs. | 13- لڑکیاں گیت گاتی ہیں۔ |
| 14. Hard working students get prizes. | 14- محنتی طالب علم انعام پاتے ہیں۔ |
| 15. Najma washes the clothes clean. | 15- نجمہ کپڑے اُجلے دھوتی ہے۔ |

**We see that the third person singular subject takes the first form of verb with 's' or 'es' but the plural and 'I' take the first form without 's' or 'es'.**

## Exercise

1- گیدڑ شام کو چیختے[1] ہیں۔ 2- میں اپنے بھائی سے پیار کرتا ہوں۔ 3- ہم روزاخبار پڑھتے ہیں۔ 4- اسلم عید پر نئے جوتے خریدتا ہے۔ 5- غریب آدمی مشکل سے گزر بسر[2] کرتا ہے۔ 6- امیر آدمی غریبوں کو حقارت کی نگاہ[3] سے دیکھتا ہے۔ 7- مرغیاں سارا سال انڈے دیتی ہیں۔ 8- آپ دسویں جماعت کو انگریزی پڑھاتے ہیں۔ 9- میں تیرنا جانتا ہوں۔ 10- یہ لڑکا ہمیشہ شور کرتا ہے۔ 11- خدا اُن کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔ 12- ہم بنک سے روپیہ ہر روز نکلواتے ہیں۔ 13- تم جھوٹے

بہانے بناتے ہو۔ 14- ڈوبتے کو تنکے کا سہارا۔ 15- سورج مغرب میں غروب ہوتا ہے۔

**Vocabulary:**

1. howl 2. lives from hand to mouth 3. looks down upon

## Exercise

1- ہم کبھی کبھی[1] عجائب گھر جاتے ہیں۔ 2- بچے چڑیا گھر کی سیر سے لطف[2] اُٹھاتے ہیں۔ 3- میرا دوست مجھے ہمیشہ صحیح مشورہ[3] دیتا ہے۔ 4- جو محنت کرتا ہے اس کا پھل پاتا ہے۔ 5- آپ ہر سال ہزار روپے ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ 6- میں بل کی ادائیگی ہر ماہ کی دس تاریخ تک کر دیتا ہوں۔ 7- یہ قصاب[4] کم تولتا ہے۔ 8- یہ دوکاندار گھٹیا مال[5] بیچتا ہے۔ 9- لالچی[6] آدمی کالا دھن[7] کماتا ہے۔ 10- غریب ڈاکیا بڑی مشکل سے گزر بسر کرتا[8] ہے۔ 11- شکاری ہر پرندے پر نشانہ باندھتا[9] ہے۔ 12- ڈاکٹر مریض کو آرام کا مشورہ دیتا[10] ہے۔ 13- کسان آج کل گندم کی فصل کاٹتا ہے۔ 14- وہ اچھے آدمیوں میں اُٹھتا بیٹھتا ہے۔ 15- یہ شخص ہر آدمی کو دھوکہ دیتا ہے۔

**Vocabulary:**

1. now and then 2. enjoy 3. advice 4. butcher 5. substandard goods 6. greedy 7. black money 8. hardly makes both ends meet 9. to take aim 10. to suggest

## NEGATIVE SENTENCES

**While translating negative sentences' we use 'does not' for third person singular subject and 'do not' for plural subject and 'I' are followed by the first form of verb.**

| | |
|---|---|
| 1. He does not take exercise regularly. | 1- وہ باقاعدہ ورزش نہیں کرتا ہے۔ |
| 2. She does not always speak the truth. | 2- وہ ہمیشہ سچ نہیں بولتی ہے۔ |
| 3. They do not do their own work. | 3- وہ اپنا کام آپ نہیں کرتے ہیں۔ |
| 4. You do not go for a walk in the evening. | 4- آپ شام کو سیر کے لیے نہیں جاتے۔ |
| 5. I do not wish to meet him. | 5- میں اس سے ملنے کی خواہش نہیں رکھتا۔ |
| 6. We do not like boxing. | 6- ہم مکے بازی کا کھیل پسند نہیں کرتے ہیں۔ |
| 7. The goat does not eat meat. | 7- بکری گوشت نہیں کھاتی۔ |
| 8. He does not hate anyone. | 8- وہ کسی سے نفرت نہیں کرتا ہے۔ |
| 9. The girl does not call her mother. | 9- لڑکی اپنی امی کو نہیں بلاتی ہے۔ |
| 10. Horses do not run in the desert. | 10- گھوڑے ریگستان میں نہیں دوڑتے ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| 11. We do not boast of our ability. | 11- ہم اپنی قابلیت کی لاف نہیں مارتے ہیں۔ |
| 12. We do not run this factory. | 12- ہم یہ کارخانہ نہیں چلاتے ہیں۔ |
| 13. Your brother does not look after the cow. | 13- تمھارا بھائی گائے کی دیکھ بھال نہیں کرتا ہے۔ |
| 14. Good boys do not abuse anyone. | 14- اچھے لڑکے کسی کو گالی نہیں دیتے ہیں۔ |
| 15. Good friends do not cheat. | 15- اچھے دوست دھوکا نہیں دیتے ہیں۔ |

## Exercise

1- وہ گناہ [1] پر نہیں پچھتاتا [2] ہے۔ 2- آپ اپنی غلطی کو تسلیم [3] نہیں کرتے ہیں۔ 3- غیر دلچسپ کتابیں ہاتھوں ہاتھ نہیں بکتی ہیں۔ 4- ستارے دن میں نہیں چمکتے ہیں۔ 5- وہ میری بات نہیں سنتا ہے۔ 6- میں اس اجنبی کو نہیں پہچانتا [4] ہوں۔ 7- ہم آپ کو نہیں جانتے ہیں۔ 8- سب لڑکے شرارت نہیں کرتے ہیں۔ 9- دانا آدمی ایسی غلطی نہیں کرتا ہے۔ 10- سورج زمین کے گرد چکر نہیں لگاتا ہے۔ 11- چاند آج کل شام کو نمودار [5] نہیں ہوتا ہے۔ 12- لکڑی پانی میں نہیں ڈوبتی [6] ہے۔ 13- لوہے کا ٹکڑا پانی پر نہیں تیرتا [7] ہے۔ 14- اکبر کچھ جمع [8] نہیں کرتا ہے۔ 15- ہم کسی کو خواہ مخواہ [9] تنگ [10] نہیں کرتے ہیں۔

**Vocabulary:**

1. sin 2. to repent 3. to admit 4. to recognise 5. appear 6. sink 7. float
8. to save 9. without reason 10. to tease

## INTERROGATIVE SENTENCES

**In the interrogative sentences, the question word with 'do' or 'does' comes before the subject.**

## Exercise

1- بچے آنکھ مچولی [1] کہاں کھیلتے ہیں؟ 2- ڈاکیا اس گلی میں کب آتا ہے؟ 3- تم اس کے یہاں قیام [2] پر کیوں اعتراض [3] کرتے ہو؟ 4- کیا بادل زور سے گرجتا [4] ہے؟ 5- کیا گرمیوں میں اولے [5] پڑتے ہیں؟ 6- وہ اپنی آمدن [6] سے زیادہ کیوں خرچ کرتا ہے؟ 7- کیا وہ اپنے کیے پر شرم محسوس [7] کرتا ہے؟ 8- کیا بشیر رات گئے تک [8] آوارہ گردی [9] کرتا ہے؟ 9- نسیمہ اپنے ماموں کے ہاں کتنا عرصہ ٹھہرتی ہے؟ 10- فوج کہاں پڑاؤ [10] کرتی ہے؟ 11- کیا آپ مٹھائیوں پر پھلوں کو ترجیح [11] دیتے ہیں؟ 12- کیا لوگ وقت کو اہم [12] سمجھتے ہیں؟ 13- یہ طلبہ وقت کیوں ضائع کرتے ہیں؟ 14- مرغا کب اذان دیتا ہے؟
15- کیا آپ کی بیٹی بڑوں کا احترام کرتی ہے؟

**Vocabulary:**

1. hide and seek 2. stay 3. to object 4. to thunder 5. to hail 6. income
7. feel ashamed 8. till late night 9. to wander 10. to encamp 11. to prefer 12. important

## Exercise

1- کیا وہ لومڑ کی قیمت مناسب [1] طلب [2] کرتا ہے؟ 2 - کپڑے کا تاجر کم ناپ [3] کیوں دیتا ہے؟ 3- کیا تمام طلبہ ڈاک کے

ٹکٹ[4] جمع[5] کرتے ہیں؟ 4- کیا امیر آدمی دونوں ہاتھوں سے دولت لٹاتا[6] ہے؟ 5- تم سائیکل خریدنے پر کیوں اصرار[7] کرتے ہو؟ 6- کیا یہ لڑکی رات کو دیر سے سوتی ہے؟ 7- پرندے کب چہچہاتے[8] ہیں؟ 8- عرس پر لوگ کیوں گاتے اور ناچتے ہیں؟ 9- کیا وہ کسی کی پرواہ[9] نہیں کرتے ہیں؟ 10- آپ کس قسم کے خواب دیکھتے ہیں؟ 11- تم ترجمے کی مشقیں مجھے کیوں نہیں دکھاتے ہو؟ 12- کیا وہ اپنی غلطی[10] مانتا[11] ہے؟ 13 - کیا یہ جماعت اپنے کام میں دلچسپی لیتی ہے؟ 14- کیا پاکستان میں بارش صرف موسم گرما میں ہوتی ہے؟ 15- پہاڑوں پر کس موسم میں برفباری[12] ہوتی ہے؟

**Vocabulary:**

1. reasonable 2. demand 3. short measure 4. postage stamps 5. to collect
6. spend lavishly 7. insist 8. chirp 9. care for 10. mistake 11. to admit
12. snow

## PRESENT CONTINUOUS TENSE (ACTIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. People are going to Changa Manga for picnic. | 1- لوگ تفریح کے لیے چھانگا مانگا جا رہے ہیں۔ |
| 2. The boy is preparing well for the examination. | 2- لڑکا امتحان کی تیاری اچھی طرح کر رہا ہے۔ |
| 3. The chicks are running. | 3- چوزے بھاگ رہے ہیں۔ |
| 4. I am making the map of Pakistan. | 4- میں پاکستان کا نقشہ بنا رہی ہوں۔ |
| 5. The milk man is milking the cow. | 5- گوالہ گائے کا دودھ دوھ رہا ہے۔ |
| 6. The boys are throwing stones at the frogs. | 6- بچے مینڈکوں پر پتھر پھینک رہے ہیں۔ |
| 7. My friends are encouraging me. | 7- میرے ساتھی میری ہمت بندھا رہے ہیں۔ |
| 8. The fishermen are catching fish. | 8- ماہی گیر مچھلیاں پکڑ رہے ہیں۔ |
| 9. Amjad is winding the watch. | 9- امجد گھڑی کو چابی دے رہا ہے۔ |
| 10. The police is running after the thief. | 10- پولیس چور کے پیچھے بھاگ رہی ہے۔ |
| 11. We are printing a new book. | 11- ہم ایک نئی کتاب چھاپ رہے ہیں۔ |
| 12. This cloth is selling cheap. | 12- یہ کپڑا سستا بِک رہا ہے۔ |
| 13. The rich man is giving alms. | 13- امیر آدمی خیرات دے رہا ہے۔ |
| 14. The beggar is counting coins. | 14- فقیر سکے گِن رہا ہے۔ |
| 15. He is turning the tap on. | 15- وہ نلکے کی ٹوٹی کھول رہا ہے۔ |
| 16. I am looking for my watch. | 16- میں اپنی گھڑی تلاش کر رہا ہوں۔ |

**We see in translating sentences belonging to present continuous tense we use 'is', 'am' or 'are' with first form of the verb adding 'ing'.**

## Exercise

1- بوندا باندی[1] ہو رہی ہے۔ 2- کنواں[2] چل[3] رہا ہے۔ 3- میں اس وقت آرام[4] کر رہا ہوں۔ 4- چولھے[5] سے دُھواں[6] اُٹھ[7] رہا ہے۔ 5- ہم پرانے سکے جمع[8] کر رہے ہیں۔ 6- مجھے چکر[9] آ رہے ہیں۔ 7- آپ اپنے دوست کو الوداع[10] کہہ رہے ہیں۔ 8- وہ دریا میں غوطہ[11] لگا رہا ہے۔ 9- بچے شور مچا رہے ہیں۔ 10- اکبر گندم کاٹ رہا ہے۔ 11- عورت دودھ اُبال[12] رہی ہے۔ 12- طلبہ سکول کو سجا[13] رہے ہیں۔ 13- وہ مجھے ملنے آ رہا ہے۔ 14- حکومت نئے سکول کھول رہی ہے۔ 15- پاکستان دن دوگنی رات چوگنی[14] ترقی[15] کر رہا ہے۔

**Vocabulary:**

1. drizzling 2. persian wheel 3. to work 4. to take a rest 5. hearth 6. smoke
7. rise 8. to collect 9. to feel dizzy 10. to say goodbye 11. dive 12. to boil
13. decorate 14. by leaps and bounds 15. to progress

## NEGATIVE SENTENCES

**In case of negative sentences we use 'not' after 'is', 'am' or 'are' with first form of the verb, followed by 'ing'.**

| | |
|---|---|
| 1. The rickshaw is not coming this way. | -1 رکشا اس طرف نہیں آ رہا ہے۔ |
| 2. People are not going to the airport. | -2 لوگ ہوائی اڈے پر نہیں جا رہے ہیں۔ |
| 3. Children are not making a noise. | -3 بچے شور نہیں کر رہے ہیں۔ |
| 4. I am not telling him the secret. | -4 میں اس کو راز نہیں بتا رہا ہوں۔ |
| 5. We are not waiting for anyone here. | -5 ہم یہاں کسی کا انتظار نہیں کر رہے ہیں۔ |
| 6. She is not smiling. | -6 وہ مسکرا نہیں رہی ہے۔ |
| 7. The dogs are not fighting over the bone. | -7 کتے ہڈی پر نہیں لڑ رہے ہیں۔ |
| 8. We are not dividing the property. | -8 ہم جائیداد تقسیم نہیں کر رہے ہیں۔ |
| 9. You are not co-operating with your companion. | -9 تم اپنے ساتھی سے تعاون نہیں کر رہے ہو۔ |
| 10. The noble man is not looking down upon you. | -10 شریف آدمی تمھیں حقارت سے نہیں دیکھ رہا ہے۔ |
| 11. He is not facing the danger bravely. | -11 وہ خطرے کا سامنا دلیری سے نہیں کر رہا ہے۔ |
| 12. The driver is not driving the car fast. | -12 ڈرائیور موٹر کار تیز نہیں چلا رہا ہے۔ |
| 13. I am not making tea. | -13 میں چائے نہیں بنا رہی ہوں۔ |
| 14. Children are not catching butterflies. | -14 بچے تتلیاں نہیں پکڑ رہے ہیں۔ |
| 15. I am not wasting time. | -15 میں وقت ضائع نہیں کر رہا ہوں۔ |

## Exercise

1- آپ مجھے اپنا پتہ[1] نہیں بتا رہے ہیں۔ 2- وہ جلوس[2] کی قیادت[3] نہیں کر رہا ہے۔ 3- گورنر جلسے کی صدارت نہیں کر رہا ہے۔ 4- وہ دیانتداری[4] سے کام نہیں کر رہا ہے۔ 5- تم میری رائے[5] پر نکتہ چینی[6] نہیں کر رہے ہو۔ 6- یہ افسر اپنے فرائض[7] سے غفلت[8] نہیں برت رہا ہے۔ 7- مزدور کام سے جی نہیں چرا رہے ہیں۔ 8- ہم پھول نہیں سونگھ[9] رہے ہیں۔ 9- لڑکیاں جماعت میں اُونگھ[10] نہیں رہی ہیں۔ 10- وہ اپنے گناہ[11] پر شرمندہ نہیں ہو رہا ہے۔ 11- باورچی کھانا نہیں پکا رہا ہے۔ 12- لڑکے گنے کا رس نہیں پی رہے ہیں۔ 13- عورت مدد کے لیے نہیں پکار رہی ہے۔ 14- امجد کپڑے نہیں بدل رہا ہے۔ 15- عورت چکی[12] نہیں چلا[13] رہی ہے۔

**Vocabulary:**

1. address 2. procession 3. to lead 4. honestly 5. opinion 6. to criticise 7. duties 8. to neglect 9. to smell 10. to doze 11. sin 12. grinding stone 13. to work

## INTERROGATIVE SENTENCES

**When we translate interrogative sentences, 'is', 'am' or 'are' is used before the subject but after the question word as given in the following sentences:**

| | |
|---|---|
| 1. Is the baby sleeping? | 1- کیا بچہ سو رہا ہے؟ |
| 2. Are you listening to the news? | 2- کیا تم خبریں سن رہے ہو؟ |
| 3. Are the players playing the match? | 3- کیا کھلاڑی میچ کھیل رہے ہیں؟ |
| 4. Is Salma going to her aunt's house? | 4- کیا سلمہ اپنی خالہ کے گھر جا رہی ہے؟ |
| 5. Where are the people dancing? | 5- لوگ کہاں ناچ رہے ہیں؟ |
| 6. Why are the students coming back early from school? | 6- طلبہ سکول سے جلدی واپس کیوں آ رہے ہیں؟ |
| 7. Why is the plane landing here? | 7- ہوائی جہاز یہاں کیوں اُتر رہا ہے؟ |
| 8. Is your watch losing five minutes daily? | 8- کیا تمھاری گھڑی روزانہ پانچ منٹ پیچھے رہ رہی ہے؟ |
| 9. Who is ringing the bell? | 9- گھنٹی کون بجا رہا ہے؟ |
| 10. When are the guests arriving here? | 10- مہمان کب یہاں پہنچ رہے ہیں؟ |
| 11. How many persons are considering this matter? | 11- کتنے آدمی اس معاملے پر غور کر رہے ہیں؟ |
| 12. Am I not addressing you? | 12- کیا میں آپ کو مخاطب نہیں کر رہا ہوں؟ |
| 13. Whom is the nurse talking to? | 13- نرس کس سے باتیں کر رہی ہے؟ |
| 14. How is the doctor injecting the patient? | 14- ڈاکٹر مریض کو ٹیکہ کیسے لگا رہا ہے؟ |
| 15. How many lawyers are arguing? | 15- کتنے وکیل بحث کر رہے ہیں؟ |

## Exercise

1- کیا چاند نکل رہا ہے؟ 2- کیا بُرے لڑکے بسوں پر پتھر پھینک رہے ہیں؟ 3- کیا مزدور مٹی کھود[1] رہے ہیں؟ 4- تم اپنا مکان کیوں بیچ رہے ہو؟ 5- کیا بشیر نیا موٹر سائیکل خرید رہا ہے؟ 6- عورتیں کپڑے کہاں دھو رہی ہیں؟ 7- کتنے آدمی اس کاروبار[2] میں شریک[3] ہو رہے ہیں؟ 8- تم بینک سے کتنا روپیہ نکلوا[4] رہے ہو؟ 9- مجھے رات کے کھانے پر کون دعوت دے رہا ہے؟ 10- بچارے پناہ گزین[5] کہاں جا رہے ہیں؟ 11- کیا دوکاندار گاہک سے زیادہ پیسے وصول[6] کر رہا ہے؟ 12- تم کس کا پیغام لے کر جا رہے ہو؟ 13- ٹھیکیدار کب سے کام شروع کر رہا ہے؟ 14- دروازہ کون کھٹکھٹا رہا ہے؟ 15- تم کون سا رسالہ[7] پڑھ رہے ہو؟

**Vocabulary:**

1. to dig 2. business 3. to join 4. withdraw 5. refugees 6. to over charge 7. magazine

## PRESENT PERFECT TENSE (ACTIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. That boy has learnt the lesson. | 1- اُس لڑکے نے سبق یاد کرلیا ہے۔ |
| 2. That girl has written the story. | 2- اُس لڑکی نے کہانی لکھ لی ہے۔ |
| 3. They have taught the poem. | 3- وہ نظم پڑھا چکے ہیں۔ |
| 4. You have finished your work. | 4- آپ اپنا کام ختم کر چکے ہیں۔ |
| 5. I have taken my breakfast. | 5- میں ناشتہ کر چکا ہوں۔ |
| 6. We have heard the songs. | 6- ہم نے گیت سُن لیے ہیں۔ |
| 7. The dog has caught the rabbit. | 7- کتے نے خرگوش کو پکڑ لیا ہے۔ |
| 8. The rats have made holes in the wall. | 8- چوہوں نے دیواروں میں بل بنا لیے ہیں۔ |
| 9. The boys have stolen eggs from the nest. | 9- لڑکوں نے گھونسلے سے انڈے چُرا لیے ہیں۔ |
| 10. The rainy season has set in. | 10- موسم برسات شروع ہو چکا ہے۔ |
| 11. The winter has come to an end. | 11- موسم سرما ختم ہو چکا ہے۔ |
| 12. Plants have grown into trees. | 12- پودے بڑھ کر درخت بن چکے ہیں۔ |
| 13. The poor man has grown rich. | 13- غریب آدمی امیر ہو چکا ہے۔ |
| 14. Amjad has won the prize. | 14- امجد انعام حاصل کر چکا ہے۔ |
| 15. We have accepted the invitation. | 15- ہم نے دعوت قبول کر لی ہے۔ |

**We find that singular subject takes 'has' and the third form of verb, while the plural subject takes 'have' and the third form.**

## Exercise

1- کلاک چار بجا[1] چکا ہے۔ 2- اُمیدوار[2] پرچہ حل[3] کر چکے ہیں۔ 3- مہمان خصوصی[4] انعام تقسیم کر چکا ہے۔ 4- پرنسپل نے
طلبہ کو اسناد[5] دے دی ہیں۔ 5- ٹیمیں میچ کھیل چکی ہیں۔ 6- عدالت میرے حق[6] میں فیصلہ دے چکی ہے۔ 7- بورڈ نے نتیجہ کا
اعلان[7] کر دیا ہے۔ 8- چور گھر میں نقب[8] لگا چکے ہیں۔ 9- میں یہ تصویر بیچ چکا ہوں۔ 10- نسیمہ نے امتحان پاس کر لیا ہے۔
11- بشیر وظیفہ[9] حاصل کر چکا ہے۔ 12- تمام پرندے اُڑ چکے ہیں۔ 13- ہم بندوق چلا چکے ہیں۔ 14- میچ بغیر ہار جیت[10] کے
ختم ہو چکا ہے۔ 15- فوج نے قلعے پر قبضہ[11] کر لیا ہے۔

**Vocabulary:**

1. to strike 2. candidates 3. to solve 4. guest of honour 5. certificates 6. in my favour 7. to declare 8. to break into 9. scholarship 10. to end in a draw 11.to capture

## NEGATIVE SENTENCES

**While translating negative sentences we use 'not' between 'has' or 'have' and the third form of verb as the following sentences show:**

| | |
|---|---|
| 1. He has not torn the book. | 1- اس نے کتاب نہیں پھاڑی ہے۔ |
| 2. They have not waited for us. | 2- انھوں نے ہمارا انتظار نہیں کیا ہے۔ |
| 3. The principal has not closed the school. | 3- پرنسپل نے سکول بند نہیں کیا ہے۔ |
| 4. We have not taken tea. | 4- ہم چائے پی نہیں چکے ہیں۔ |
| 5. The train has not started. | 5- گاڑی روانہ نہیں ہوئی ہے۔ |
| 6. The mason has not left the work incomplete. | 6- مستری نے کام ادھورا نہیں چھوڑا ہے۔ |
| 7. The king has not taken off the crown. | 7- بادشاہ نے تاج نہیں اُتارا ہے۔ |
| 8. The hen has not laid the egg. | 8- مرغی انڈا نہیں دے چکی ہے۔ |
| 9. The peacock has not danced in the forest. | 9- مور جنگل میں نہیں ناچا ہے۔ |
| 10. The sun has not set in. | 10- سورج ڈوب نہیں چکا ہے۔ |
| 11. The patient has not taken the medicine. | 11- مریض نے دوائی نہیں پی ہے۔ |
| 12. The labourers have not gone on strike. | 12- مزدوروں نے ہڑتال نہیں کی ہے۔ |
| 13. The women have not made up the bride. | 13- عورتوں نے دلہن کو نہیں سنوارا ہے۔ |
| 14. The bridegroom has not put on new clothes. | 14- دولہے نے نئے کپڑے نہیں پہنے ہیں۔ |
| 15. The roof has not given way. | 15- چھت نہیں گری ہے۔ |

## Exercise

1- انھوں نے گمشدہ[1] بچے کی تلاش نہیں کی ہے۔ 2- آپ نے میری درخواست منظور نہیں کی ہے۔ 3- عدالت نے ملزم کی درخواست پر غور[2] نہیں کیا ہے۔ 4- اس نے اپنی بیوی پر اعتماد[3] نہیں کیا ہے۔ 5- چوکیدار نے اپنا فرض ادا نہیں کیا ہے۔ 6- تمام مہمان نہیں آ چکے ہیں۔ 7- کھلاڑیوں کو سرد مشروب[4] نہیں دیے گئے ہیں۔ 8- کامیاب اُمیدوار کو اسناد نہیں دی گئی ہیں۔ 9- اچھے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی[5] نہیں کی گئی ہے۔ 10- ہمارے دوست نے ہم سے مشورہ[6] نہیں کیا ہے۔ 11- سپاہی نے افسر کا حکم نہیں مانا ہے۔ 12- دشمن نے ہتھیار[7] نہیں ڈالے[8] ہیں۔ 13- ہماری فوج نے پسپائی[9] اختیار نہیں کی ہے۔
14- میرے دوستوں نے مجھے چائے نہیں دی ہے۔ 15- پولیس نے اسے رنگے ہاتھوں[10] نہیں پکڑا ہے۔

**Vocabulary:**

1. lost 2. to consider 3. to trust 4. cold drink 5. encourage 6. to consult
7. arms 8. to lay down 9. to retreat 10. to catch red handed

## INTERROGATIVE SENTENCES

**In translating the interrogative sentences, we use 'has', 'have' or question word in the beginning of the sentence, followed by the third form of verb, such as:**

| | |
|---|---|
| 1. Have you finished your work? | 1- کیا تم کام ختم کر چکے ہو؟ |
| 2. Has this boy passed the examination? | 2- کیا یہ لڑکا امتحان پاس کر چکا ہے؟ |
| 3. Has the hunter caught the birds? | 3- کیا شکاری پرندے پکڑ چکا ہے؟ |
| 4. Where have you seen this man? | 4- تم نے اس آدمی کو کہاں دیکھا ہے؟ |
| 5. When has your friend married? | 5- آپ کے دوست نے کب شادی کی ہے؟ |
| 6. Has his son killed a snake? | 6- کیا اسکے بیٹے نے سانپ کو مار ڈالا ہے؟ |
| 7. How have you saved a drowning child? | 7- آپ نے ڈوبتے ہوئے بچے کو کس طرح بچایا ہے؟ |
| 8. Have the robbers made good escape? | 8- کیا ڈاکو صاف بچ کر نکل گئے ہیں؟ |
| 9. Has he not taken the revenge of his insult? | 9- کیا اس نے اپنی بے عزتی کا بدلہ نہیں لیا ہے؟ |
| 10. Has Akbar not neglected his duty? | 10- کیا اکبر نے اپنے فرض سے غفلت نہیں برتی ہے؟ |
| 11. Why have they not completed their work? | 11- انھوں نے اپنا کام مکمل کیوں نہیں کیا ہے؟ |
| 12. Why have you spent all your income? | 12- تم نے اپنے ساری آمدنی کیوں خرچ کر دی ہے؟ |
| 13. Where has he made his maiden speech? | 13- اس نے اپنی پہلی تقریر کہاں کی ہے؟ |
| 14. Have they displayed firework on the occasion of graduation? | 14- کیا انھوں نے گریجویشن پر آتشبازی کا مظاہرہ کیا ہے؟ |
| 15. Has your brother reached the top of the hill? | 15- کیا تمھارا بھائی پہاڑ کی چوٹی پر پہنچ چکا ہے؟ |

## Exercise

1- کیا تم بازی[1] جیت چکے ہو؟ 2- کیا تمھارے ساتھی[2] بھاگ چکے ہیں؟ 3- ڈاکوؤں نے امیر آدمی کو کہاں لوٹا ہے؟ 4- آپ نے میرے لیے ٹکٹ کیوں خریدا ہے؟ 5- اس بچے کو کس نے بگاڑا[3] ہے؟ 6- لڑکی نے بوتل کیوں توڑ دی ہے؟ 7- وہ چھت سے کیسے گرا ہے؟ 8- کیا اسلم کو کھوئی ہوئی رقم[4] واپس مل گئی ہے؟ 9- پولیس مکان میں کیوں داخل ہوئی ہے؟ 10- کیا جھیل[5] میں پانی جم[6] چکا ہے؟ 11- تم نے استعفیٰ[7] کیوں دے دیا ہے؟ 12- کیا اس نے بندوق بھر لی[8] ہے؟ 13- آپ نے روپیہ کہاں رکھا ہے؟ 14- کیا اس نے گاؤں ہمیشہ کے لیے چھوڑ دیا ہے؟ 15- کیا ہم نے اپنا دعویٰ[9] ثابت[10] کر دیا ہے؟

**Vocabulary:**

1. games 2. companions 3. to spoil 4. money 5. lake 6. to freeze
7. to resign 8. to load 9. claim 10. to prove

## PRESENT PERFECT CONTINUOUS TENSE (ACTIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. People have been coming to the park since morning. | 1- لوگ صبح سے سیر گاہ آ رہے ہیں۔ |
| 2. The players have been playing football since 4 o' clock. | 2- کھلاڑی چار بجے سے فٹ بال کھیل رہے ہیں۔ |
| 3. The child has been weeping for two hours. | 3- بچہ دو گھنٹے سے رو رہا ہے۔ |
| 4. The girl has been taking medicine for three days. | 4- لڑکی تین دن سے دوائی پی رہی ہے۔ |
| 5. The student has been working hard for four months. | 5- طالبعلم چار ماہ سے محنت کر رہا ہے۔ |
| 6. The girls have been coming to college for two years. | 6- لڑکیاں دو سال سے کالج آ رہی ہیں۔ |
| 7. The teacher has been teaching since 8 o' clock. | 7- استاد آٹھ بجے سے پڑھا رہا ہے۔ |
| 8. Asghar has been taking a bath for fifteen minutes. | 8- اصغر پندرہ منٹ سے نہا رہا ہے۔ |
| 9. We have been waiting for you for several hours. | 9- ہم کئی گھنٹے سے آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔ |
| 10. People have been gathering to welcome the President since evening. | 10- لوگ شام سے صدر کا استقبال کرنے کے لیے جمع ہو رہے ہیں۔ |
| 11. He has been living in this house since 1982. | 11- وہ 1982ء سے اس مکان میں رہ رہا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| 12. The miser has been saving every penny for five years. | 12- کنجوس پانچ سال سے ایک ایک پیسہ جمع کر رہا ہے۔ |
| 13. Aslam has been flying the kite since noon. | 13- اسلم دوپہر سے پتنگ اڑا رہا ہے۔ |
| 14. All the friends have been travelling together since Tuesday. | 14- سب دوست منگل سے اکٹھے سفر کر رہے ہیں۔ |
| 15. We have been preparing to go back since yesterday. | 15- ہم کل سے واپس جانے کی تیاری کر رہے ہیں۔ |

## Exercise

1- اکبر کئی گھنٹے سے پہاڑے[1] یاد کر رہا ہے۔ 2- تم چھ بجے سے دوستوں کو خط لکھ رہے ہو۔ 3- مریض دس منٹ سے چیخ رہا ہے۔ 4- ڈاکٹر دس منٹ سے مریض کا معائنہ[2] کر رہا ہے۔ 5- چوکیدار پانچ گھنٹے سے پہرہ[3] دے رہا ہے۔ 6- تم پانچ منٹ سے چاقو تیز[4] کر رہے ہو۔ 7- کسان دو ماہ سے فصل کی کٹائی کر رہا ہے۔ 8- نقشہ نویس[5] ایک ہفتے سے عمارت کا نقشہ بنا رہے ہیں۔ 9- کھلاڑی کئی دن سے میچ کھیلنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ 10- میں بدھ سے ٹی وی کی مرمت کر رہا ہوں۔ 11- وہ 1983ء سے پنشن لے رہا ہے۔ 12- کچھ لوگ شام سے نمائش[6] کا لطف اُٹھا رہے ہیں۔ 13- سب لوگ ایک گھنٹے سے ایک دوسرے سے بغل گیر[7] ہو رہے ہیں۔ 14- لڑکیاں سات بجے سے ہار[8] بنا رہی ہیں۔ 15- تمام مسلمان یکم رمضان سے روزے[9] رکھ رہے ہیں۔

**Vocabulary:**

1. tables 2. to examine 3. to keep watch 4. to sharpen 5. draftsmen
6. exhibition 7. to embrace 8. garland 9. fasting

### NEGATIVE SENTENCES

**In translating negative sentences we use, 'not' between 'has been' or 'have been' and the first form of verb with 'ing'.**

| | |
|---|---|
| 1. The boatmen have not been leaving their boats for two hours. | 1- ملاح دو گھنٹے سے اپنی کشتیاں چھوڑ کر نہیں جا رہے ہیں۔ |
| 2. He has not been taking exercise for two days. | 2- وہ دو دن سے ورزش نہیں کر رہا ہے۔ |
| 3. The passengers have not been burning fire since evening. | 3- مسافر شام سے آگ نہیں جلا رہے ہیں۔ |
| 4. The idle students have not been working for many days. | 4- نکمے طالبعلم کئی دنوں سے کام نہیں کر رہے ہیں۔ |

5. The tailor has not been sewing clothes since Tuesday.

5- درزی منگل سے کپڑے نہیں سی رہا ہے۔

6. The hunter has not been setting trap for several months.

6- شکاری کئی ماہ سے جال نہیں بچھا رہا ہے۔

7. These boys have not been making mischief for three days.

7- یہ لڑکے تین دن سے شرارت نہیں کر رہے ہیں۔

8. The police has not been patrolling the city since Monday.

8- پولیس سوموار سے شہر میں گشت نہیں کر رہی ہے۔

9. They have not been advising us for fifteen days.

9- وہ ہمیں پندرہ دن سے نصیحت نہیں کر رہے ہیں۔

10. You have not been acting upon the advice of your parents for several years.

10- آپ اپنے والدین کے مشورے پر کئی سال سے عمل نہیں کر رہے ہیں۔

11. The doctors have not been treating the patients for three days.

11- ڈاکٹر تین دن سے مریضوں کا علاج نہیں کر رہے ہیں۔

12. I have not been receiving the letters from my brother since October.

12- مجھے اکتوبر سے اپنے بھائی کے خط نہیں مل رہے ہیں۔

13. He has not been giving anything to his mother for four months.

13- وہ اپنی ماں کو چار ماہ سے کچھ نہیں دے رہا ہے۔

14. The two friends have not been meeting each other since March.

14- دو سہیلیاں مارچ سے ایک دوسرے کو نہیں مل رہی ہیں۔

15. People have not been mourning the death of the robber since yesterday.

15- لوگ کل رات سے ڈاکو کی موت پر افسوس نہیں کر رہے ہیں۔

## Exercise

1- لاہور میں کل سے بارش نہیں ہو رہی ہے۔ 2- تالاب میں مینڈک شام سے نہیں ٹرا رہے ہیں۔ 3- ہم اپریل سے افواہوں پر یقین نہیں کر رہے ہیں۔ 4- یہ آدمی صبح سے گھاس نہیں کاٹ رہا ہے۔ 5- کسان کئی ماہ سے نیا ٹریکٹر نہیں خرید رہا ہے۔ 6- اصغر بیس دن سے جھوٹ[1] نہیں بول رہا ہے۔ 7- میں دسمبر سے نیا ناول نہیں لکھ رہا ہوں۔ 8- میرے دوست کئی سالوں سے تحفے نہیں بھیج رہے ہیں۔ 9- مرغیاں جون سے انڈے[2] نہیں دے رہی ہیں۔ 10- ہماری گائے سوموار سے دودھ نہیں دے رہی ہے۔ 11- مرغ کل سے اذان[3] نہیں دے رہا ہے۔ 12- بیل دو دن سے چارہ[4] نہیں کھا رہا ہے۔ 13- اس کا بھائی چار روز سے نماز نہیں

پڑھ رہا ہے۔ 14- مریض دو دن سے دوائی نہیں پی رہا ہے۔ 15- شیر سوموار سے مویشیوں پر حملہ[5] نہیں کر رہا ہے۔

**Vocabulary:**

1. to tell a lie 2. to lay eggs 3. to crow 4. fodder 5. to attack

## INTERROGATIVE SENTENCES

**While translating interrogative sentences, 'has' or 'have' comes before the subject. Question words are followed by 'has' or 'have' as in the examples:**

| | |
|---|---|
| 1. Have the flies been buzzing over the rotten fruits for two hours? | 1- کیا خراب پھلوں پر مکھیاں دو گھنٹے سے بھنبھنا رہی ہیں؟ |
| 2. Has the child been playing with toys since 2 o' clock? | 2- کیا بچہ دو بجے سے کھلونوں سے کھیل رہا ہے؟ |
| 3. Since when has the man been taking rest? | 3- آدمی کب سے آرام کر رہا ہے؟ |
| 4. Where has the carpenter been repairing the chairs since Friday? | 4- بڑھئی جمعہ سے کرسیاں کہاں مرمت کر رہا ہے؟ |
| 5. Why has Saeed not been taking medicine for three days? | 5- سعید تین دن سے دوائی کیوں نہیں کھا رہا ہے؟ |
| 6. Has the master been waiting for his servant since 7 o' clock? | 6- کیا مالک اپنے نوکر کا سات بجے سے انتظار کر رہا ہے؟ |
| 7. Where have they been sawing wood since noon? | 7- وہ دوپہر سے لکڑی کہاں چیر رہے ہیں؟ |
| 8. Have the players been inflating the football for ten minutes? | 8- کیا کھلاڑی دس منٹ سے فٹ بال میں ہوا بھر رہے ہیں؟ |
| 9. Since when have the naughty boys been deflating the tube? | 9- شرارتی لڑکے کب سے ٹیوب سے ہوا نکال رہے ہیں؟ |
| 10. Have the guests been waiting for meal for an hour? | 10- کیا مہمان ایک گھنٹے سے کھانے کا انتظار کر رہے ہیں؟ |
| 11. Have the cattle been drinking water at this pond for two months? | 11- کیا مویشی اس جوہڑ سے دو ماہ سے پانی پی رہے ہیں؟ |
| 12. What have you been doing here for four hours? | 12- یہاں آپ چار گھنٹے سے کیا کر رہے ہیں؟ |
| 13. Which story has Bashir been writing since 8 o' clock? | 13- بشیر آٹھ بجے سے کون سی کہانی لکھ رہا ہے؟ |
| 14. Whose shirt has Naz been sewing since Monday? | 14- ناز پیر سے کس کی قمیص سی رہی ہے؟ |
| 15. Have your friends been helping you since October? | 15- کیا تمھارے دوست اکتوبر سے تمھاری مدد کر رہے ہیں؟ |

## Exercise

1- کیا بارش شام سے ہو رہی ہے؟ 2- کیا ہجوم[1] دوپہر سے نعرے[2] لگا رہا[3] ہے؟ 3- بچے صبح سے کتابیں کیوں خراب[4] کر رہے ہیں؟ 4 - میرا بھائی کس کارخانے میں 11 تاریخ سے کام کر رہا ہے؟ 5- کیا وہ بیس منٹ سے ناول پڑھ رہا ہے؟ 6- مزدور پانچ گھنٹے سے کہاں کام کر رہے ہیں؟ 7- سڑک بنانے والا انجن دو دن سے کس سڑک کی مرمت[5] کر رہا ہے؟ 8- کیا موسیقار[6] منگل سے گیت گا رہے ہیں؟ 9- مالی کب سے نئے درخت لگا رہا ہے؟ 10- دوکاندار تین دن سے دوکانیں کیوں سجا[7] رہے ہیں؟ 11- کیا بچہ صبح سے کھلونوں کے ساتھ نہیں کھیل رہا ہے؟ 12- کیا مریض چار دن سے نہیں نہا رہا ہے؟ 13- کیا وہ دو ماہ سے تمھیں نصیحت[8] نہیں کر رہا ہے؟ 14- کیا لوگ پانچ بجے سے جلوس[9] میں شامل ہو رہے ہیں؟

**Vocabulary:**

1. crowd 2. slogans 3. to raise 4. to spoil 5. to repair 6. musicians 7. to decorate 8. to advise 9. procession

## PRESENT INDEFINITE TENSE (PASSIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. Matches are played at the Gaddafi Stadium every year. | 1- قذافی سٹیڈیم میں ہر سال میچ کھیلے جاتے ہیں۔ |
| 2. Eid greetings are sent on Eid. | 2- عید پر عید مبارک کے خط بھیجے جاتے ہیں۔ |
| 3. Oxen are yoked to persian wheel. | 3- بیلوں کو رہٹ میں جوتا جاتا ہے۔ |
| 4. The cow is milked in the morning. | 4- گائے صبح کو دوہی جاتی ہے۔ |
| 5. Dams are built on rivers. | 5- دریاؤں پر بند باندھے جاتے ہیں۔ |
| 6. Luggage is auctioned here. | 6- یہاں سامان نیلام کیا جاتا ہے۔ |
| 7. Meetings are held in schools on the 14th August. | 7- 14 اگست کو سکولوں میں جلسے کیے جاتے ہیں۔ |
| 8. Pitchers are filled with water. | 8- گھڑے پانی سے بھر لیے جاتے ہیں۔ |
| 9. Rest is taken at noon. | 9- دوپہر کے وقت آرام کیا جاتا ہے۔ |
| 10. Separate colleges are opened for girls. | 10- لڑکیوں کے لیے الگ کالج کھولے جاتے ہیں۔ |
| 11. Wild beasts are driven away. | 11- جنگلی جانوروں کو بھگا دیا جاتا ہے۔ |
| 12. A gentleman is respected. | 12- شریف آدمی کی عزت کی جاتی ہے۔ |
| 13. Teeth are cleaned in the morning. | 13- دانت صبح صاف کیے جاتے ہیں۔ |
| 14. A boat is rowed with oars. | 14- کشتی چپوؤں سے چلتی ہے۔ |
| 15. I am given a prize. | 15- مجھے انعام دیا جاتا ہے۔ |

**We find that 'is', 'am' or 'are' is used, followed by the third form of verb in sentences belonging to this tense.**

## Exercise

1- یہاں ریڈیو کے لائسنس[1] بنائے جاتے ہیں۔ 2- وہاں بائیسکل کرائے[2] پر دیے جاتے ہیں۔ 3- شاہ جمال روڈ پر جمعہ بازار لگایا جاتا ہے۔ 4- چوبرجی سڑک آسانی سے پار[3] کی جاسکتی ہے۔ 5- اس دفتر سے سڑکوں کی تعمیر کا ٹھیکہ[4] دیا جاتا ہے۔ 6- تارگھر[5] سے تار[6] بھیجے جاتے ہیں۔ 7- یہاں بنے بنائے[7] لباس فروخت ہوتے ہیں۔ 8- اس کارخانے میں پلاسٹک[8] کے کھلونے بنائے جاتے ہیں۔ 9- جوتے شیشے کی الماریوں[9] میں رکھے جاتے ہیں۔ 10- پھل سردخانے[10] میں رکھے جاتے ہیں۔ 11- آم ملک سے باہر بھیجے جاتے ہیں۔ 12- کئی ملکوں میں بوڑھوں کی دیکھ بھال[11] کی جاتی ہے۔ 13- اس سکول میں یتیم بچوں کو وظائف[12] دیے جاتے ہیں۔ 14- اس کالج میں اساتذہ کو تربیت[13] دی جاتی ہے۔ 15- بعض بیجوں[14] سے تیل نکالا[15] جاتا ہے۔

**Vocabulary:**

1. licence 2. on hire 3. to cross 4. contract 5. telegraph office 6. telegram
7. ready-made 8. plastic 9. show case 10. cold storage 11. to look after
12. scholarships 13. to train 14. seeds 15. to press out

## NEGATIVE AND INTERROGATIVE SENTENCES

**In negative and interrogative sentences 'not' is used between 'is', 'am' or 'are' and the third form of verb. But in interrogative or question 'is', 'am' or 'are' is placed before the subject.**

| | |
|---|---|
| 1. Novels are not taught in schools. | 1- سکولوں میں ناول نہیں پڑھائے جاتے ہیں۔ |
| 2. Vegetables are not loaded on horses. | 2- سبزیاں گھوڑوں پر نہیں لادی جاتی ہیں۔ |
| 3. A weak boy is not given a prize. | 3- کمزور لڑکے کو انعام نہیں دیا جاتا ہے۔ |
| 4. I am not fined. | 4- مجھے جرمانہ نہیں ہُوا ہے۔ |
| 5. Dogs are not chained in the evening. | 5- کتوں کو شام کے وقت نہیں باندھا جاتا ہے۔ |
| 6. Tea is not given on time. | 6- چائے وقت پر نہیں دی جاتی ہے۔ |
| 7. This beggar is not given anything. | 7- اس فقیر کو کچھ نہیں دیا جاتا ہے۔ |
| 8. I am not given loan by the bank. | 8- مجھے بینک سے قرضہ نہیں دیا ہے۔ |
| 9. They are not helped. | 9- ان کو مدد نہیں دی جاتی ہے۔ |
| 10. Factories are not set up in the villages. | 10- گاؤں میں کارخانے نہیں لگائے جاتے ہیں۔ |
| 11. Is national anthem sung in the morning? | 11- کیا صبح قومی ترانہ گایا جاتا ہے؟ |

| | |
|---|---|
| 12. Where are fruits carried daily? | 12- پھل ہر روز کہاں لے جائے جاتے ہیں؟ |
| 13. When is the school inspected? | 13- سکول کا معائنہ کب کیا جاتا ہے؟ |
| 14. Why am I teased? | 14- مجھے تنگ کیوں کیا جاتا ہے؟ |
| 15. Are the patients treated here free of charge? | 15- کیا یہاں مریضوں کا علاج مفت کیا جاتا ہے؟ |
| 16. Are elderly people not respected? | 16- کیا بڑوں کی عزت نہیں کی جاتی ہے؟ |
| 17. Why are the rooms not properly cleaned? | 17- کمرے اچھی طرح کیوں صاف نہیں کیے جاتے ہیں؟ |
| 18. Why is the poor man pushed away? | 18- غریب آدمی کو دھکے کیوں دیے جاتے ہیں؟ |
| 19. How is this machine set right? | 19- یہ مشین کیسے درست کی جاتی ہے؟ |
| 20. Is the hungry man fed? | 20- کیا بھوکے آدمی کو کھانا کھلایا جاتا ہے؟ |
| 21. Why are such rumours spread? | 21- ایسی افواہیں کیوں پھیلائی جاتی ہیں؟ |
| 22. Are such persons kept in the jail? | 22- کیا ایسے آدمیوں کو جیل میں رکھا جاتا ہے؟ |
| 23. Is the guest of honour invited on such occasions? | 23- کیا ایسے مواقع پر مہمان خصوصی کو بلایا جاتا ہے؟ |
| 24. Are the sports goods exported from Pakistan? | 24- کیا پاکستان سے کھیلوں کا سامان برآمد کیا جاتا ہے؟ |
| 25. From which country is machinery imported into Pakistan? | 25- پاکستان میں کس ملک سے مشینری درآمد کی جاتی ہے؟ |

## Exercise

1- بُری صحبت[1] کیسے اختیار[2] کی جاتی ہے؟ 2- کیا جمعہ بازار میں سستی[3] چیزیں بیچی جاتی ہیں؟ 3- باغ سے سیب نہیں چرائے جاتے ہیں۔ 4- عدالت میں جھوٹ نہیں بولا جاتا ہے۔ 5- موٹر گاڑیاں کہاں نیلام[4] کی جاتی ہیں؟ 6- کیا ریلوے اسٹیشن پر سامان[5] تولا[6] جاتا ہے؟ 7- اس رجسٹر میں دستخط[7] نہیں کیے جاتے ہیں۔ 8- ایسے بُرے آدمی کو معاف[8] نہیں کیا جاتا ہے۔ 9- مکان میں سفیدی کب کی جاتی ہے؟ 10- کیا روپیہ بینک میں جمع[9] کیا جاتا ہے؟ 11- انعام کس کو دیا جاتا ہے؟ 12- کس دریا پر پُل باندھا جاتا ہے؟ 13- اس چھاپہ خانے[10] میں اشتہار[11] نہیں چھاپے جاتے ہیں۔ 14- کالج میں طلبہ کب داخل کیے جاتے ہیں؟ 15- آم یہاں سے لاہور نہیں بھیجے جاتے ہیں۔ 16- کیا آپ کے سکول میں انگریزی اخبار پڑھا جاتا ہے؟ 17- کمرہ امتحان میں نقل[12] کیسے کی جاتی ہے؟ 18- کیا ہر سال گاؤں سجایا جاتا ہے؟ 19- بعض آدمی پہچانے[13] نہیں جاتے ہیں۔ 20- مجھے گھر سے کیوں نکالا جاتا ہے؟ 21- حمید کو کیا سزا دی جاتی ہے؟ 22- کیا کتے کو رات کے وقت کھول[14] دیا جاتا ہے؟

**Vocabulary:**

1. bad company 2. to adopt 3. cheap 4. to auction 5. luggage 6. to weigh 7. to sign 8. to forgive 9. to deposit 10. printing press 11. advertisement 12. to copy 13. to recognise 14. to unchain

## PRESENT CONTINUOUS TENSE
## (PASSIVE VOICE)
## AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. Letters are being posted. | 1- خطوط ڈاک میں ڈالے جا رہے ہیں۔ |
| 2. Kites are being flown. | 2- پتنگیں اُڑائی جا رہی ہیں۔ |
| 3. Meat is being minced. | 3- گوشت کا قیمہ بنایا جا رہا ہے۔ |
| 4. Many kinds of dishes are being prepared. | 4- کئی قسم کے کھانے تیار کیے جا رہے ہیں۔ |
| 5. The statements of witnesses are being recorded. | 5- گواہوں کے بیان لیے جا رہے ہیں۔ |
| 6. The judgement of this case is being announced. | 6- اس مقدمے کا فیصلہ سنایا جا رہا ہے۔ |
| 7. Mad dogs are being killed. | 7- باولے کتوں کو ہلاک کیا جا رہا ہے۔ |
| 8. Oxen are being yoked to the plough. | 8- بیلوں کو ہل میں جوتا جا رہا ہے۔ |
| 9. Vegetables are being loaded in the camel-cart. | 9- سبزیاں اونٹ گاڑی پر لادی جا رہی ہیں۔ |
| 10. The story of the accident is being told. | 10- حادثے کی کہانی بیان کی جا رہی ہے۔ |
| 11. Bashir's application is being rejected. | 11- بشیر کی درخواست نامنظور کی جا رہی ہے۔ |
| 12. I am being granted a driving licence. | 12- مجھے ڈرائیونگ لائسنس دیا جا رہا ہے۔ |
| 13. He is being punished for his misdeeds. | 13- اُس کو بُرے اعمال کی سزا دی جا رہی ہے۔ |
| 14. A good book is being published soon. | 14- ایک اچھی کتاب جلد ہی شائع کی جا رہی ہے۔ |
| 15. Your application is being considered. | 15- آپ کی درخواست پر غور کیا جا رہا ہے۔ |

**In translating such sentences 'is' or 'am' or 'are' is followed by 'being' and the third form of verb.**

## Exercise

1- کپڑا ہاتھ کھڈی[1] پر بُنا جا رہا ہے۔ 2- گرم کپڑوں کو رفو[2] کیا جا رہا ہے۔ 3- اس بازار میں چیزیں مہنگی بِک رہی ہیں۔ 4- وہاں غیر ملکی اشیا دھڑا دھڑ[3] بِک رہی ہیں۔ 5- اس شہر میں دو نئے بینک کھولے جا رہے ہیں۔ 6- اجنبی[4] آدمی کو دھوکا دیا جا رہا ہے۔ 7- طالبعلموں کو ایک مفید[5] فلم دکھائی جا رہی ہے۔ 8- کھیتوں کو ہموار[6] کیا جا رہا ہے۔ 9- پلوں کی مرمت کی جا رہی ہے۔ 10- بسوں کی تعداد میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ 11- پاکستان کے نئے نقشے تیار کیے جا رہے ہیں۔ 12- رضیہ کو اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون ملک[7] بھیجا جا رہا ہے۔ 13- نئی جماعتوں کے لیے نئی کتابیں خریدی جا رہی ہیں۔ 14- یہاں کپڑے رنگے[8] جا رہے ہیں۔ 15- انگریزی میں خبریں نشر[9] کی جا رہی ہیں۔ 16- مجھے میرا وعدہ یاد دلایا[10] جا رہا ہے۔

**Vocabulary:**

1. hand loom 2. to darn 3. like hot cakes 4. stranger 5. useful 6. to level
7. abroad 8. to dye 9. to broadcast 10. to remind of

## NEGATIVE AND INTERROGATIVE SENTENCES

**In negative sentences 'not' comes in between 'is', 'am' or 'are' and 'being', but in interrogative sentences 'is', 'am' or 'are' is put before the subject; while the question word becomes the opening word of the sentences as shown in the examples given below:**

| | |
|---|---|
| 1. He is not being given a certificate. | 1- اُسے سرٹیفکیٹ نہیں دیا جا رہا ہے۔ |
| 2. I am not being made the monitor of the class. | 2- مجھے جماعت کا مانیٹر نہیں بنایا جا رہا ہے۔ |
| 3. Fee is not being received here. | 3- فیس یہاں وصول نہیں کی جا رہی ہے۔ |
| 4. Books are not being donated to this school. | 4- اس سکول کو کتابوں کا عطیہ نہیں دیا جا رہا ہے۔ |
| 5. Flags are not being hoisted on the buildings. | 5- عمارتوں پر جھنڈے نہیں لہرائے جا رہے ہیں۔ |
| 6. Bricks are not being carried to the roof. | 6- اینٹیں چھت پر نہیں پہنچائی جا رہی ہیں۔ |
| 7. Cement is not being loaded on the donkeys. | 7- گدھوں پر سیمنٹ نہیں لادا جا رہا ہے۔ |
| 8. Majeed is not being given a job. | 8- مجید کو نوکری نہیں دی جا رہی ہے۔ |
| 9. The horse is not being bridled. | 9- گھوڑے کو لگام نہیں دی جا رہی ہے۔ |
| 10. I am not being sent to Germany. | 10- مجھے جرمنی نہیں بھیجا جا رہا ہے۔ |
| 11. Is the worker being paid? | 11- کیا مزدور کو معاوضہ دیا جا رہا ہے؟ |
| 12. Why are fish being caught here? | 12- یہاں مچھلیاں کیوں پکڑی جا رہی ہیں؟ |
| 13. Where is the boat bridge being built? | 13- کشتیوں کا پُل کہاں بنایا جا رہا ہے؟ |
| 14. Who is being invited to tea? | 14- چائے کی دعوت کس کو دی جا رہی ہے؟ |
| 15. Are eggs being boiled? | 15- کیا انڈے اُبالے جا رہے ہیں؟ |
| 16. What is being discussed there? | 16- وہاں کس بات پر گفتگو ہو رہی ہے؟ |
| 17. What is being liked by the children? | 17- بچوں سے کیا چیز پسند کی جا رہی ہے؟ |
| 18. Why is this tree being felled? | 18- یہ درخت کیوں گرایا جا رہا ہے؟ |
| 19. Why am I being bothered? | 19- مجھے کیوں پریشان کیا جا رہا ہے؟ |
| 20. Why are we not being given scholarship? | 20- ہمیں وظیفہ کیوں نہیں دیا جا رہا ہے؟ |
| 21. Where are ready-made garments being sold? | 21- سلے سلائے کپڑے کہاں بیچے جا رہے ہیں؟ |
| 22. Why are ornaments being taken out of the box? | 22- ڈبے سے زیورات کیوں نکالے جا رہے ہیں؟ |
| 23. Why is a common man being deceived? | 23- عام آدمی کو کیوں دھوکا دیا جا رہا ہے؟ |

24. Is your brother being informed of your graduation?

24- کیا تمھاری گریجویشن کی اطلاع تمھارے بھائی کو دی جا رہی ہے؟

25. Is this book being bound?

25- کیا اس کتاب کی جلد باندھی جا رہی ہے؟

## Exercise

1- کیا اس دوکان پر ہر چیز مہنگی[1] بیچی جا رہی ہے؟ 2- کیا سائرن[2] بجایا[3] جا رہا ہے؟ 3- مجھے اعتماد[4] میں نہیں لیا جا رہا ہے۔ 4- بچوں کی تصویریں[5] نہیں اُتاری جا رہی ہیں۔ 5- چوزے[6] ڈربے[7] سے کیوں نکالے جا رہے ہیں؟ 6- کیا افسر کو رشوت[8] دی جا رہی ہے؟ 7- زخمی[9] کی مرہم پٹی[10] نہیں کی جا رہی ہے۔ 8- مریض کا معائنہ کیوں نہیں کیا جا رہا ہے؟ 9- آپریشن کس کا کیا جا رہا ہے؟ 10- چینی میں کیا ملایا جا رہا ہے؟ 11- کیا کپاس کی فصل پر دوائی[11] چھڑکی[12] جا رہی ہے؟ 12- مجھے کام کرنے کی اجازت[13] نہیں دی جا رہی ہے۔ 13- اُسے کالج میں کب داخلہ دیا جا رہا ہے؟ 14- بشیر کو سکول سے نہیں نکالا جا رہا ہے۔ 15- کیا کالج ہال میں تقریری مقابلہ[14] کیا جا رہا ہے؟ 16- ڈرامہ کہاں کھیلا[15] جا رہا ہے؟ 17- کیا کمپیوٹر کی تربیت[16] یہاں دی جا رہی ہے؟ 18- آم کس بھاؤ بیچے جا رہے ہیں؟ 19- چاول تھوک[17] کے بھاؤ نہیں خریدے جا رہے ہیں۔ 20- کیا سکول موسم گرما کی چھٹیوں کے لیے بند کیے جا رہے ہیں؟ 21- کیا ردی کی ٹوکری[18] خالی کی جا رہی ہے؟ 22- کس کارخانے میں سلائی مشین[19] بنائی جا رہی ہے؟ 23- عدالت میں جھوٹ نہیں بولا جا رہا ہے۔ 24- مجھ سے نفرت[20] نہیں کی جا رہی ہے۔ 25- تمام تالے کیوں کھولے جا رہے ہیں؟ 26- معاشرے[21] کے قانون کی خلاف ورزی[22] کیوں کی جا رہی ہے؟ 27- کیا بزرگوں کا احترام کیا جا رہا ہے؟ 28- کیا غریب طلبہ کو رعایت[23] نہیں دی جا رہی ہے؟ 29- مجھے دوائی کیوں نہیں پلائی جا رہی ہے؟

**Vocabulary:**

1. expensive 2. siren 3. to sound 4. to take into confidence 5. to photograph
6. chickens 7. pen 8. to bribe 9. the wounded 10. to dress 11. medicine
12. to spray 13. to allow 14. speech contest 15. to stage 16. training
17. whole sale rate 18. wastepaper basket 19. sewing machine 20. to hate
21. social 22. violate 23. concession

## PRESENT PERFECT TENSE (PASSIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

1. Students' answer books have been marked.

1- طلبہ کے پرچے دیکھے جا چکے ہیں۔

2. I have been shown a favour.

2- مجھ پر عنایت کی جا چکی ہے۔

3. Steps have been taken to supply water to the village.

3- گاؤں میں پانی مہیا کرنے کے لیے اقدام کیے جا چکے ہیں۔

4. Arrangements have been made to open a separate college for girls.

4- لڑکیوں کے لیے الگ کالج کھولے جانے کا انتظام کیا جا چکا ہے۔

| | |
|---|---|
| 5. The project has been given final shape. | 5- منصوبے کو آخری شکل دی جا چکی ہے۔ |
| 6. A warrant has been issued against him. | 6- اس کے خلاف وارنٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ |
| 7. I have been recalled for army service. | 7- مجھے فوجی ملازمت کے لیے واپس بلایا جا چکا ہے۔ |
| 8. People have been befooled. | 8- لوگوں کو بے وقوف بنایا جا چکا ہے۔ |
| 9. The accused have been brought into the court. | 9- ملزم عدالت میں لائے جا چکے ہیں۔ |
| 10. This news has been published in the newspapers. | 10- یہ خبر اخبارات میں شائع ہو چکی ہے۔ |
| 11. The charity has been collected. | 11- خیرات جمع کی جا چکی ہے۔ |
| 12. Many books have been written on this topic. | 12- اس موضوع پر بہت کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ |
| 13. The race has been started. | 13- ریس شروع ہو چکی ہے۔ |
| 14. A big amount has been saved this year. | 14- اس سال ایک بھاری رقم بچائی گئی ہے۔ |
| 15. Many presents have been sent to me. | 15- مجھے بہت سے تحائف بھیجے جا چکے ہیں۔ |

## NEGATIVE AND INTERROGATIVE SENTENCES

**While translating negative sentences 'not' follows 'has' or 'have' but in questions 'has' or 'have' comes before the subject. Question word is also used as the opening word of the sentence as shown in the following examples:**

| | |
|---|---|
| 1. Th rotten egg has not been thrown. | 1- گندا انڈا پھینکا نہیں جا چکا ہے۔ |
| 2. The dirty clothes have not been washed. | 2- میلے کپڑے دھوئے نہیں جا چکے ہیں۔ |
| 3. This matter has not been discussed. | 3- اس معاملے پر بحث نہیں کی جا چکی ہے۔ |
| 4. The cows have not been tied to the pegs. | 4- گائیوں کو کھونٹے سے باندھا نہیں جا چکا ہے۔ |
| 5. The meat has not been packed in tins. | 5- گوشت ڈبوں میں بند نہیں کیا جا چکا ہے۔ |
| 6. The sheep have not been put into the pen. | 6- بھیڑوں کو باڑے میں بند نہیں کیا جا چکا ہے۔ |
| 7. The pegs have not been uprooted. | 7- کھونٹیاں اکھاڑی نہیں جا چکی ہیں۔ |
| 8. The players have not been awarded certificates. | 8- کھلاڑیوں کو سرٹیفیکیٹ نہیں دیے جا چکے ہیں۔ |
| 9. The statement of the witness has not been recorded. | 9- گواہ کا بیان نہیں لیا جا چکا ہے۔ |
| 10. Has this letter been returned? | 10- کیا یہ چٹھی واپس بھیجی جا چکی ہے؟ |
| 11. Why have you been punished? | 11- تمھیں کیوں سزا دی جا چکی ہے؟ |

12. Where has Eid namaz been offered? — 12- عید کی نماز کہاں پڑھی جا چکی ہے؟

13. Where have the guests been seated? — 13- مہمانوں کو کہاں بٹھایا جا چکا ہے؟

14. Why have the books been torn? — 14- کتابیں کیوں پھاڑ دی گئی ہیں؟

15. Has the pilgrim been seen off? — 15- کیا حاجی کو اللہ حافظ کہا جا چکا ہے؟

16. Where has the mango tree been planted? — 16- آم کا درخت کہاں لگایا گیا ہے؟

17. Have bazaars been decorated? — 17- کیا بازار سجائے جا چکے ہیں؟

18. How has the woman been defrauded? — 18- عورت کو دھوکا کیسے دیا جا چکا ہے؟

19. Why has the innocent child been beaten? — 19- معصوم بچے کو کیوں پیٹا جا چکا ہے؟

20. Has the application of the boy not been considered? — 20- کیا لڑکے کی درخواست پر غور نہیں کیا جا چکا ہے؟

## Exercise

1- لیمپ روشن[1] نہیں کیے جا چکے ہیں۔ 2- کیا چھٹی کا اعلان[2] نہیں کیا جا چکا ہے؟ 3- وہ حراست[3] میں نہیں لیا جا چکا ہے۔ 4- اُسے ملازمت سے برطرف[4] نہیں کیا جا چکا ہے۔ 5- کیا اس کے کپڑے پھاڑ[5] دیے گئے ہیں؟ 6- کیا سب طلبہ کو اے گریڈ دیا جا چکا ہے؟ 7- مکان میں سفیدی کب کی جا چکی ہے؟ 8- مجھے حمید کا اتہ پتہ[6] نہیں بتایا گیا ہے۔ 9- کیا مشین کو تیل[7] دیا جا چکا ہے؟ 10- غریبوں کو کہاں کھانا کھلایا[8] گیا ہے؟ 11- خراب[9] سیب کھائے نہیں جا چکے ہیں۔ 12- گھر میں نقب نہیں لگائی جا چکی ہے۔ 13- کیا امیروں سے ٹیکس وصول کیا جا چکا ہے؟ 14- پھٹے ہوئے نوٹوں کو جوڑا[10] نہیں جا چکا ہے۔ 15- بچے کو سُلایا[11] نہیں جا چکا ہے۔ 16- کیا اُن کا عطیہ[12] موصول ہو چکا ہے؟ 17- اُمیدواروں کو رولنمبر کیوں جاری نہیں کیے گئے ہیں؟ 18- کیا تمام ووٹروں کے نام رجسٹر میں درج[13] کیے جا چکے ہیں؟ 19- اس امیدوار کو ایک ووٹ بھی نہیں دیا گیا ہے۔ 20- اس فیصلے پر اتفاق[14] نہیں ہو چکا ہے۔ 21 - کیا اجنبی کی راہنمائی کی جا چکی ہے؟ 22- کیا تمام گواہوں[15] کو بلایا[16] جا چکا ہے؟ 23- جلسہ ملتوی[17] کیوں کیا گیا ہے؟ 24- کیا ڈوبی ہوئی کشتی دریا سے نکالی جا چکی ہے؟ 25- کبوتروں کے پر نہیں کاٹے[18] جا چکے ہیں۔ 26- کیا شیر پنجرے میں بند کیا جا چکا ہے؟ 27- کتے کو کنویں سے نہیں نکالا جا چکا ہے۔ 28- کیا سب لڑکوں کا جرمانہ معاف[19] کیا جا چکا ہے؟ 29- آپ کے خط کا جواب نہیں دیا جا چکا ہے۔ 30- بینک سے روپیہ کیسے نکلوایا[20] جا چکا ہے؟

**Vocabulary:**

1. to light 2. to announce 3. to take into custody, to arrest 4. to dismiss 5. to tear 6. whereabouts 7. to oil 8. to feed 9. rotten 10. to mend 11. to put to bed 12. donation 13. to enter 14. to agree upon 15. witnesses 16. to summon 17. to postpone 18. to clip 19. to remit 20. withdraw

# LESSON – 5

## PAST INDEFINITE TENSE (ACTIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. He went to school. | 1- وہ سکول گیا۔ |
| 2. You solved the question. | 2- تم نے سوال حل کیا۔ |
| 3. I bought a camera. | 3- میں نے ایک کیمرہ خریدا۔ |
| 4. We crossed the river. | 4- ہم نے دریا پار کیا۔ |
| 5. They stopped the car. | 5- انھوں نے کار کو روکا۔ |

**It is clear that all the actions mentioned in the given sentences took place sometimes in the past. But it is not clear whether they took place in the distant past or in the near past and that is why it is called indefinite. In other words, we are not definite of the exact time when the action actually took place. In short , this tense can be used for any action whether relating to long past or near past. For translating such sentences we use only the second form of verb. Here are some examples:**

| | |
|---|---|
| 1. We boarded the train. | 1- ہم گاڑی میں سوار ہوئے۔ |
| 2. They gave us a gift. | 2- انھوں نے ہم کو تحفہ دیا۔ |
| 3. Hamid won a prize. | 3- حمید نے انعام حاصل کیا۔ |
| 4. The people went to the festival. | 4- لوگ میلے میں گئے۔ |
| 5. The dog chased the rabbit. | 5- کتے نے خرگوش کا تعاقب کیا۔ |
| 6. I posted a letter. | 6- میں نے خط ڈاک میں ڈالا۔ |
| 7. You invited me to tea. | 7- تم نے مجھے چائے پر بلایا۔ |
| 8. Our team won the match. | 8- ہماری ٹیم نے میچ جیت لیا۔ |
| 9. The boys made a noise. | 9- لڑکوں نے شور مچایا۔ |
| 10. Majid made a beautiful picture. | 10- مجید نے خوبصورت تصویر بنائی۔ |
| 11. The grandmother told us a strange story. | 11- دادی اماں نے ہمیں عجیب کہانی سنائی۔ |
| 12. The students told the lesson. | 12- طلبہ نے سبق سنایا۔ |
| 13. The teacher taught the lesson well. | 13- استاد نے سبق اچھی طرح پڑھایا۔ |
| 14. He ran for his life. | 14- وہ جان بچانے کے لیے بھاگ کھڑا ہوا۔ |
| 15. He refused to give his book. | 15- اُس نے اپنی کتاب دینے سے انکار کر دیا۔ |

# Exercise

1- لوگوں نے باغ میں جلسہ[1] کیا۔ 2- مزدوروں نے جلوس[2] نکالا[3]۔ 3- طلبہ نے نعرے[4] لگائے[5]۔ 4- کلرکوں نے ہڑتال کی۔ 5- ہم نے آپ کا انتظار کیا۔ 6- انھوں نے ہمارے مشورے[6] پر عمل کیا[7]۔ 7- مجھے آپ کا خط مل گیا۔ 8- استاد نے طالبعلم کو سزا دی۔ 9- ہیڈ ماسٹر نے شرارتی لڑکے کو جرمانہ کیا۔ 10- مزدوروں نے ہڑتال کھول[8] دی۔ 11- نیک عورت نے یتیم[9] بچے کی پرورش[10] کی۔ 12- آپ نے میرے بھائی کی دیکھ بھال[11] کی۔ 13- ڈاکٹر نے مریض کا آپریشن کیا۔ 14- مسافروں نے جنگل میں آگ لگائی۔[12]

**Vocabulary:**

1. to hold meeting 2. procession 3. to take out 4. slogans 5. to raise 6. advice 7. to act upon 8. to call off 9. orphan 10. to bring up 11. to look after 12. to set fire

## NEGATIVE AND INTERROGATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. He did not obey his parents. | 1- اس نے والدین کا حکم نہ مانا۔ |
| 2. They did not help us. | 2- انھوں نے ہماری مدد نہ کی۔ |
| 3. You did not fulfill your promise. | 3- تم نے اپنا وعدہ پورا نہ کیا۔ |
| 4. People did not protest against this law. | 4- لوگوں نے اس قانون کے خلاف احتجاج نہ کیا۔ |
| 5. The police did not arrest the thief. | 5- پولیس نے چور کو گرفتار نہ کیا۔ |
| 6. The police did not disperse the crowd. | 6- پولیس نے ہجوم کو منتشر نہ کیا۔ |
| 7. He did not escape punishment. | 7- وہ سزا سے نہ بچا۔ |
| 8. You did not listen to me. | 8- تم نے میری ایک نہ سنی۔ |
| 9. They did not push me aside. | 9- انھوں نے مجھے ایک طرف نہ دھکیلا۔ |
| 10. We did not care for him. | 10- ہم نے اس کی پرواہ نہ کی۔ |
| 11. The principal did not distribute the prizes. | 11- پرنسپل نے انعامات تقسیم نہ کیے۔ |
| 12. I did not make fun of him. | 12- میں نے اس کا مذاق نہ اُڑایا۔ |
| 13. The army did not capture the fort. | 13- فوج نے قلعہ پر قبضہ نہ کیا۔ |
| 14. The wrestler did not knock out his opponent. | 14- پہلوان نے اپنے حریف کو نہ پچھاڑا۔ |
| 15. She did not tell a lie. | 15- اس نے جھوٹ نہ بولا۔ |
| 16. Whom did you consult? | 16- تم نے کس سے مشورہ کیا؟ |

| | |
|---|---|
| 17. Why did he insult you? | 17- اس نے تمھاری بےعزتی کیوں کی؟ |
| 18. When did the lion carry away the cow? | 18- شیر گائے اُٹھا کر کب لے گیا؟ |
| 19. Where did you find this book from? | 19- تمھیں یہ کتاب کہاں سے ملی؟ |
| 20. Why did he tear the paper? | 20- اس نے کاغذ کیوں پھاڑا؟ |

**We find that in the sentences where 'did' comes, we use the first form of verb.**

## Exercise

1- انھوں نے ہماری دعوت قبول[1] نہ کی۔ 2- کیا تمھارے دوستوں نے تمھاری کامیابی پر مبارک باد[2] دی؟ 3- کمرے میں جھاڑو کس نے دیا؟ 4- انھوں نے تمھارا استقبال کیسے کیا؟ 5- کیا تمھارے دوستوں نے یہ کھیل پسند کیا؟ 6- اس نے اپنی تمام جائیداد[3] فروخت نہ کی۔ 7- باورچی نے چاول کس طرح پکائے؟ 8- میں نے اپنے والد کو ہوائی ڈاک[4] سے خط نہ بھیجا۔ 9- کیا آفیسر نے اپنے چپڑاسی کو تبدیل[5] نہ کیا؟ 10- مجید نے دونوں ہاتھوں[6] سے دولت کیوں اُڑائی؟ 11- کیا مجسٹریٹ نے اسے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا؟ 12- ہوائی جہاز اڈے پر کب اُترا؟ 13- کیا تم نے پرواز سے لطف اُٹھایا؟ 14- مال گاڑی مسافر گاڑی سے کہاں ٹکرائی[7]؟ 15- تم نے مجھے فیصلے سے آگاہ[8] نہ کیا۔

**Vocabulary:**

1. to accept 2. to congratulate 3. property 4. airmail 5. transfer 6. to burn the candle at both ends 7. to collide 8. inform

## Exercise

1- اس نے تمھاری تلخ[1] باتوں کا برا[2] نہیں مانا۔ 2- انھوں نے اپنے دوست کا ساتھ[3] نہ دیا۔ 3- کیا تمھارے بھائی نے تمھارا ہاتھ بٹایا[4]؟ 4- انھوں نے تمھارا استقبال کیسے کیا؟ 5- مجید نے اپنے چھوٹے بھائی کی پرورش[5] نہ کی۔ 6- مزدور نے اتنا بوجھ کیسے اُٹھایا؟ 7- ڈاکٹر نے ٹیکہ کس کو لگایا؟ 8- وہ کراچی کب پہنچے؟ 9- کیا تم گھر خیریت[6] سے پہنچے؟ 10- ہم نے تمام تاریخی مقامات[7] کی سیر نہ کی۔ 11- ہوائی جہاز نے پونے آٹھ بجے پرواز شروع نہ کی۔ 12- میرا خط کس نے پڑھا؟ 13- میرے بھائی نے مجھے ریلوے سٹیشن پر اللہ حافظ نہ کہا۔ 14- موچی نے میرا جوتا مرمت کیوں نہ کیا؟ 15- دروازہ کس نے کھٹکھٹایا؟

**Vocabulary:**

1. bitter words 2. mind 3. to stand by 4. to help 5. to bring up 6. safe
7. historical places

## PAST CONTINUOUS TENSE
## (ACTIVE VOICE)
## AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. He was running fast. | 1- وہ تیز دوڑ رہا تھا۔ |
| 2. You were telling a story. | 2- تم کہانی سنا رہے تھے۔ |
| 3. They were selling their car. | 3- وہ اپنی گاڑی بیچ رہے تھے۔ |
| 4. She was weeping bitterly. | 4- وہ سخت رو رہی تھی۔ |
| 5. We were sleeping soundly. | 5- ہم گہری نیند سو رہے تھے۔ |
| 6. Horses were grazing in a field. | 6- گھوڑے کھیت میں چر رہے تھے۔ |
| 7. The dog was barking at night. | 7- کتا رات کو بھونک رہا تھا۔ |
| 8. Children were making a noise. | 8- بچے شور مچا رہے تھے۔ |
| 9. Some boys were collecting dry leaves. | 9- کچھ لڑکے سوکھے پتے اکٹھے کر رہے تھے۔ |
| 10. His brother was working in a mill. | 10- اس کا بھائی مل میں کام کر رہا تھا۔ |
| 11. My father was waiting for his friends. | 11- میرا والد اپنے دوستوں کا انتظار کر رہا تھا۔ |
| 12. It was raining in the morning. | 12- صبح بارش ہو رہی تھی۔ |
| 13. People were flying kites. | 13- لوگ پتنگیں اُڑا رہے تھے۔ |
| 14. The old man was dozing in the room. | 14- بوڑھا کمرے میں اُونگھ رہا تھا۔ |
| 15. We were listening to the news at noon. | 15- ہم دوپہر کے وقت خبریں سُن رہے تھے۔ |

**We use 'was' with the first form of verb accompanying 'ing' for singular subject and 'were' for plural subject.**

### NEGATIVE SENTENCES

**In negative sentences, we use ‘not’ between ‘was’ or ‘were’ and the present participle i.e. verb with ‘ing’.**

| | |
|---|---|
| 1. The peon was not ringing the bell. | 1- چپڑاسی گھنٹی نہیں بجا رہا تھا۔ |
| 2. The rich man was not giving alms to the poor. | 2- امیر آدمی غریب کو خیرات نہیں دے رہا تھا۔ |
| 3. The boy was not solving the sum. | 3- لڑکا سوال حل نہیں کر رہا تھا۔ |
| 4. We were not travelling together. | 4- ہم ایک ساتھ سفر نہیں کر رہے تھے۔ |
| 5. The teacher was not teaching us English. | 5- استاد صاحب ہمیں انگریزی نہیں پڑھا رہے تھے۔ |

| | |
|---|---|
| 6. I was not going on foot. | 6- میں پیدل نہیں چل رہا تھا۔ |
| 7. They were not making false promises. | 7- وہ جھوٹے وعدے نہیں کر رہے تھے۔ |
| 8. They were not swimming across the river. | 8- وہ تیر کر دریا پار نہیں کر رہے تھے۔ |
| 9. The Government was not releasing him. | 9- حکومت اس کو رہا نہیں کر رہی تھی۔ |
| 10. The merchant was not coming back home. | 10- تاجر واپس گھر نہیں آ رہا تھا۔ |

## Exercise

1- میں کتاب سے نقل[1] نہیں کر رہا تھا۔ 2- اسلم کرکٹ نہیں کھیل رہا تھا۔ 3- لڑکے گیت نہیں گا رہے تھے۔ 4- نوکر فرنیچر کو نہیں جھاڑ[2] رہا تھا۔ 5- میں آپ سے مذاق نہیں کر رہا تھا۔ 6- پانی کی سطح بلند[3] نہیں ہو رہی تھی۔ 7- کسان مارچ میں فصل نہیں کاٹ رہے تھے۔ 8- طالب علم کشتی نہیں چلا[4] رہے تھے۔ 9- بہشتی[5] پانی نہیں چھڑک[6] رہا تھا۔ 10- ڈرائیور کار تیز نہیں چلا رہا تھا۔ 11- دشمن دریا کو عبور[7] نہیں کر رہا تھا۔ 12- میں ملازمت کے لیے اس کی سفارش[8] نہیں کر رہا تھا۔ 13- وہ اپنے بھائی کو نہیں مار[9] رہا تھا۔ 14 - نوکر بہانے[10] نہیں بنا رہا تھا۔ 15- کئی طالب علم مباحثے[11] میں حصہ[12] نہیں لے رہے تھے۔

**Vocabulary:**

1. to copy 2. to dust 3. to rise 4. to row 5. waterman 6. to sprinkle 7. to cross 8. to recommend 9. to beat 10. excuse 11. debate 12. to take part

## INTERROGATIVE SENTENCES

**In interrogative sentences 'was' or 'were' are the opening words, but in the case of question word, it is followed by 'was' or 'were', as:**

| | |
|---|---|
| 1. Was he taking part in the games? | 1- کیا وہ کھیلوں میں حصہ لے رہا تھا؟ |
| 2. Were you shivering with cold? | 2- کیا آپ سردی سے کانپ رہے تھے؟ |
| 3. Was the poor girl shouting? | 3- کیا غریب بچی چیخ رہی تھی؟ |
| 4. Were the travellers riding the horses? | 4- کیا مسافر گھوڑوں پر سواری کر رہے تھے؟ |
| 5. Were they making the city beautiful? | 5- کیا وہ شہر کو خوبصورت بنا رہے تھے؟ |
| 6. Why were they walking on foot? | 6- وہ کیوں پیدل چل رہے تھے؟ |
| 7. Where were you roaming about? | 7- تم اِدھر اُدھر کہاں پھر رہے تھے؟ |
| 8. When was I looking at the sky? | 8- میں آسمان کی طرف کب دیکھ رہا تھا؟ |
| 9. How was he making a picture? | 9- وہ تصویر کیسے بنا رہا تھا؟ |
| 10. Were both the players running after the ball? | 10- کیا دونوں کھلاڑی گیند کے پیچھے بھاگ رہے تھے؟ |
| 11. Who was asking about you? | 11- آپ کے بارے میں کون پوچھ رہا تھا؟ |

| | |
|---|---|
| 12. When were they passing through the forest? | 12- وہ جنگل سے کب گزر رہے تھے؟ |
| 13. Where was the lion drinking water? | 13- شیر کہاں پانی پی رہا تھا؟ |
| 14. Whom was your brother writing the letter to? | 14- تمھارا بھائی کس کو خط لکھ رہا تھا؟ |
| 15. Who was garlanding the honourable guests? | 15- معزز مہمانوں کو ہار کون پہنا رہا تھا؟ |

## Exercise

1- کیا تم بالوں میں کنگھی[1] کر رہے تھے؟ 2- وہ کس کی جرابیں[2] رفو[3] کر رہی تھیں؟ 3- کیا وہ آگ جلا رہے تھے؟ 4- لڑکے آپس میں کیوں جھگڑ رہے تھے؟ 5- وہ کس بینک میں روپیہ جمع[4] کرا رہے تھے؟ 6- شیر صبح کہاں گرج[5] رہا تھا؟ 7- کیا وہ استاد کو توجہ[6] سے سن رہے تھے؟ 8- کتنے آدمی باغ میں جمع ہو رہے تھے؟ 9- بس پر پتھر کون پھینک رہا تھا؟ 10- ڈاکٹر مریض کا معائنہ کہاں کر رہا تھا؟ 11- آپ کے مکان کی مرمت کون کر رہا تھا؟ 12- پولیس جلوس کو کیوں منتشر[7] کر رہی تھی؟ 13- لوگ کس کا انتظار کر رہے تھے؟ 14- کیا لوگ جلدی جلدی سٹیشن پر پہنچ رہے تھے؟ 15- مزدور کام کب مکمل کر رہے تھے؟

**Vocabulary:**

1. comb 2. socks 3. to darn 4. to deposit 5. to roar 6. attentively 7. to disperse

## PAST PERFECT TENSE (ACTIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. My son had gone to school before I came home. | 1- میرے گھر آنے سے پہلے میرا بیٹا سکول جا چکا تھا۔ |
| 2. The girls had already sung the songs. | 2- لڑکیاں پہلے ہی گیت گا چکی تھیں۔ |
| 3. The washerman had pressed the clothes before the customer came. | 3- گاہک کے آنے سے پہلے دھوبی کپڑے استری کر چکا تھا۔ |
| 4. My brother had posted the letter of congratulation before I met him. | 4- میرے ملنے سے پہلے میرا بھائی مبارک باد کا خط ڈاک میں ڈال چکا تھا۔ |
| 5. The teams had reached the playing-field before the referee whistled. | 5- ریفری کے سیٹی بجانے سے پہلے ٹیمیں میدان میں اُتر چکی تھیں۔ |
| 6. All the candidates had entered the examination hall before the paper began. | 6- امتحان شروع ہونے سے پہلے تمام امیدوار کمرہ امتحان میں آ چکے تھے۔ |

| | |
|---|---|
| 7. The boys had plucked the flowers before the sun rose. | 7- سورج نکلنے سے پہلے لڑکے پھول توڑ چکے تھے۔ |
| 8. We had already heard this news. | 8- ہم پہلے ہی یہ خبر سُن چکے تھے۔ |
| 9. I had already considered your application. | 9- میں تمھاری درخواست پر پہلے ہی غور کر چکا تھا۔ |
| 10. The postman had delivered the letters before noon. | 10- ڈاکیا دوپہر سے پہلے چٹھیاں تقسیم کر چکا تھا۔ |

## NEGATIVE AND INTERROGATIVE SENTENCES

**In negative sentences we add 'not' between 'had' and the 'third form' of verb but in interrogative sentences or questions we begin with the question word or 'had' as the case may be.**

| | |
|---|---|
| 1. I had not sold my property before 1986. | 1- میں نے اپنی جائیداد 1986ء سے پہلے فروخت نہ کی تھی۔ |
| 2. You had not informed me of the decision till today. | 2- تم نے مجھے آج تک فیصلے کی اطلاع نہیں دی تھی۔ |
| 3. He had not applied for the job. | 3- وہ ملازمت کے لیے درخواست نہیں دے چکا تھا۔ |
| 4. We had not seen him before. | 4- ہم نے اس سے پہلے اس کو نہیں دیکھا تھا۔ |
| 5. Had the court not acquitted him till yesterday? | 5- کیا عدالت نے کل تک اسے بری نہیں کیا تھا؟ |
| 6. Why had the labourers called off the strike before they received wages? | 6- مزدوروں نے معاوضہ لینے سے پہلے ہڑتال کیوں کھول دی تھی؟ |
| 7. Had the plane taken off before the passengers arrived at the airport? | 7- کیا مسافروں کے ہوائی اڈے پہنچنے سے پہلے جہاز پرواز کر چکا تھا؟ |
| 8. Why had he not finished his work till sunset? | 8- سورج غروب ہونے تک اس نے کام کیوں ختم نہ کیا؟ |

9. How had the lion carried away the cow before sunset?

9- شام ہونے سے پہلے شیر گائے کو اٹھا کر کیسے لے گیا؟

10. Had Asghar scored a century before 4 o' clock?

10- کیا اصغر چار بجے تک سنچری بنا چکا تھا؟

11. Had the patient died before the treatment started?

11- کیا علاج شروع ہونے سے پہلے مریض مر چکا تھا؟

12. Had you offered your namaz before the azan call?

12- کیا تم اذان سے پہلے نماز پڑھ چکے تھے؟

13. Why had the police baton charged the people before they raised slogans?

13- لوگوں کے نعرے لگانے سے پہلے پولیس نے لاٹھیاں کیوں برسائی تھیں؟

14. Had the student misbehaved with the teacher before the headmaster came?

14- کیا ہیڈ ماسٹر کے آنے سے پہلے طالب علم استاد سے گستاخی کر چکا تھا؟

15. Had the officer accepted bribe before the police arrived?

15- کیا پولیس کے پہنچنے سے پہلے افسر رشوت لے چکا تھا؟

16. Had he not killed the snake before?

16- کیا اس نے پہلے سانپ نہیں مارا تھا؟

17. Who had built such a grand building before Shah Jehan built Taj Mehal?

17- شاہ جہاں کے تاج محل بنانے سے پہلے کس نے ایسی شاندار عمارت بنائی؟

18. Had the thief unlocked the door before the watchman came?

18- کیا چوکیدار کے آنے سے پہلے چور دروازے کا تالہ کھول چکا تھا؟

19. Since when had the shopkeeper decorated the shop?

19- دوکاندار نے دُکان کب سے سجا رکھی تھی؟

20. Why had the pople returned before the caravan reached?

20- قافلہ پہنچنے سے پہلے لوگ کیوں واپس جا چکے تھے؟

21. Why had you not bought a ticket before boarding the train?

21- گاڑی میں سوار ہونے سے پہلے تم نے ٹکٹ کیوں نہیں خریدا تھا؟

## Exercise

1- کیا تمھارا بھائی یہ امتحان پہلے ہی پاس کر چکا تھا؟ 2- میں نے اتنا خوبصورت جانور پہلے نہیں دیکھا تھا۔ 3- کیا مدد ملنے سے پہلے زخمی[1] مر چکا تھا؟ 4- تمھارے پہنچنے سے پہلے وہ سکول نہیں جا چکا تھا۔ 5- سورج پانچ بجے سے پہلے غروب نہیں ہوا تھا۔ 6- پولیس کے آنے سے پہلے لوگوں نے چور کو کیوں نہیں پکڑا تھا؟ 7- جب میں سٹیڈیم پہنچا تو میچ ختم نہیں ہو چکا تھا۔ 8- کیا گاڑی چھ بجے سے پہلے روانہ ہو چکی تھی؟ 9- ان بچوں نے پہلے کبھی شیر نہیں دیکھا تھا۔ 10- کیا اس کی پیدائش سے پہلے اس کا باپ مر چکا تھا؟ 11- حمید نے اب تک قرضہ[2] کیوں واپس نہیں کیا تھا؟ 12- کیا تم نے میرے آنے سے پہلے ناول ختم کر لیا تھا؟ 13- کیا طلبہ وقت سے پہلے ہی پرچہ حل[3] کر چکے تھے؟ 14- مہمان وہاں شام ہونے سے پہلے نہیں پہنچے تھے۔ 15- میرے سکول میں داخل ہونے سے پہلے چپڑاسی نے گھنٹی نہیں بجائی تھی۔

**Vocabulary:**

1. wounded 2. loan 3. to solve

## Exercise

1- وہ اس سے پہلے گاڑی میں سوار نہیں ہوا تھا۔ 2- سیلاب[1] آنے کے بعد لوگ گاؤں چھوڑ کر کہاں چلے گئے تھے؟ 3- کیا پولیس کے پہنچنے سے پہلے چور نقب[2] لگا چکا تھا؟ 4- زلزلے[3] سے پہلے آندھی نے چھتیں نہیں اُڑائیں تھیں۔ 5- میری تقریر سے پہلے کس نے تقریر کی تھی؟ 6- کیا تم تاریخ اسلام پہلے ہی پڑھ چکے تھے؟ 7- ہم نے ایسا خطرناک[4] سانپ پہلے نہیں دیکھا تھا۔ 8- تم نے ایسا حیرت انگیز[5] نظارہ[6] پہلے نہیں دیکھا تھا۔ 9- میں نے ایسی دلچسپ کہانی پہلے نہیں سنی تھی۔ 10- انھوں نے ایسا دلکش[7] نظارہ پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ 11- کیا موٹر کار خریدنے سے پہلے وہ کافی روپیہ بچا[8] چکا تھا؟ 12- سورج نکلنے سے پہلے شکاری جال نہیں بچھا[9] چکا تھا۔ 13- کیا ریچھ کے پہنچنے سے پہلے وہ درخت پر چڑھ چکا تھا؟ 14- انسپکٹر کے آنے سے پہلے کوئی سکول سے باہر نہیں گیا تھا۔ 15- کیا مہمانوں کے آنے سے پہلے تم گھر سجا چکے تھے؟ 16- جب میں گھر سے نکلا تو سورج غروب نہیں ہوا تھا۔

**Vocabulary:**

1. flood 2. to break into 3. earthquake 4. dangerous 5. amazing, wonderful
6. sight 7. attractive 8. to save 9. to set

## PAST PERFECT CONTINUOUS TENSE (ACTIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. He had been writing the letter for an hour. | 1- وہ ایک گھنٹے سے خط لکھ رہا تھا۔ |
| 2. The girl had been reading this book for ten days. | 2- لڑکی دس دن سے یہ کتاب پڑھ رہی تھی۔ |
| 3. I had been making this picture for a month. | 3- میں ایک ماہ سے یہ تصویر بنا رہا تھا۔ |

| | |
|---|---|
| 4. People had been waiting for your return home for four years. | 4- لوگ چار سال سے تمھاری وطن واپسی کا انتظار کر رہے تھے۔ |
| 5. We had been playing the match since 9 o' clock. | 5- ہم نو بجے سے میچ کھیل رہے تھے۔ |
| 6. The boy had been suffering from fever since Monday. | 6- لڑکا سوموار سے بخار میں مبتلا تھا۔ |
| 7. You had been preparing for the examination since October. | 7- تم اکتوبر سے امتحان کی تیاری کر رہے تھے۔ |
| 8. They had been living in this house since 1983. | 8- وہ 1983ء سے اس مکان میں رہ رہے تھے۔ |
| 9. I had been planting trees since the 16th. | 9- میں 16 تاریخ سے درخت لگا رہا تھا۔ |
| 10. It had been raining since morning. | 10- صبح سے بارش ہو رہی تھی۔ |
| 11. It had been raining for two days. | 11- بارش دو دن سے ہو رہی تھی۔ |
| 12. We had been swimming since 3 o'clock. | 12- ہم تین بجے سے تیر رہے تھے۔ |
| 13. We had been swimming for three hours. | 13- ہم تین گھنٹے سے تیر رہے تھے۔ |
| 14. You had been preparing the speech since Tuesday. | 14- تم منگل سے تقریر تیار کر رہے تھے۔ |
| 15. You had been preparing the speech for five days. | 15- تم پانچ روز سے تقریر تیار کر رہے تھے۔ |

**We find that in translating sentences relating to past perfect tense we use 'had been' and the first form of verb with 'ing'. We also find that where the time of starting an action is given, word 'since' is used but when the duration or span of time is given, word 'for' is used.**

**The following table will make it more clear:**

| since | | for | |
|---|---|---|---|
| since 7 o'clock | سات بجے سے | for five hours | پانچ گھنٹے سے |
| since Thursday | جمعرات سے | for four days | چار دن سے |
| since June | جون سے | for three months | تین ماہ سے |
| since 1980 | 1980ء سے | for two years | دو سالوں سے |
| since the 20th | 20 تاریخ سے | for six weeks | چھ ہفتوں سے |
| since morning | صبح سے | for ten minutes | دس منٹ سے |
| since evening | شام سے | for two nights | دو راتوں سے |

## Exercise

1- لوگ دو گھنٹے سے آگ بجھا رہے تھے۔ 2- تم تین دن سے مضمون[1] لکھ رہے تھے۔ 3- میں دوپہر سے تمھارا انتظار کر رہا تھا۔ 4- آپ مارچ سے چینی کا کاروبار[2] کر رہے تھے۔ 5- حمید تین ماہ سے پودے لگا[3] رہا تھا۔ 6- کتے شام سے بھونک رہے تھے۔ 7-گیدڑ 25 منٹ سے چیخ[4] رہے تھے۔ 8- مرغا صبح سے اذان[5] دے رہا تھا۔ 9- موچی[6] منگل سے جوتا تیار کر رہا تھا۔ 10- وہ دو دن سے خیرات[7] دے رہا تھا۔ 11- گھڑی ساز 11 بجے سے میری گھڑی مرمت کر رہا تھا۔ 12- ایک گھنٹے سے بوندا باندی[8] ہو رہی تھی۔13- طلبہ 15 منٹ سے شور مچا رہے تھے۔ 14- لڑکیاں پانچ بجے سے گیت گا رہی تھیں۔ 15- بچے آدھے گھنٹے سے کاغذ کی کشتیاں[9] بنا رہے تھے۔

**Vocabulary:**

1. essay 2. business 3. to plant 4. to howl 5. to crow 6. cobbler 7. alms 8. drizzling 9. paper boats

## NEGATIVE SENTENCES

**In negative sentences 'not' is used between 'had' and 'been' followed by the first form of verb with 'ing' as:**

| | |
|---|---|
| 1. The friends had not been talking for twenty minutes. | 1- دوست بیس منٹ سے باتیں نہیں کر رہے تھے۔ |
| 2. The boy had not been wasting time since 2 o'clock. | 2- لڑکا دو بجے سے وقت ضائع نہیں کر رہا تھا۔ |
| 3. The girls had not been washing clothes since morning. | 3- لڑکیاں صبح سے کپڑے نہیں دھو رہی تھیں۔ |
| 4. I had not been sleeping since noon. | 4- میں دوپہر سے سو نہیں رہا تھا۔ |
| 5. Majid had not been doing his work for three days. | 5- مجید تین دن سے اپنا کام نہیں کر رہا تھا۔ |
| 6. You had not been reading the newspaper since October. | 6- آپ اکتوبر سے اخبار نہیں پڑھ رہے تھے۔ |
| 7. People had not been raising slogans for two hours. | 7- لوگ دو گھنٹے سے نعرے نہیں لگا رہے تھے۔ |
| 8. The lion had not been roaring in the zoo since evening. | 8- شیر شام سے چڑیا گھر میں نہیں گرج رہا تھا۔ |

9. The parrot had not been talking for four days.
9- طوطا چار دن سے باتیں نہیں کر رہا تھا۔

10. The poor woodcutter had not been cutting trees for one month.
10- غریب لکڑہارا ایک ماہ سے درخت نہیں کاٹ رہا تھا۔

11. The hen had not been laying eggs since Friday.
11- مرغی جمعہ سے انڈے نہیں دے رہی تھی۔

12. My brother had not been taking the examination since the $11^{th}$.
12- میرا بھائی گیارہ تاریخ سے امتحان نہیں دے رہا تھا۔

13. The boatman had not been rowing the boat for three hours.
13- ملاح کشتی تین گھنٹے سے نہیں چلا رہا تھا۔

14. Salim had not been counting the books for fifteen minutes.
14- سلیم پندرہ منٹ سے کتابیں نہیں گن رہا تھا۔

15. I had not been taking exercise since 2018.
15- میں 1985ء سے ورزش نہیں کر رہا تھا۔

## Exercise

1- تمھارا بھائی کئی دنوں سے گھر کا کام[1] نہیں کر رہا تھا۔ 2- ڈاکیا اتوار سے اپنے حلقے کی چٹھیاں نہیں لا رہا تھا۔ 3- بچہ سات بجے سے دودھ نہیں پی رہا تھا۔ 4- ماہی گیر سوموار سے مچھلیاں نہیں پکڑ رہے تھے۔ 5- مزدور چھ اکتوبر سے کنواں نہیں کھود[2] رہے تھے۔ 6- لڑکا دو گھنٹے سے کھلونا لینے کے لیے اصرار[3] نہیں کر رہا تھا۔ 7- بکریاں صبح سے کھیتوں میں نہیں چر[4] رہی تھی۔ 8- طالب علم پچھلے کئی دنوں سے سکول میں حاضر نہیں ہو رہا تھا۔ 9- صحرا[5] میں دو سال سے بارش نہیں ہو رہی تھی۔ 10- نوکرانی صبح سے صفائی نہیں کر رہی تھی۔ 11- نجمہ پانچ دن سے کھانا نہیں کھا رہی تھی۔ 12- میں مئی سے اس دفتر میں کام نہیں کر رہا تھا۔ 13- کسان کل سے کھیتوں میں کام نہیں کر رہا تھا۔ 14- ہم ایک ہفتے سے اس درخواست پر غور[6] نہیں کر رہے تھے۔ 15- ریل گاڑی پندرہ دن سے لیٹ نہیں آ رہی تھی۔

**Vocabulary:**

1. homework 2. to dig 3. to insist 4. to graze 5. desert 6. consider

## INTERROGATIVE SENTENCES

**In interrogative sentences we simply begin the sentences with 'had' or the question word followed by 'had'.**

1. Had the children been playing for an hour?
1- کیا بچے ایک گھنٹے سے کھیل رہے تھے؟

2. Why had the girl been sleeping since one o'clock?
2- لڑکی ایک بجے سے کیوں سو رہی تھی؟

| | |
|---|---|
| 3. Had you been living in this house since July? | 3- کیا تم اس مکان میں جولائی سے رہ رہے تھے؟ |
| 4. Since when had he been staying with you? | 4- وہ کب سے آپ کے پاس ٹھہرا ہوا تھا؟ |
| 5. Had the players been playing for forty minutes? | 5- کیا کھلاڑی چالیس منٹ سے کھیل رہے تھے؟ |
| 6. Where had you been wandering for two hours? | 6- تم دو گھنٹے سے کہاں آوارہ گردی کرتے رہے تھے؟ |
| 7. Had he been smelling flowers for ten minutes? | 7- کیا وہ دس منٹ سے پھول سُونگھتا رہا تھا؟ |
| 8. Since when had the student been copying? | 8- طالب علم کب سے نقل کر رہا تھا؟ |
| 9. Why had the people been clapping for five minutes? | 9- لوگ پانچ منٹ سے کیوں تالیاں بجاتے رہے تھے؟ |
| 10. Had the mountaineers been climbing K-2 since May? | 10- کیا کوہ پیما کے۔ٹو پر مئی سے چڑھتے رہے تھے؟ |
| 11. Why had your clerk been deceiving you for a week? | 11- تمھارا کلرک تمھیں ایک ہفتے سے کیوں دھوکا دیتا رہا تھا؟ |
| 12. Had the hounds been chasing the rabbit since 6 o'clock? | 12- کیا کتے چھ بجے سے خرگوش کا پیچھا کر رہے تھے؟ |
| 13. Where had they been burying the treasure since 1981? | 13- وہ 1981ء سے خزانہ کہاں دفن کرتے رہے تھے؟ |
| 14. Had your friend been boasting of for many hours? | 14- کیا تمھارا دوست کئی گھنٹوں سے شیخی بگھار رہا تھا؟ |
| 15. Had you been applying for this post since March? | 15- کیا تم اس آسامی کے لیے مارچ سے درخواستیں دیتے رہے تھے؟ |

## Exercise

1- کیا چاند شام سے چمک[1] رہا تھا؟ 2- کیا میانداد تین گھنٹے سے دوڑیں بناتا رہا تھا؟ 3- کیا جہانگیر 1980ء سے سکواش کے میچ جیت رہا تھا؟ 4- تمھارا بھائی کب سے میزبانی[2] کرتا رہا تھا؟ 5- کیا تم دو دن سے برف باری سے لطف اندوز[3] ہوتے رہے تھے؟

6- کیا کتا تمھیں پانچ منٹ سے کاٹتا[4] رہا تھا؟ 7- کیا یہ ڈاکیا اس حلقے کی چٹھیاں 1983ء سے لا رہا تھا؟ 8- کیا اس کا بھائی پانچ ماہ سے اس دفتر میں ملازمت نہیں کر رہا تھا؟ 9- مزدور کتنے دنوں سے کنواں کھود رہے تھے؟ 10- ڈرائیور تین دن سے کار کیسے چلا رہا تھا؟ 11- چپڑاسی کتنی دیر سے گھنٹی بجا تا رہا تھا؟ 12- وہ کب سے پھل بیچ رہا تھا؟ 13- کیا وہ نو بجے سے سڑک کے کنارے کھڑا رہا تھا؟ 14- تمھارے گھر پر بدھ سے پتھر کون پھینکتا رہا تھا؟ 15- کیا تمھارا بھائی دو ہفتے سے تمھیں نصیحتیں[5] نہیں کرتا رہا تھا؟

**Vocabulary:**

1. to shine 2. to play host 3. to enjoy 4. to bite 5. to advise

# PAST INDEFINITE TENSE (PASSIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. The letter was posted. | 1- چٹھی ڈاک میں ڈال دی گئی۔ |
| 2. Grass was cut. | 2- گھاس کاٹ لی گئی۔ |
| 3. Birds were caught. | 3- پرندے پکڑ لیے گئے۔ |
| 4. The thieves were arrested. | 4- چور گرفتار کر لیے گئے۔ |
| 5. Saeed was fined. | 5- سعید کو جرمانہ کیا گیا۔ |
| 6. Pots were broken by Najma. | 6- برتن نجمہ سے ٹوٹ گئے۔ |
| 7. They were punished. | 7- انھیں سزا دی گئی۔ |
| 8. The snake was killed. | 8- سانپ مار ڈالا گیا۔ |
| 9. The watch was lost somewhere. | 9- گھڑی کہیں گم ہو گئی۔ |
| 10. The match was played at the Gaddafi Stadium. | 10- میچ قذافی سٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ |

**In the given sentences we have used 'was' or 'were' with the third form of verb.**

## Exercise

1- شیر پنجرے میں ڈال دیا گیا۔ 2- دروازہ بہت دفعہ کھٹکھٹایا گیا۔ 3- چٹھی پر کم مالیت[1] کا ٹکٹ لگایا گیا۔ 4- گرم دودھ پیا گیا۔ 5- لیڈر کو ہار[2] پہنایا گیا۔ 6- کام وقت سے پہلے مکمل کر لیا گیا۔ 7- بسنت کے موقع پر پتنگیں اُڑائی گئیں۔ 8- زخمی کو وقت پر مدد دی گئی۔ 9- بچوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ 10- اس کو کامیابی پر مبارک باد دی گئی۔ 11- افسر کا گرمجوشی[3] سے استقبال[4] کیا گیا۔ 12- اونٹوں پر بوجھ[5] لادا گیا۔ 13- گھوڑے کو لگام دی گئی۔ 14- جائیداد سب بھائیوں میں تقسیم کر دی گئی۔ 15- تھانے پر حملہ بول دیا گیا۔

**Vocabulary:**

1. cheap rate 2. to garland 3. warmly 4. to receive 5. to load

## NEGATIVE SENTENCES

**In translating negative sentences 'not' is used between 'was' or 'were' and the third form of the verb as follows:**

| | |
|---|---|
| 1. The result was not announced on time. | 1- نتیجے کا اعلان وقت پر نہ کیا گیا۔ |
| 2. He was not turned out of the house. | 2- اس کو گھر سے نہ نکالا گیا۔ |
| 3. Shops and houses were not decorated. | 3- دکانوں اور مکانوں کو نہ سجایا گیا۔ |
| 4. The accused was not released on bail. | 4- ملزم کو ضمانت پر رہا نہ کیا گیا۔ |
| 5. The door was not painted. | 5- دروازے پر پینٹ نہ کیا گیا۔ |
| 6. Wheat was not sold cheap. | 6- گندم سستی نہ بیچی گئی۔ |
| 7. Full amount was not recovered. | 7- پوری رقم وصول نہ کی گئی۔ |
| 8. The patient was not operated upon carefully. | 8- مریض کا آپریشن احتیاط سے نہ کیا گیا۔ |
| 9. The cow was not milked. | 9- گائے کا دودھ نہ نکالا گیا۔ |
| 10. No tree was cut. | 10- کوئی درخت نہ کاٹا گیا۔ |

## INTERROGATIVE SENTENCES

**In interrogative sentences or questions we use 'was' or 'were' before the subject or the question words come before 'was' or 'were' as follows:**

| | |
|---|---|
| 1. Were all books burnt? | 1- کیا تمام کتابیں جلا دی گئیں؟ |
| 2. Was this road repaired? | 2- کیا اس سڑک کی مرمت کر دی گئی؟ |
| 3. When was the room swept? | 3- کمرے سے جھاڑو کب دیا گیا؟ |
| 4. How was this difficult task done? | 4- یہ مشکل کام کیسے کیا گیا؟ |
| 5. Where was the boy awarded prize for his bravery? | 5- لڑکے کو اس کی بہادری کا انعام کہاں دیا گیا؟ |
| 6. Where was the man fired? | 6- آدمی کو گولی کہاں ماری گئی؟ |
| 7. Who was given the certificate? | 7- سرٹیفکیٹ کس کو دیا گیا؟ |
| 8. When was the plot made? | 8- سازش کب تیار کی گئی؟ |
| 9. Who was killed by the police? | 9- پولیس کے ہاتھوں کون مارا گیا؟ |
| 10. How was this change brought about? | 10- یہ تبدیلی کیسے لائی گئی؟ |

## Exercise

1- آم کیسے چوری کیے گئے؟ 2- کتنے سنگترے توڑے گئے؟ 3- کس بینک کولوٹا گیا؟ 4- بند کہاں باندھا گیا؟ 5- کتارات کونہ باندھا گیا۔ 6- ناشتہ[1] وقت پر نہ کیا گیا۔ 7- دیوار نہ گرائی گئی۔ 8- کار میں کسی کو نہ لایا گیا۔ 9- بیچارے مریض کو ٹیکہ نہ لگایا گیا۔ 10- کیا غریب آدمی سے نفرت کی گئی؟ 11- یہ راز کسی کو نہ بتایا گیا۔ 12- جنگل سے کوئی درخت نہ کاٹا گیا۔ 13- قفل کس طرح توڑا گیا؟ 14- چائے اس وقت کیوں بنائی گئی؟ 15- مردے[2] کو کہاں دفن کیا[3] گیا؟ 16- مجھے اطلاع[4] نہ دی گئی۔ 17- ملزم کو دو سال کی قید[5] نہ دی گئی۔ 18- پٹاخے[6] کہاں چلائے[7] گئے؟ 19- رقم کیسے کھوگئی؟ 20- نیا سکول کہاں کھولا گیا؟ 21- اُسے اس قدر کیوں پیٹا گیا؟ 22- قاتل کو پھانسی کیوں نہ دی گئی؟ 23- حاجی کی تلاشی[8] نہ لی گئی۔ 24- اس لڑکے کو معاف نہ کیا گیا۔ 25- بشیر کو کالج میں داخلہ نہ دیا گیا۔

**Vocabulary:**

1. breakfast 2. the dead 3. to bury 4. to inform 5. sentence to 6. crackers
7. to fire, to let off 8. to search

## PAST CONTINUOUS TENSE
## (PASSIVE VOICE)
## AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. Mangoes were being loaded in the ox-cart. | 1- آم بیل گاڑی پر لادے جا رہے تھے۔ |
| 2. Passengers' tickets were being checked. | 2- مسافروں کے ٹکٹ دیکھے جا رہے تھے۔ |
| 3. The friend was being congratulated on his success. | 3- دوست کو کامیابی پر مبارک باد دی جا رہی تھی۔ |
| 4. All the plants were being uprooted. | 4- تمام پودے اکھاڑے جا رہے تھے۔ |
| 5. All the political leaders were being set free. | 5- تمام سیاسی لیڈر رہا کیے جا رہے تھے۔ |
| 6. Some eggs were being thrown away. | 6- کچھ انڈے پھینکے جا رہے تھے۔ |
| 7. Invitation letters were being written. | 7- دعوتی رقعے لکھے جا رہے تھے۔ |
| 8. The brave officer was being awarded a medal. | 8- بہادر افسر کو تمغہ دیا جا رہا تھا۔ |
| 9. The news was being broadcast on the radio. | 9- ریڈیو پر خبریں نشر کی جا رہی تھی۔ |
| 10. New canal was being dug there. | 10- وہاں نئی نہر کھودی جا رہی تھی۔ |
| 11. Bricks were being brought from the kiln. | 11- اینٹیں بھٹے سے لائی جا رہی تھی۔ |
| 12. The foundation of the new hospital was being laid. | 12- نئے ہسپتال کی بنیاد رکھی جا رہی تھی۔ |
| 13. Children were being inoculated against measles. | 13- بچوں کو خسرہ کا ٹیکہ لگایا جا رہا تھا۔ |
| 14. Clothes were being pressed carefully. | 14- کپڑے احتیاط سے استری کیے جا رہے تھے۔ |
| 15. Naughty children were being punished. | 15- شرارتی بچوں کو سزا دی جا رہی تھی۔ |

In translating sentences belonging to past continuous tense 'was' or 'were' is followed by 'being' and the third form of verb.

## Exercise

1- کنویں سے پانی نکالا[1] جارہا تھا۔ 2- تمام کمروں میں سفیدی کی جارہی تھی۔ 3- سامان کی پڑتال[2] کی جارہی تھی۔ 4- غریب آدمی کوستایا[3] جارہا تھا۔ 5- جوتے پالش کیے جارہے تھے۔ 6- معاہدے[4] پر دستخط کیے جارہے تھے۔ 7- امیروں پر ٹیکس لگایا جارہا تھا۔ 8- کھیتوں کو پانی دیا جارہا تھا۔ 9- زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد[5] دی جارہی تھی۔ 10- صدر کو اللہ حافظ کہا جارہا تھا۔ 11- جھنڈے کو قلعے پر لہرایا[6] جارہا تھا۔ 12- کئی بے گناہوں[7] کو گرفتار کیا جارہا تھا۔ 13- مجید کے حق میں ووٹ ڈالے جارہے تھے۔ 14- نسیمہ سیکرٹری کے عہدے کے لیے چنی[8] جارہی تھی۔ 15- ووٹروں کی فہرست تیار کی جارہی تھی۔ 16- جہاز کو سمندر میں اُتارا[9] جارہا تھا۔ 17- ہر موٹر کار کو وہاں روکا جارہا تھا۔ 18- گھوڑے پر زین[10] کسی جارہی تھی۔ 19- آدمیوں کو ڈوبنے سے بچایا جارہا تھا۔ 20- بے ٹکٹ[11] مسافروں کو جرمانہ کیا جارہا تھا۔ 21- قلعے کی حفاظت کی جارہی تھی۔ 22- اس جگہ تصویروں کی نمائش[12] کی جارہی تھی۔ 23- ہال کمرے میں جلسہ منعقد[13] کیا جارہا تھا۔ 24- غریب طالبعلم سے اظہار ہمدردی[14] کیا جارہا تھا۔ 25- وہاں معذوروں[15] کی دیکھ بھال اچھی طرح کی جارہی تھی۔

**Vocabulary:**

1. to draw 2. to check 3. to tease 4. agreement 5. first aid 6. to wave
7. innocent 8. to select 9. to launch 10. to saddle 11. ticketless 12. to exhibit
13. to hold 14. to sympathise 15. disable

## NEGATIVE AND INTERROGATIVE SENTENCES

**While translating negative sentences we use 'not' between 'was' or 'were' and 'being'. In translating question or interrogative sentences 'was' or 'were' is followed by the subject but question comes before 'was' or 'were':**

| | |
|---|---|
| 1. The children were not being given toys. | 1- بچوں کو کھلونے نہیں دیے جارہے تھے۔ |
| 2. The plants were not being watered. | 2- پودوں کو پانی نہیں دیا جارہا تھا۔ |
| 3. The book was not being bound. | 3- کتاب کی جلد نہیں کی جارہی تھی۔ |
| 4. The flies were not being killed. | 4- مکھیاں نہیں ماری جارہی تھیں۔ |
| 5. Dirty clothes were not being put aside. | 5- میلے کپڑے ایک طرف رکھے نہیں جارہے تھے۔ |
| 6. The parrot was not being taken out of the cage. | 6- طوطا پنجرے سے نہیں نکالا جارہا تھا۔ |
| 7. When was the horse being shoed? | 7- گھوڑے کو نعل کب لگائے جارہے تھے؟ |
| 8. Which bird was being aimed at? | 8- کس پرندے پر نشانہ باندھا جارہا تھا؟ |

| | |
|---|---|
| 9. Was the horse being shoed? | 9- کیا گھوڑے کے نعل باندھے جا رہے تھے؟ |
| 10. Why was the volleyball being deflated? | 10- والی بال سے ہوا کیوں نکالی جا رہی تھی؟ |
| 11. Where was the car being repaired? | 11- گاڑی کی مرمت کہاں کی جا رہی تھی؟ |
| 12. Was the bride being given presents? | 12- کیا دُلھن کو تحفے دیے جا رہے تھے؟ |
| 13. Where were songs being heard? | 13- گیت کہاں سنے جا رہے تھے؟ |
| 14. How was the land being measured? | 14- زمین کی پیمائش کیسے کی جا رہی تھی؟ |
| 15. When were the students being photographed? | 15- طالب علموں کی تصویر کب لی جا رہی تھی؟ |
| 16. What was being bought from the market? | 16- مارکیٹ سے کیا خریدا جا رہا تھا؟ |
| 17. Was the crop not being harvested? | 17- کیا فصل کاٹی نہیں جا رہی تھی؟ |
| 18. How were the grains and the chaff being separated? | 18- دانے اور بھوسہ کیسے الگ کیے جا رہے تھے؟ |
| 19. Which machine was being used in the fields? | 19- کھیتوں میں کون سی مشین استعمال کی جا رہی تھی؟ |
| 20. Which energy was being used in the factory? | 20- کارخانے میں کون سی توانائی استعمال کی جا رہی تھی؟ |

## Exercise

1- باڑ[1] نہیں کاٹی جا رہی تھی۔ 2- پھول نہیں توڑے جا رہے تھے۔ 3- مشین کو تیل نہیں دیا جا رہا تھا۔ 4- مسافروں کو کہاں اُتارا[2] جا رہا تھا؟ 5- اس بے گناہ سے جرمانہ کیوں وصول کیا جا رہا تھا؟ 6- بہت سے کھانے نہیں پکائے جا رہے تھے۔ 7- گندے[3] انڈے نہیں پھینکے جا رہے تھے۔ 8- آلو کہاں لگائے جا رہے تھے؟ 9- اشتہارات نہیں لگائے جا رہے تھے۔ 10- کتنے آدمی حج پر بھیجے جا رہے تھے؟ 11- آپ کو کیا پیغام دیا جا رہا تھا؟ 12- قانون ساز[4] مجلس میں کتنے ممبر منتخب[5] کیے جا رہے تھے؟ 13- گورنر پنجاب کس کو بنایا جا رہا تھا؟ 14- کیا آوارہ کتوں[6] کو زہر[7] دیا جا رہا تھا؟ 15- مینڈکوں پر پتھر کیوں پھینکے جا رہے تھے؟ 16- کیا جنگلی جانوروں[8] کو شکار[9] کیا جا رہا تھا؟ 17- کیا لوگوں کو محفوظ مقامات پر بھیجا جا رہا تھا؟ 18- مرغیوں کو دانہ نہیں دیا جا رہا تھا۔ 19- گندم کا ذخیرہ[10] نہیں کیا جا رہا تھا۔ 20- کیا چینی کی چور بازاری[11] کی جا رہی تھی؟

**Vocabulary:**

1. hedge 2. to drop 3. rotten 4. legislative assembly 5. to elect 6. stray dogs 7. to poison 8. wild animals 9. to hunt 10. to store 11. to sell in black

# PAST PERFECT TENSE
# (PASSIVE VOICE)
# AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. Luggage had been loaded in the truck before evening. | 1- شام ہونے سے پہلے سامان ٹرک میں لاد لیا گیا تھا۔ |
| 2. All the registers had been collected till yesterday. | 2- کل تک تمام رجسٹر اکٹھے کر لیے گئے تھے۔ |
| 3. He had been beaten before he was handcuffed. | 3- اس کو ہتھکڑی لگانے سے پہلے پیٹا گیا تھا۔ |
| 4. People had been warned before the flood came. | 4- سیلاب آنے سے پہلے لوگوں کو خبردار کر دیا گیا تھا۔ |
| 5. The booking office had been opened before the train started. | 5- گاڑی روانہ ہونے سے پہلے ٹکٹ گھر کھولا جا چکا تھا۔ |
| 6. The picture had been completed till 5 o'clock. | 6- پانچ بجے تک تصویر مکمل ہو چکی تھی۔ |
| 7. Food had been prepared before noon. | 7- کھانا دوپہر سے پہلے تیار ہو چکا تھا۔ |
| 8. The President had been informed of his sore throat before he started his speech. | 8- تقریر شروع کرنے سے پہلے صدر کو اُس کے گلے میں خراش کے متعلق بتا دیا گیا تھا۔ |
| 9. The trader had been looted before he made a noise. | 9- تاجر کے شور مچانے سے پہلے اس کو لوٹ لیا گیا۔ |
| 10. Fire had been lit before it was night. | 10- رات ہونے سے پہلے آگ جلائی جا چکی تھی۔ |
| 11. The murderer had been hanged before his relatives arrived. | 11- رشتہ داروں کے آنے سے پہلے قاتل کو پھانسی دی جا چکی تھی۔ |
| 12. Both the men had been arrested before fight took place. | 12- لڑائی ہونے سے پہلے دونوں آدمیوں کو گرفتار کر لیا گیا تھا۔ |
| 13. All the fruit had been picked before March. | 13- مارچ سے پہلے سارا پھل چُن لیا گیا تھا۔ |
| 14. Fire had been put out before the people came to know of it. | 14- لوگوں کو خبر ہونے سے پہلے آگ بجھائی جا چکی تھی۔ |
| 15. The agreement had been signed before I came. | 15- میرے آنے سے پہلے معاہدے پر دستخط ہو چکے تھے۔ |

In the model sentences we have used 'had been' with the third form of verb.

## Exercise

1- دفتر دو بجے سے پہلے بند کر دیا گیا تھا۔ 2- شام سے پہلے مرغیوں کو ڈربے میں بند کر دیا گیا تھا۔ 3- صبح تک دشمن بھگایا[1] جا چکا تھا۔ 4- کئی ماہ پہلے شہر پر قبضہ کیا جا چکا تھا۔ 5- جلوس روانہ ہونے سے پہلے پولیس بلوائی جا چکی تھی۔ 6- ڈاک میں ڈالنے سے پہلے خط پر ٹکٹ[2] لگایا جا چکا تھا۔ 7- ہم پہلے ہی سامان باندھ چکے تھے۔ 8- سورج غروب ہونے تک مویشی ہانک[3] کر لائے جا چکے تھے۔ 9- آندھی آنے سے پہلے بچوں کو میدان سے بلا لیا گیا تھا۔ 10- ناشتہ لگانے[4] سے پہلے طشتریاں[5] صاف کی جا چکی تھیں۔ 11- استری کرنے سے پہلے کپڑے سکھائے جا چکے تھے۔ 12- دیوار پر کیل گاڑنے[6] سے پہلے نقشہ اُتارا[7] جا چکا تھا۔ 13- پرچہ حل کرنے سے پہلے وہ اپنا نام لکھ چکا تھا۔ 14- کھانا کھانے سے پہلے مہمان کو سرد مشروب[8] پیش کیا جا چکا تھا۔ 15- سیلاب آنے سے پہلے بند باندھا جا چکا تھا۔

**Vocabulary:**

1. to drive 2. to stamp 3. to drive 4. to serve 5. dishes 6. to drive a nail 7. to take off 8. cold drink

### NEGATIVE AND INTERROGATIVE SENTENCES

**When translating negative sentences 'not' is added just after 'had'. In case of question, however, 'had' is placed before the subject while question word is used before 'had' as given below:**

| | |
|---|---|
| 1. The traveller had not been returned home before evening. | 1- شام سے پہلے مسافر گھر نہیں لوٹا تھا۔ |
| 2. The hunter had not been hidden himself before setting the net. | 2- شکاری جال بچھانے سے پہلے نہیں چھپا تھا۔ |
| 3. Bricks had not been fired before April. | 3- اپریل سے پہلے اینٹیں نہیں پکائی گئی تھیں۔ |
| 4. Nothing had been known about this animal till today. | 4- آج تک اس جانور کے بارے میں کچھ معلوم نہیں کیا گیا تھا۔ |
| 5. The battle had not been fought before 1943. | 5- 1943ء سے پہلے جنگ لڑی نہیں جا چکی تھی۔ |
| 6. The exhibition had not been held before Monday. | 6- پیر سے پہلے نمائش نہیں لگائی گئی تھی۔ |

7. The prisoners had not been brought from prison before 9 o'clock.

7- قیدی 9 بجے سے پہلے جیل سے نہیں لائے گئے تھے۔

8. Property had not yet been divided among the brothers.

8- بھائیوں میں ابھی تک جائیداد تقسیم نہیں کی گئی تھی۔

9. Some men had not been arrested.

9- کچھ آدمیوں کو گرفتار نہیں کیا جا چکا تھا۔

10. Had the well been emptied before evening?

10- کیا کنواں شام سے پہلے خالی کیا جا چکا تھا؟

11. Had tickets been issued before you reached the railway station?

11- کیا آپ کے سٹیشن پر پہنچنے سے پہلے ٹکٹ جاری ہو چکے تھے؟

12. Why had the table been laid before the guests came?

12- مہمانوں کے آنے سے پہلے کھانا کیوں لگایا گیا تھا؟

13. Had the resolution been passed before you left?

13- کیا تمھارے جانے سے پہلے قرارداد منظور ہو چکی تھی؟

14. Who had been turned out of the house before the sunrise?

14- سورج نکلنے سے پہلے کس کو گھر سے نکال دیا گیا تھا؟

15. Why had this girl not been allowed to take examination?

15- اس لڑکی کو امتحان میں بیٹھنے سے کیوں روک دیا گیا تھا؟

16. Had he been disabled before war broke out?

16- کیا جنگ ہونے سے پہلے ہی اس کو معذور کر دیا گیا تھا؟

17. Why had the boy been expelled from college one month before the examination?

17- امتحان سے ایک ماہ پہلے لڑکے کو کالج سے کیوں نکال دیا گیا تھا؟

18. Which servant had been given the prize for honesty this morning?

18- آج صبح کس ملازم کو دیانتداری کا انعام دیا گیا تھا؟

19. Who had been robbed of his money before it was morning?

19- صبح ہونے سے پہلے کس کو روپے پیسے سے محروم کر دیا گیا تھا؟

20. How had the locks been opened after you went away?

20- آپ کے جانے کے بعد قفل کیسے کھولے گئے تھے؟

21. Why had the bomb not been discovered before the aeroplane took off?

21- جہاز کی پرواز سے پہلے بم کا انکشاف کیوں نہیں ہوا تھا؟

22. Had the decision been announced before the crowd left away?

22- کیا ہجوم کے چلے جانے سے پہلے فیصلہ سنا دیا گیا تھا؟

23. Had the pigeons not been caught in the net before eating grain?

23- کیا کبوتر دانہ چگنے سے پہلے جال میں نہیں پھنس چکے تھے؟

## Exercise

1- کیا ریفری[1] کے آنے سے پہلے میچ کھیلا جا چکا تھا؟ 2- مہمان کے جانے کے بعد مٹھائی نہیں لائی گئی تھی۔ 3- ہماری ملاقات سے پہلے وزیر سے کسی کو ملنے کی اجازت نہیں دی گئی تھی۔ 4- اسے پہلے ہی جرمانہ نہیں کیا جا چکا تھا۔ 5- گرنے سے پہلے درخت کاٹے نہیں جا چکے تھے۔ 6- نیا جوتا پہننے سے پہلے اس کا پاؤں زخمی نہیں ہوا تھا۔ 7- کیا پولیس کے گرفتار کرنے کے بعد ملزم مجسٹریٹ کے سامنے لایا گیا تھا؟ 8- کیا میرے آنے سے پہلے کھیت ہموار[2] کیا گیا تھا؟ 9- کیا بارش آنے سے پہلے ڈھیلے[3] توڑے جا چکے تھے؟ 10- کیا تمام چیزوں کو پہلے ہی جھاڑ[4] دیا گیا تھا؟ 11- نتیجہ نکلنے کے بعد اس کو اگلی جماعت میں ترقی[5] کیوں دی گئی تھی؟ 12- کیا جنگ ختم ہونے تک کئی افسروں کو اعزاز[6] دیے جا چکے تھے؟ 13- کیا 1930ء تک ٹی وی ایجاد[7] ہو چکا تھا؟ 14- گھڑی کو بارہ بجے سے پہلے چابی[8] کیوں نہیں دی گئی تھی؟ 15- کیا وقت سے پہلے تمھیں تنبیہ[9] نہیں کی گئی تھی؟ 16- کیا اس سے پہلے آپ کو دھوکا دیا گیا تھا؟ 17- کیا دسمبر سے پہلے بندروں کو جنگل سے بھگا[10] دیا گیا تھا؟ 18- کیا منگل سے پہلے چاند نہیں دیکھا گیا تھا؟ 19- کیا آندھی آنے سے پہلے دوکانیں بند کر دی گئی تھیں؟ 20- لوگوں کے احتجاج[11] سے پہلے افسر کو کیوں ریٹائر کر دیا گیا تھا؟ 21- شام سے پہلے چراغ کیوں جلائے گئے تھے؟ 22- عید آنے سے پہلے ملازموں کو تنخواہ کیوں نہیں دی گئی تھی؟ 23- کیا فقیروں کے آنے سے پہلے خیرات[12] تقسیم ہو چکی تھی؟ 24- اندھیرا ہونے سے پہلے چور کا تعاقب[13] کیوں نہیں کیا گیا تھا؟ 25- کیا گاڑی گزرنے سے پہلے پل کو آزمایا[14] جا چکا تھا؟ 26- پھول مرجھانے[15] سے پہلے کہاں پھینک دیے گئے تھے؟ 27- کیا آٹھ بجے سے پہلے کرایہ ادا کر دیا گیا تھا؟ 28- کیا اس سے پہلے چڑیا گھر میں اتنا بڑا شیر دیکھا گیا تھا؟ 29- کیا میرے گھر پہنچنے سے پہلے گوشت[16] کو بھون[17] لیا گیا تھا؟ 30- کیا مالک[18] کے آنے سے پہلے مکان مرمت[19] کر دیا گیا تھا؟

**Vocabulary:**

1. refree 2. to level 3. lumps 4. to dust 5. to promote 6. honour 7. to invent 8. to wind 9. to warn 10. to drive 11. protest 12. alms 13. to chase 14. to try 15. to wither 16. meat 17. roast 18. owner 19. to repair

# LESSON – 6

## FUTURE INDEFINITE TENSE
## (ACTIVE VOICE)
## AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. He will come to see me. | 1- وہ مجھے ملنے آئے گا۔ |
| 2. She will tell the lesson daily. | 2- وہ ہر روز سبق سنائے گی۔ |
| 3. They will go for a walk in the morning. | 3- وہ صبح سیر کو جائیں گے۔ |
| 4. You will accept the invitation of your friend. | 4- تم اپنے دوست کی دعوت قبول کرو گے۔ |
| 5. I shall see off my friends. | 5- میں اپنے دوستوں کو رخصت کروں گا۔ |
| 6. We shall work hard to get through the examination. | 6- ہم امتحان میں کامیابی کے لیے محنت کریں گے۔ |
| 7. Horses will graze in pastures. | 7- گھوڑے چراگاہوں میں چریں گے۔ |
| 8. The police will succeed in arresting the robber. | 8- پولیس ڈاکو کو پکڑنے میں کامیاب ہو جائے گی۔ |
| 9. This hen will lay an egg daily. | 9- یہ مرغی ہر روز انڈا دے گی۔ |
| 10. The procession will start from here at ten. | 10- جلوس یہاں سے دس بجے روانہ ہو گا۔ |
| 11. Girls will sing songs on the occasion of wedding. | 11- لڑکیاں شادی کے موقع پر گیت گائیں گی۔ |
| 12. Boys will go to see the show. | 12- لڑکے تماشا دیکھنے جائیں گے۔ |
| 13. The juggler will show his feats. | 13- مداری اپنے کرتب دکھائے گا۔ |
| 14. The wrestlers will land in the arena. | 14- پہلوان اکھاڑے میں اتریں گے۔ |
| 15. Flood will come in the rivers in the rainy season. | 15- برسات کے موسم میں دریاؤں میں سیلاب آئے گا۔ |
| 16. I will get a scholarship. | 16- میں وظیفہ حاصل کر کے رہوں گا۔ |
| 17. We will defeat the enemy. | 17- ہم دشمن کو شکست دے کے رہیں گے۔ |
| 18. He shall pay the fine. | 18- وہ ضرور جرمانہ ادا کرے گا۔ |
| 19. They shall wait for the President. | 19- وہ ضرور صدر کا انتظار کریں گے۔ |
| 20. You shall obey our order. | 20- تم ضرور ہمارے حکم کی تعمیل کرو گے۔ |

## Exercise

1- مسافر صبح سامان باندھ[1] لیں گے۔ 2- وہ اپنے دشمن کو معاف[2] کر دیں گے۔ 3- میں آج جلسے میں تقریر کروں گا۔ 4- ہوائی جہاز چار بجے اڈے پر اترے[3] گا۔ 5- ہم کراچی جانے والی گاڑی[4] پر سوار ہوں گے۔ 6- نانی اماں ہمیں دلچسپ کہانی سنائیں گی۔ 7- وہ آپ کی مدد کا شکریہ[5] ادا کریں گے۔ 8- ہوائی جہاز دس بجے پرواز[6] کر جائے گا۔ 9- میں ہر خطرے[7] کا سامنا کروں گا۔ 10- وہ اگلے سال یہ کتاب شائع[8] کریں گے۔ 11- بچے جھولوں[9] سے لطف اندوز ہوں گے۔ 12- حمید مکان کرائے[10] پر لے گا۔ 13- تم بینک سے قرضہ لو گے۔ 14- وہ اچھے بُرے دنوں[11] میں ہمارا ساتھ دیں گے[12]۔ 15- آپ کا بیٹا میرے ساتھ سفر[13] کرے گا۔

**Vocabulary:**

1. pack 2. forgive 3. land 4. Karachi bound train 5. to thank 6. take off
7. danger 8. to publish 9. swings 10. rent 11. through thick and thin
12. to stand by 13. to travel

## Exercise

1- ہم تمھارا انتظار کریں گے۔ 2- صرف چند لڑکے امتحان[1] دیں گے۔ 3- ہماری بہادر[2] فوج دشمن کے قلعے پر قبضہ[3] کر لے گی۔ 4- یہ ٹیم میچ ہار[4] جائے گی۔ 5- امیر غریبوں کی مدد کرے گا۔ 6- استاد اپنے شاگردوں کی راہنمائی[5] کریں گے۔ 7- تمھاری سہیلی تمھارے لیے پریشان[6] ہوگی۔ 8- نوکر بازار سے تازہ[7] انڈے خریدے گا۔ 9- میرا بھائی مجھے تحفے دے گا۔ 10- لڑکیاں سویٹر بُنیں[8] گی۔ 11- اس کا باپ اس کے لیے نیا موٹر سائیکل خریدے گا۔ 12 - چین ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دے گا۔ 13- ہم پاکستان سے محبت کریں گے۔ 14- وہ وطن کا وفادار[9] ثابت[10] ہوگا۔ 15- ہر پاکستانی پاکستان کے لیے جان قربان[11] کرے گا۔

**Vocabulary:**

1. to take examination 2. brave 3. capture 4. to lose 5. to guide 6. to worry
7. fresh 8. to knit 9. loyal 10. to prove 11. to lay down one's life

## NEGATIVE SENTENCES

**In the case of negative sentences 'not' is used between 'will' or 'shall' and the first form of verb as following model sentences show:**

| | |
|---|---|
| 1. Some students will not do their work regularly. | 1- کچھ طلبہ باقاعدہ کام نہیں کریں گے۔ |
| 2. The clerk will not come to office in time. | 2- کلرک وقت پر دفتر نہیں آئے گا۔ |
| 3. The officer will not warn the peon. | 3- افسر چپڑاسی کو تنبیہ نہیں کرے گا۔ |
| 4. Some servants will not work hard. | 4- بعض ملازم محنت سے کام نہیں کریں گے۔ |
| 5. The principal will not grant you leave. | 5- پرنسپل تمھاری چھٹی منظور نہیں کرے گا۔ |

| | |
|---|---|
| 6. The servant will not post the letter. | 6- نوکر خط ڈاک میں نہیں ڈالے گا۔ |
| 7. Your school will not open tomorrow. | 7- تمھارا سکول کل نہیں کھلے گا۔ |
| 8. Girls will not dance today. | 8- لڑکیاں آج رقص نہیں کریں گی۔ |
| 9. We shall not send for the doctor. | 9- ہم ڈاکٹر کو نہیں بلائیں گے۔ |
| 10. This child will not tell a lie. | 10- یہ بچہ جھوٹ نہیں بولے گا۔ |
| 11. Akram will not reach the station late. | 11- اکرم سٹیشن پر دیر سے نہیں پہنچے گا۔ |
| 12. He will not solve the whole paper. | 12- وہ سارا پرچہ حل نہیں کرے گا۔ |
| 13. You will not admit your mistake. | 13- تم اپنی غلطی کو نہیں مانو گے۔ |
| 14. I shall not forgive him. | 14- میں اسے معاف نہیں کروں گا۔ |
| 15. They will not forget this story. | 15- وہ اس کہانی کو نہیں بھولیں گے۔ |

## Exercise

1- پاکستان سیمنٹ درآمد[1] نہیں کرے گا۔ 2- دشمن جنگ نہیں جیتے[2] گا۔ 3- ہماری فوج شہروں کو تباہ[3] نہیں کرے گی۔ 4- آج آندھی[4] نہیں آئے گی۔ 5- کوئی سیاسی جماعت[5] جلوس نہیں نکالے گی۔ 6- میں آپ کو مدد دینے سے انکار[6] نہیں کروں گا۔ 7- وہ پھر کبھی ایسا نہیں کرے گا۔ 8- تیز گام آج دیر سے نہیں آئے گی۔ 9- وہ میرا حکم نہیں مانے[7] گا۔ 10- ہیڈ ماسٹر شرارتی[8] لڑکے کو سزا نہیں دے گا۔ 11- تم اپنے بیٹے کو نصیحت نہیں کرو گے۔ 12- میں نکمے بہانے[9] نہیں بناؤں گا۔ 13- ہم گندا[10] کھیل نہیں کھیلیں گے۔ 14- وہ میرے ساتھ اتفاق[11] نہیں کرے گا۔ 15- آپ ہوائی جہاز[12] سے سفر نہیں کریں گے۔

**Vocabulary:**

1. to import 2. win 3. to destroy 4. storm 5. political party 6. to refuse 7. to obey 8. naughty 9. lame excuses 10. foul, dirty 11. to agree with 12. by air

## INTERROGATIVE SENTENCES

**We begin interrogative sentences or questions with 'will' or 'shall' or some question word followed by 'will' or 'shall'.**

| | |
|---|---|
| 1. Who will face the danger for you? | 1- تمھارے لیے خطرے کا سامنا کون کرے گا؟ |
| 2. Will the people run after the mad dog? | 2- کیا لوگ پاگل کتے کے پیچھے بھاگیں گے؟ |
| 3. When will you vacate the house? | 3- تم مکان کب خالی کرو گے؟ |
| 4. Will the passengers miss the train? | 4- کیا مسافر گاڑی سے رہ جائیں گے؟ |

| | |
|---|---|
| 5. Why will the milkman mix water with milk? | 5- گوالا دودھ میں پانی کیوں ملائے گا؟ |
| 6. Will you offer fruit to the guests? | 6- کیا آپ مہمانوں کو پھل پیش کریں گے؟ |
| 7. Will the shopkeeper give short weight? | 7- کیا دوکاندار کم تولے گا؟ |
| 8. How will you pass a base coin? | 8- تم کھوٹہ سکہ کیسے چلاؤ گے؟ |
| 9. Who will oppose you? | 9- تمھاری مخالفت کون کرے گا؟ |
| 10. Where will the driver park the car? | 10- ڈرائیور گاڑی کہاں کھڑی کرے گا؟ |
| 11. When will Saleem pay back his loan? | 11- سلیم اپنا قرضہ کب واپس کرے گا؟ |
| 12. Will they look after your luggage? | 12- کیا وہ آپ کے سامان کی حفاظت کریں گے؟ |
| 13. When will you publish your book? | 13- آپ اپنی کتاب کب شائع کریں گے؟ |
| 14. Will you preach Islam? | 14- کیا آپ اسلام کی تبلیغ کریں گے؟ |
| 15. When will the snow melt on the mountains? | 15- برف پہاڑوں پر کب پگھلے گی؟ |

## Exercise

1- کیا تم اپنے دوست کو پہچان[1] لو گے؟ 2- وہ ہمیں اپنی بندوق دینے سے کیوں انکار[2] کر دیں گے؟ 3- کیا لڑکے یہ واقعہ یاد رکھیں گے؟ 4- کیا وزیر استعفیٰ[3] نہیں دے گا؟ 5- پولیس چھاپہ[4] کیوں مارے گی؟ 6- کیا یہ گونگا باتیں سنے گا؟ 7- دروازہ کون کھٹکھٹائے گا؟ 8- تم فٹ بال کو ٹھوکر[5] کیوں لگاؤ گے؟ 9- لڑکیاں سویٹر کب بُنیں گی؟ 10- کیا وہ پولیس کو چوری کی اطلاع دیں گے؟ 11- شکاری ہرن کا شکار کہاں کھیلے گا؟ 12- کیا اس کو والد کی جائیداد ورثہ[6] میں نہیں ملے گی؟ 13- تم رکشا کرائے پر کیوں نہیں لو گے؟ 14- لوگ عید کی نماز کہاں پڑھیں[7] گے؟ 15- پاکستان کون سی اشیا درآمد[8] کرے گا؟

**Vocabulary:**

1. to recognise 2. to refuse 3. to resign 4. to raid 5. kick 6. to inherit 7. offer 8. to import

## FUTURE CONTINUOUS TENSE (ACTIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. It will be raining now. | 1- اب بارش ہو رہی ہو گی۔ |
| 2. The sun will be rising. | 2- سورج طلوع ہو رہا ہو گا۔ |
| 3. The moon will be setting. | 3- چاند غروب ہو رہا ہو گا۔ |
| 4. The players will be playing in the field. | 4- کھلاڑی میدان میں کھیل رہے ہوں گے۔ |

| | |
|---|---|
| 5. The farmer will be smoking his pipe. | 5- کسان حقہ پی رہا ہوگا۔ |
| 6. The mother will be kissing her baby. | 6- ماں اپنے بچے کو چوم رہی ہوگی۔ |
| 7. The passengers will be buying the tickets. | 7- مسافر ٹکٹ خرید رہے ہوں گے۔ |
| 8. The children will be learning tables by heart. | 8- بچے پہاڑے زبانی یاد کر رہے ہوں گے۔ |
| 9. The teacher will be teaching English to the class. | 9- استاد جماعت کو انگلش پڑھا رہا ہوگا۔ |
| 10. The gardener will be watering the plants. | 10- مالی پودوں کو پانی دے رہا ہوگا۔ |
| 11. The thief will be breaking into the house. | 11- چور مکان میں نقب لگا رہا ہوگا۔ |
| 12. The people will be offering Eid namaz. | 12- لوگ نماز عید پڑھ رہے ہوں گے۔ |
| 13. The birds will be chirping in the trees. | 13- پرندے درختوں پر چہچہا رہے ہوں گے۔ |
| 14. The dyer will be dyeing the clothes. | 14- رنگ ریز کپڑے رنگ رہا ہوگا۔ |
| 15. The dogs will be fighting over the bone. | 15- کتے ہڈی پر لڑ رہے ہوں گے۔ |

## Exercise

1- طلبا گھر واپس جا رہے ہوں گے۔ 2- صدر جلسہ میں تقریر کر رہے ہوں گے۔ 3- معزز مہمان[1] انعامات تقسیم کر رہا ہوگا۔ 4- میں ڈرامے میں حصہ لے رہا ہوں گا۔ 5- بچہ اپنا کھلونا تلاش[2] کر رہا ہوگا۔ 6- ڈھول بجانے والے ڈھول بجا[3] رہے ہوں گے۔ 7- ہم مکان میں سفیدی کر رہے ہوں گے۔ 8- فوج دشمن پر گولیاں برسا رہی ہوگی۔ 9- تم دریا میں نہا رہے ہوگے۔ 10- وہ کتے کو چھڑی سے مار رہا ہوگا۔ 11- انجینئر پُل کی مرمت کر رہے ہوں گے۔ 12- میں کتاب کی جلد[4] بنا رہا ہوں گا۔ 13- پاگل کتا لوگوں کو کاٹ رہا ہوگا۔ 14- زخمی کا خون بہہ رہا ہوگا۔ 15- بچہ کھلونے توڑ رہا ہوگا۔

**Vocabulary:**

1. guest of honour 2. to look for 3. to beat drum 4. to bind

### NEGATIVE SENTENCES

**In translating negative sentence 'not' is used after 'will' that is before 'be' as under:**

| | |
|---|---|
| 1. Children will not be weeping. | 1- بچے نہیں رو رہے ہوں گے۔ |
| 2. You will not be laughing. | 2- تم ہنس نہیں رہے ہوگے۔ |
| 3. They will not be joking. | 3- وہ مذاق نہیں کر رہے ہوں گے۔ |
| 4. Majid will not be teasing his brother. | 4- مجید اپنے بھائی کو نہیں ستا رہا ہوگا۔ |
| 5. The lame person will not be riding the horse. | 5- لنگڑا گھوڑے پر سوار نہیں ہو رہا ہوگا۔ |

| | |
|---|---|
| 6. The beggar will not be begging. | 6- فقیر بھیک نہیں مانگ رہا ہوگا۔ |
| 7. The rich man will not be giving alms. | 7- امیر خیرات نہیں دے رہا ہوگا۔ |
| 8. The master will not be beating the slave. | 8- آقا غلام کو نہیں پیٹ رہا ہوگا۔ |
| 9. The lion will not be tearing the goat. | 9- شیر بکری کو نہیں چیر پھاڑ رہا ہوگا۔ |
| 10. The butcher will not be sharpening the knife. | 10- قصاب چھری تیز نہیں کر رہا ہوگا۔ |
| 11. You will not be slaughtering the hen. | 11- تم مرغی کو ذبح نہیں کر رہے ہو گے۔ |
| 12. Asghari will not be cutting the birthday cake. | 12- اصغری یوم پیدائش کا کیک نہیں کاٹ رہی ہوگی۔ |
| 13. The washer woman will not be pressing the clothes. | 13- دھوبن کپڑے استری نہیں کر رہی ہوگی۔ |
| 14. The goldsmith will not be making the ornaments. | 14- سنار زیور تیار نہیں کر رہا ہوگا۔ |
| 15. He will not be praying now. | 15- وہ اس وقت دعا نہیں مانگ رہا ہوگا۔ |

## Exercise

1- لوگ آج پتنگیں نہیں اُڑا رہے ہوں گے۔ 2- ڈاکٹر مریض کا آپریشن[1] نہیں کر رہا ہوگا۔ 3- گورنر میری عرضی پر غور[2] نہیں کر رہا ہوگا۔ 4- وہ صلح[3] نہیں کر رہے ہوں گے۔ 5- مریض دوائی کی خوراک نہیں پی رہا ہوگا۔ 6- بچے کاغذی کشتیاں نہیں تیرا رہے ہوں گے۔ 7- گاڑی تیز نہیں چل رہی ہوگی۔ 8- عورتیں ہار نہیں بنا رہی ہوں گی۔ 9- تم دوڑوں[4] میں حصہ نہیں لے رہے ہو گے۔ 10- موچی جوتے تیار نہیں کر رہے ہوں گے۔ 11- وہ مکان خالی نہیں کر رہے ہوں گے۔ 12- وہ مال سستا[5] نہیں بیچ رہے ہوں گے۔ 13- اچھے دوکاندار مال ذخیرہ[6] نہیں کر رہے ہوں گے۔ 14- سمگلر دن کے وقت سامان سمگل نہیں کر رہے ہوں گے۔ 15- نیک آدمی دودھ میں پانی نہیں ملا رہا ہوگا۔

**Vocabulary:**

1. to operate upon 2. to consider 3. to make peace 4. races 5. cheap 6. to hoard

## INTERROGATIVE SENTENCES

**In interrogative sentences, 'will' or 'shall' or question word followed by 'will' or 'shall' is used in the beginning of the sentences as in the following examples:**

| | |
|---|---|
| 1. Will the boy be reading his lesson? | 1- کیا لڑکا اپنا سبق یاد کر رہا ہوگا؟ |
| 2. Will the girls be dusting the things? | 2- کیا لڑکیاں چیزیں جھاڑ رہی ہوں گی؟ |

| | |
|---|---|
| 3. Why will you be reading their letter? | 3- تم ان کا خط کیوں پڑھ رہے ہو گے؟ |
| 4. When will the sun be rising? | 4- سورج کب نکل رہا ہوگا؟ |
| 5. How will he be flying the kite? | 5- وہ پتنگ کیسے اُڑا رہا ہوگا؟ |
| 6. Where will the women be singing? | 6- عورتیں کہاں گا رہی ہوں گی؟ |
| 7. What will you be thinking of? | 7- تم کیا سوچ رہے ہو گے؟ |
| 8. Where shall we be watching the match? | 8- ہم میچ کہاں دیکھ رہے ہوں گے؟ |
| 9. Where will the hunter be hiding himself? | 9- شکاری کہاں چھپ رہا ہوگا؟ |
| 10. Whom will he be telling the secret to? | 10- وہ راز کس کو بتا رہا ہوگا؟ |
| 11. How many men will be harvesting the crop? | 11- کتنے آدمی فصل کاٹ رہے ہوں گے؟ |
| 12. Why will you be laughing at him? | 12- تم اس آدمی پر کیوں ہنس رہے ہو گے؟ |
| 13. Why will the children be weeping? | 13- بچے کیوں رو رہے ہوں گے؟ |
| 14. When will you be going on journey? | 14- تم کب سفر پر روانہ ہو رہے ہو گے؟ |
| 15. Will I be dismounting from the horse? | 15- کیا میں گھوڑے سے اتر رہا ہوں گا؟ |

## Exercise

1- بچے کب سو رہے ہوں گے؟ 2- کسان فصل کب بو[1] رہے ہوں گے؟ 3- کیا مزدور سڑک ہموار[2] کر رہے ہوں گے؟ 4- لوگ کہاں جمع[3] ہو رہے ہوں گے؟ 5- ستارے کب چمک رہے ہوں گے؟ 6- کیا مسافر گھر پہنچ رہے ہوں گے؟ 7- ہم ان کا استقبال[4] کہاں کر رہے ہوں گے؟ 8- فوج ملک کا دفاع[5] کیسے کر رہی ہوگی؟ 9- کیا دونوں فریق[6] زمین کے اس ٹکڑے پر لڑ[7] رہے ہوں گے؟ 10- کیا تم میز کو پیچھے دھکیل[8] رہے ہوں گے؟ 11- وہ کیوں جھوٹ بول رہا ہوگا؟ 12- ریل گاڑی دیر سے کیوں آ رہی ہوگی؟ 13- کیا نوکر تازہ سبزی[9] خرید رہا ہوگا؟ 14- کیا لڑکی چرخہ[10] کات[11] رہی ہوگی؟ 15- کتنے مزدور پُل تعمیر کر رہے ہوں گے؟

**Vocabulary:**

1. to sow 2. to level 3. to gather 4. to receive 5. to defend 6. parties 7. to fight over 8. to push 9. vegetable 10. spinning wheel 11. to run

## FUTURE PERFECT TENSE (ACTIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. The sun will have set in. | 1- سورج غروب ہو چکا ہوگا۔ |
| 2. The guests will have come. | 2- مہمان آ چکے ہوں گے۔ |

| | |
|---|---|
| 3. We shall have taken a rest. | 3- ہم آرام کر چکے ہوں گے۔ |
| 4. The watchman will have gone home. | 4- چوکیدار گھر جا چکا ہوگا۔ |
| 5. You will have taken breakfast. | 5- تم ناشتہ کر چکے ہوگے۔ |
| 6. They will have offered the namaz. | 6- انھوں نے نماز پڑھ لی ہوگی۔ |
| 7. Children will have eaten sweets. | 7- بچوں نے مٹھائی کھالی ہوگی۔ |
| 8. The headmaster will have entered the office. | 8- ہیڈ ماسٹر دفتر میں داخل ہو چکا ہوگا۔ |
| 9. You will have received the money order. | 9- تم نے منی آرڈر وصول کر لیا ہوگا۔ |
| 10. We shall have changed the house. | 10- ہم مکان تبدیل کر چکے ہوں گے۔ |
| 11. The police will have dispersed the crowd. | 11- پولیس ہجوم کو منتشر کر چکی ہوگی۔ |
| 12. Robbers will have hidden themselves in the forest. | 12- ڈاکو جنگل میں چھپ چکے ہوں گے۔ |
| 13. Hounds will have fallen on the rabbit. | 13- کتے خرگوش پر جھپٹ پڑے ہوں گے۔ |
| 14. I shall have taken a walk by seven o'clock. | 14- میں سات بجے تک سیر کر چکا ہوں گا۔ |
| 15. The servant will have shut the hens in the pen. | 15- نوکر مرغیوں کو ڈربے میں بند کر چکا ہوگا۔ |

**You see that we have used 'will have' or 'shall have' and the third form of verb in the model sentences. Now translate accordingly.**

## Exercise

1- وہ دروازے کو تالا[1] لگا چکا ہوگا۔ 2- ہم صندوق کا قفل کھول[2] چکے ہوں گے۔ 3- مزدوروں نے ہڑتال کر دی ہوگی۔ 4- کلرک ہڑتال کھول چکے ہوں گے۔ 5- وہ اپنا کام مکمل کر چکے ہوں گے۔ 6- اس اجتماع میں کئی ملکوں نے حصہ[3] لیا ہوگا۔ 7- اچھے کھلاڑی انعامات حاصل کر چکے ہوں گے۔ 8- باغبان کیاریاں[4] تیار کر چکا ہوگا۔ 9- سلیم نے اپنے بھائی کی مدد کی ہوگی۔ 10- ہمارے دوست ہمارا انتظار کر چکے ہوں گے۔ 11- تم نے مجید کی سفارش[5] کر دی ہوگی۔ 12- میں جماعت کو امتحان کے بارے میں سب کچھ بتا چکا ہوں گا۔ 13- لڑکے مقابلے کے متعلق سب کچھ جان چکے ہوں گے۔ 14- زیبا اپنی سہیلی کو راز[6] بتا چکی ہوگی۔ 15- سوار گھوڑوں سے اتر چکے ہوں گے۔

**Vocabulary:**

1. to lock 2. to unlock 3. to take part 4. flower beds 5. to recommend 6. secret

## NEGATIVE SENTENCES

**While translating negative sentences 'not' is placed between 'will' or 'shall' and 'have' as:**

1. They will not have eaten mangoes. — 1- وہ آم نہیں کھا چکے ہوں گے۔
2. You will not have taken a bath. — 2- تم نہا نہیں چکے ہو گے۔
3. They will not have sworn in the court. — 3- وہ عدالت میں قسم نہیں کھا چکے ہوں گے۔
4. The robber will not have tied his hands and feet. — 4- ڈاکو نے اس کے ہاتھ پاؤں نہیں باندھے ہوں گے۔
5. The doctor will not have dressed the injured. — 5- ڈاکٹر نے زخمی کی مرہم پٹی نہیں کی ہوگی۔
6. Haider will not have sent the servant to you. — 6- حیدر نے نوکر کو تمھارے پاس نہیں بھیجا ہوگا۔
7. The potter will not have fired the pots. — 7- کمھار نے برتن نہیں پکائے ہوں گے۔
8. The bookbinder will not have bound the books. — 8- جلد ساز کتابوں کی جلد نہیں بنا چکا ہوگا۔
9. The hunter will not have caught any bird. — 9- شکاری نے کوئی پرندہ نہیں پکڑا ہوگا۔
10. The teacher will not have called the roll. — 10- استاد حاضری نہیں لگا چکے ہوں گے۔
11. The headmaster will not have forgiven the boys. — 11- ہیڈ ماسٹر نے لڑکوں کو معاف نہیں کیا ہوگا۔
12. The boys will not have begged for pardon. — 12- لڑکوں نے معافی نہیں مانگی ہوگی۔
13. This boy will not have pushed the blind man. — 13- اس لڑکے نے اندھے آدمی کو دھکا نہیں دیا ہوگا۔
14. The enemy will not have surrendered. — 14- دشمن نے ہتھیار نہیں ڈالے ہوں گے۔

## Exercise

1- انھوں نے یہ غلطی[1] نہیں کی[2] ہوگی۔ 2- وہ تنخواہ نہیں لے چکے ہوں گے۔ 3- میں نے تمھارا خط نہیں کھولا ہوگا۔ 4- استاد نے طالب علم کو بید[3] نہیں لگائے ہوں گے۔ 5- ہم نے ان کے سوالات کے جواب نہیں دیے ہوں گے۔ 6- کوئی مسافر بس میں سوار نہیں ہوا ہوگا۔ 7- رنگ ساز[4] نے دروازوں کو رنگ نہیں کیا ہوگا۔ 8- بھیڑیں ابھی چر[5] نہیں چکی ہوں گی۔ 9- گوالے نے بھینس کا دودھ[6] نہیں نکالا ہوگا۔ 10- گاؤں والوں نے اپنی مدد آپ نہیں کی ہوگی۔ 11- وہ جلوس میں شامل نہیں ہوئے ہوں گے۔ 12- باورچی نے کھانا تیار نہیں کیا ہوگا۔ 13- وہ اخبار نہیں پڑھ چکے ہوں گے۔ 14- ڈاکیا میرا خط نہیں لایا ہوگا۔ 15- اس نے غریب آدمی کا مذاق[7] نہیں اُڑایا ہوگا۔

**Vocabulary:**

1. mistake 2. to make 3. to cane 4. painter 5. to graze 6. to milk 7. to make fun of

## INTERROGATIVE SENTENCES

**While translating interrogative sentences 'will' or 'shall' or question word followed by 'will' or 'shall' is used in the beginning of the sentences as:**

| | |
|---|---|
| 1. Will all the birds have flown away? | 1- کیا تمام پرندے اُڑ چکے ہوں گے؟ |
| 2. Will my companions have packed the luggage? | 2- کیا میرے ساتھی سامان باندھ چکے ہوں گے؟ |
| 3. Will all the guests have taken their seats? | 3- کیا مہمان اپنی اپنی جگہ بیٹھ چکے ہوں گے؟ |
| 4. Why will they have left their work incomplete? | 4- انھوں نے اپنا کام کیوں ادھورا چھوڑ دیا ہوگا؟ |
| 5. When shall we have discouraged them? | 5- ہم نے ان کی حوصلہ شکنی کب کی ہوگی؟ |
| 6. Will you have gone to office at the fixed time? | 6- کیا تم مقررہ وقت پر دفتر جا چکے ہوگے؟ |
| 7. When will the officer have considered your application? | 7- افسر نے تمھاری درخواست پر کب غور کیا ہوگا؟ |
| 8. How will the people have put up their demands? | 8- لوگوں نے اپنے مطالبات کیسے پیش کیے ہوں گے؟ |
| 9. Will he have lost everything in gambling? | 9- کیا وہ جوئے میں سب کچھ ہار چکا ہوگا؟ |
| 10. Will your son have won distinction in the competition? | 10- کیا تمھارا بیٹا مقابلے میں امتیاز حاصل کر چکا ہوگا؟ |
| 11. Will the murderer have made good escape? | 11- کیا قاتل صاف بچ کر نکل گیا ہوگا؟ |
| 12. When will the government have brought down the prices? | 12- حکومت قیمتیں کب کم کر چکی ہوگی؟ |
| 13. Why shall I have forgiven him? | 13- میں اس کو کیوں معاف کر چکا ہوں گا؟ |
| 14. Will all the members have agreed to this proposal? | 14- کیا تمام اراکین نے اس تجویز سے اتفاق کیا ہوگا؟ |
| 15. Why will the director have turned down the project? | 15- ڈائریکٹر اس منصوبے کو کیوں مسترد کر چکا ہوگا؟ |

## Exercise

1- کیا انجینئر اس نقشے کو منظور[1] کر چکے ہوں گے؟ 2- گاؤں والوں نے گاؤں کو کیسے سجایا ہوگا؟ 3- کیا بشیر نے استعفیٰ[2] دے دیا ہوگا؟ 4- گاڑی پر پتھر کس نے پھینکا ہوگا؟ 5- دیوانے نے کتابیں کہاں جلائی ہوں گی؟ 6- مسافر کل رات کہاں ٹھہرے ہوں گے؟ 7- کیا عورتوں نے یہ گیت پسند کیا ہوگا؟ 8- اس نے کب خط ڈاک[3] میں ڈالا ہوگا؟ 9- کیا وہ الزام[4] ماننے سے انکار[5]

کر چکا ہوگا؟ 10- پوسٹ ماسٹر نے ڈاک خانہ کب کھولا ہوگا؟ 11- کیا مزدور سکول میں سفیدی کر چکے ہوں گے؟ 12- کیا چوکیدار نے مکان کی حفاظت کی ہوگی؟ 13- کیا انھوں نے افسر کا حکم مانا ہوگا؟ 14- کیا تم میرے مشورے[6] پر عمل[7] کر چکے ہوگے؟ 15- اس کو یہ حادثہ[8] کہاں پیش[9] آیا ہوگا؟

**Vocabulary:**

1. to approve 2. to resign 3. to post 4. charge 5. to deny 6. advice
7. to act upon 8. accident 9. to meet

## FUTURE PERFECT CONTINUOUS TENSE (ACTIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. Bashir will have been learning the lesson for two hours. | 1- بشیر دو گھنٹے سے سبق یاد کر رہا ہوگا۔ |
| 2. The farmer will have been ploughing for four days. | 2- کسان چار روز سے ہل چلا رہا ہوگا۔ |
| 3. Birds will have been chirping since morning. | 3- پرندے صبح سے چہچہا رہے ہوں گے۔ |
| 4. It will have been raining since Tuesday. | 4- بارش منگل سے ہو رہی ہوگی۔ |
| 5. It will have been hailing for twenty minutes. | 5- بیس منٹ سے اولے پڑ رہے ہوں گے۔ |
| 6. You will have been teasing the child for an hour. | 6- تم ایک گھنٹے سے بچے کو ستا رہے ہوگے۔ |
| 7. He will have been making mischief for three days. | 7- وہ تین دن سے شرارت کر رہا ہوگا۔ |
| 8. The boy will have been pulling the rope since 10 o'clock. | 8- لڑکا دس بجے سے رسی کو کھینچ رہا ہوگا۔ |
| 9. He will have been going to school regularly since September. | 9- وہ ستمبر سے باقاعدہ سکول جا رہا ہوگا۔ |
| 10. These men will have been diving since 2 o'clock. | 10- یہ آدمی دو بجے سے غوطے لگا رہے ہوں گے۔ |

| | |
|---|---|
| 11. Aslam and Anwar will have been working together since Monday. | 11- اسلم اور انور سوموار سے اکٹھے کام کر رہے ہوں گے۔ |
| 12. Nasima will have been receiving Girl Guide training since 1980. | 12- نسیمہ 1980ء سے گرل گائیڈ کی تربیت حاصل کر رہی ہو گی۔ |
| 13. The fishermen will have been catching fish for three days. | 13- مچھیرے تین دن سے مچھلیاں پکڑ رہے ہوں گے۔ |
| 14. The boys will have been doing homework since evening. | 14- لڑکے شام سے ہوم ورک کرتے رہے ہوں گے۔ |
| 15. Flood will have been coming in the river for many years. | 15- دریا میں کئی سالوں سے سیلاب آ رہا ہوگا۔ |

**In sentences belonging to this tense we use 'will' or 'shall' with 'have been' before the first form of verb along with 'ing'.**

## Exercise

1- لوگ چار بجے سے کنویں سے پانی نکال[1] رہے ہوں گے۔ 2- آپ آدھے گھنٹے سے ڈپو[2] سے آٹا لیتے رہے ہوں گے۔ 3- طالب علم تین گھنٹے سے پرچہ حل کرتے رہے ہوں گے۔ 4- اقبال کئی سالوں سے شعر لکھتے رہے ہوں گے۔ 5- کھلاڑی ایک گھنٹے سے ہاکی کھیلتے رہے ہوں گے۔ 6- لوگوں کی اکثریت 1984ء سے اس قانون[3] کی مخالفت[4] کرتی رہی ہوگی۔ 7- عورتیں دوپہر سے لڑتی رہی ہوں گی۔ 8- تم پندرہ مارچ سے دہم کا امتحان[5] لیتے رہے ہوگے۔ 9- کچھ آدمی اتوار سے روزہ رکھ[6] رہے ہوں گے۔ 10- نیک آدمی دو گھنٹے سے دعا مانگ رہا ہوگا۔ 11- وہ کل سے جھوٹے بہانے[7] بنا رہا ہوگا۔ 12- لڑکے صبح سے دریا میں تیرتے رہے ہوں گے۔ 13- لڑکیاں ستمبر سے سویٹر بُنتی رہی ہوں گی۔ 14- ہم پندرہ منٹ سے چائے تیار کرتے رہے ہوں گے۔ 15- مداری[8] پانچ بجے سے تماشہ[9] دکھاتا رہا ہوگا۔

**Vocabulary:**

1. to draw 2. depot 3. law 4. to oppose 5. examination 6. soam 7. excuses
8. juggler 9. feats

## NEGATIVE SENTENCES

**In negative sentences 'not' is used after 'will' or 'shall' as under:**

| | |
|---|---|
| 1. He will not have been reading the newspaper since 7 o'clock. | 1- وہ سات بجے سے اخبار نہیں پڑھتا رہا ہوگا۔ |

| | |
|---|---|
| 2. We shall not have been writing the essay since night. | 2- ہم رات سے مضمون نہیں لکھتے رہے ہوں گے۔ |
| 3. They will not have been playing since evening. | 3- وہ شام سے کھیلتے نہیں رہے ہوں گے۔ |
| 4. The dyer will not have been dyeing clothes for three hours. | 4- رنگ ساز تین گھنٹے سے کپڑے نہیں رنگتا رہا ہوگا۔ |
| 5. The dirty boy will not have been taking a bath for several days. | 5- گندہ بچہ کئی دن سے نہیں نہاتا رہا ہوگا۔ |
| 6. People will not have been mourning the death of old man for three days. | 6- لوگ تین دن سے بوڑھے کی موت کا ماتم نہیں کر رہے ہوں گے۔ |
| 7. The gardener will not have been plucking flowers since morning. | 7- مالی صبح سے پھول نہیں چنتا رہا ہوگا۔ |
| 8. This man will not have been living in this city for five months. | 8- یہ آدمی پانچ ماہ سے اس شہر میں نہیں رہتا رہا ہوگا۔ |
| 9. You will not have been paying rent of the house since July. | 9- تم جولائی سے مکان کا کرایہ ادا نہیں کرتے رہے ہو گے۔ |
| 10. Nasima will not have been going to school since the day before yesterday. | 10- نسیمہ پرسوں سے سکول نہیں جاتی رہی ہوگی۔ |

## Exercise

1- بچہ شام سے نہیں روتا رہا ہوگا۔ 2- تماشائی[1] کھیل میں ایک گھنٹے سے دلچسپی[2] نہیں لیتے رہے ہوں گے۔ 3- ڈاکٹر دوپہر سے مریضوں کو ٹیکے نہیں لگاتا رہا ہوگا۔ 4- تیراک کل سے دریا میں نہیں تیرتے[3] رہے ہوں گے۔ 5- بشیر چار بجے سے نوٹ نہیں گنتا[4] رہا ہوگا۔ 6- نجمہ ایک ماہ سے کپڑے نہیں سیتی رہی ہوگی۔ 7- نوکر تین سال سے مالک کی خدمت[5] نہیں کر رہا ہوگا۔ 8- قافلہ[6] ایک ہفتے سے آگے نہیں چل[7] رہا ہوگا۔ 9- لوگ ایک سال سے اس اخبار کو نہیں پڑھتے رہے ہوں گے۔ 10- میرے رشتے دار چار سال سے میرے گھر کی حفاظت[8] نہیں کر رہے ہوں گے۔ 11- آپ دو دن سے افسر کی خوشامد[9] نہیں کرتے رہے ہوں گے۔ 12- ہم اگست سے اس کو تحفے نہیں دیتے رہے ہوں گے۔ 13- وہ سوموار سے پھل نہیں کھا رہے ہوں گے۔ 14- ٹھیکیدار 16 تاریخ سے فوج کو خوراک مہیا[10] نہیں کرتے رہے ہوں گے۔ 15- ہمارا وزیر اعظم 1970ء سے ایسی غلطیاں[11] نہیں کرتا رہا ہوگا۔

**Vocabulary:**

1. spectators 2. to take interest 3. to swim 4. to count 5. serve 6. caravan 7. to move on 8. to look after 9. to flatter 10. to supply 11. to make a mistake

## INTERROGATIVE SENTENCES

**In interrogative sentences 'will' or 'shall' are used in the beginning of sentences or the question word is followed by 'will' or 'shall' before the subject.**

| | |
|---|---|
| 1. Will you have been talking since morning? | 1- کیا تم صبح سے باتیں کرتے رہے ہو گے؟ |
| 2. Will the child have been sleeping since evening? | 2- کیا بچہ شام سے سوتا رہا ہوگا؟ |
| 3. Whom will you have been waiting for two hours? | 3- آپ دو گھنٹے سے کس کا انتظار کرتے رہے ہو گے؟ |
| 4. Where will the woodcutter have been looking for his axe for three days? | 4- لکڑہارا تین دن سے کلہاڑا کہاں ڈھونڈ رہا ہوگا؟ |
| 5. Since when will the child have been playing with the toys? | 5- بچہ کب سے کھلونوں سے کھیلتا رہا ہوگا؟ |
| 6. Why will the bookbinder not have been binding the books since 4 o'clock? | 6- جلد ساز چار بجے سے کتابوں کی جلدیں کیوں نہیں کرتا رہا ہوگا؟ |
| 7. Will he have been reading a book for two hours? | 7- کیا وہ دو گھنٹے سے کتاب پڑھ رہا ہوگا؟ |
| 8. Will your brother have been writing the poems for four years? | 8- کیا تمھارا بھائی چار سال سے نظمیں لکھتا رہا ہوگا؟ |
| 9. Will the unfortunate man have been thinking for several days? | 9- کیا بدقسمت آدمی کئی دن سے سوچ رہا ہوگا؟ |
| 10. Where will the nomads have been living since January? | 10- خانہ بدوش جنوری سے کہاں رہتے رہے ہوں گے؟ |
| 11. Will the people have been mourning his death for ten days? | 11- کیا لوگ اس کی موت پر دس دن سے سوگوار رہے ہوں گے؟ |

| | |
|---|---|
| 12. Why will they have been daring to attack the city since March? | 12- وہ مارچ سے شہر پر حملہ کرنے کی جرأت کیوں کر رہے ہوں گے؟ |
| 13. Will the friends have been encouraging him since Monday? | 13- کیا دوست اس کی حوصلہ افزائی سوموار سے کرتے رہے ہوں گے؟ |
| 14. Will your uncle have been remembering you for two years? | 14- کیا تمھارے چچا دو سال سے تمھیں یاد کر رہے ہوں گے؟ |
| 15. Why will you have been discouraging them since last Saturday? | 15- آپ گزشتہ ہفتے سے ان کی حوصلہ شکنی کیوں کرتے رہے ہوں گے؟ |

## Exercise

1- کیا لوگ ایک ماہ سے اس قانون کے خلاف[1] احتجاج[2] کر رہے ہوں گے؟ 2- طلبہ پولیس کے خلاف صبح سے نعرے کیوں لگا رہے ہوں گے؟ 3- کیا باورچی 9 بجے سے کھانا پکا رہا ہوگا؟ 4- عورت ایک گھنٹے سے باورچی خانے میں کیا بھون[3] رہی ہوگی؟ 5- لڑکے 8 بجے سے کیا مضمون[4] لکھتے رہے ہوں گے؟ 6- مصوّر[5] پانچ ماہ سے کس کی تصویر بناتے رہے ہوں گے؟ 7- کل سے کتنے مزدور اینٹیں[6] اُٹھاتے رہے ہوں گے؟ 8- کتا کب سے دم ہلاتا[7] رہا ہوگا؟ 9- کیا شہد کی مکھیاں[8] پندرہ منٹ سے کاٹتی[9] رہی ہوں گی؟ 10- کیا مالی صبح سے کیاریوں سے گھاس کاٹ رہا ہوگا؟ 11- کیا یہ آدمی دو سال سے خواہ مخواہ تنخواہ وصول کرتا رہا ہوگا؟ 12- بادشاہ چار دن سے شہر کی گلیوں میں کیوں گھومتا رہا ہوگا؟ 13- کیا گورنر رات سے عوام میں گھل مل[10] جاتا رہا ہوگا؟ 14- کیا یہ عالم[11] آدمی ایک سال سے اس کتاب کا ترجمہ کرتا رہا ہوگا؟ 15- کیا باپ اپنے بیٹے کے سر پر دس منٹ سے ہاتھ پھیر[12] رہا ہوگا؟

**Vocabulary:**

1. against 2. to protest 3. to roast 4. essay 5. painter 6. bricks 7. to wag tail 8. bees 9. to sting 10. to mingle, to mix up with 11. scholar 12. to pat

## FUTURE INDEFINITE TENSE (PASSIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. This match will be played in Karachi. | 1- یہ میچ کراچی میں کھیلا جائے گا۔ |
| 2. The hospital will be inagurated tomorrow. | 2- کل ہسپتال کا افتتاح کیا جائے گا۔ |
| 3. This poem will be translated. | 3- اس نظم کا ترجمہ کیا جائے گا۔ |

| | |
|---|---|
| 4. Cotton will be grown on larger area this year. | 4- اس سال کپاس زیادہ رقبے پر اُگائی جائے گی۔ |
| 5. The dog will be chained during the day. | 5- دن کے وقت کتے کو باندھ دیا جائے گا۔ |
| 6. Steps will be taken to save the city. | 6- شہر کو بچانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ |
| 7. They will be greeted at the railway station. | 7- ریلوے سٹیشن پر ان کو سلام کیا جائے گا۔ |
| 8. The guests will be received at the bus stand. | 8- مہمانوں کا استقبال بسوں کے اڈے پر کیا جائے گا۔ |
| 9. The patient will be injected today. | 9- مریض کو آج ٹیکہ لگایا جائے گا۔ |
| 10. A film will be shown in the school hall. | 10- سکول کے ہال میں فلم دکھائی جائے گی۔ |
| 11. The winning team will be awarded the shield. | 11- جیتنے والی ٹیم کو شیلڈ دی جائے گی۔ |
| 12. We shall be informed of the result. | 12- ہمیں نتیجے کی اطلاع دی جائے گی۔ |
| 13. Every poor man will be given a plot of land. | 13- ہر غریب آدمی کو ایک قطعہ زمین دیا جائے گا۔ |
| 14. Every disbaled person will be helped. | 14- ہر معذور آدمی کی مدد کی جائے گی۔ |
| 15. The leaves of trees will be burnt. | 15- درختوں کے پتے جلا دیے جائیں گے۔ |

**We have used 'will' or 'shall' with 'be' and the third form of verb in the above given sentences.**

## Exercise

1- یہ پارسل[1] واپس بھیجا جائے گا۔ 2- تمھارے خط کا جواب دیا جائے گا۔ 3- بچوں میں مٹھائی تقسیم کی جائے گی۔ 4- گندم کی فصل[2] اپریل میں کاٹی جائے گی۔ 5- سکول لائبریری کے لیے معیاری[3] کتب خریدی جائیں گی۔ 6- کسانوں کو بلاسود[4] قرضہ دیا جائے گا۔ 7- پُل بنانے کے لیے سیمنٹ فراہم[5] کیا جائے گا۔ 8- تمھیں کالج میں داخلہ دیا جائے گا۔ 9- اس سال دو نئے ٹیکس لگائے[6] جائیں گے۔ 10- مسافروں کو کئی سہولتیں[7] فراہم کی جائیں گی۔ 11- ملک میں زرعی[8] اصلاحات[9] نافذ[10] کی جائیں گی۔ 12- نئی سڑکیں بنانے پر ہزاروں روپے خرچ کیے جائیں گے۔ 13- چڑیا گھر میں کچھ نئے جانور لائے جائیں گے۔ 14- طارق کی تصویریں نمائش[11] میں رکھی جائیں گی۔ 15- صدر کی آمد پر بینڈ بجایا[12] جائے گا۔

**Vocabulary:**

1. parcel 2. wheat crop 3. standard 4. interest free 5. to supply 6. to impose
7. facilities 8. agricultural 9. reforms 10. to implement 11. exhibition 12. to play

## NEGATIVE SENTENCES

**In negative sentences 'not' is placed after 'will' or 'shall'. Let us see the following examples:**

| | |
|---|---|
| 1. The camera will not be borrowed. | 1- کیمرہ اُدھار نہیں لیا جائے گا۔ |
| 2. This order will not be obeyed. | 2- اس حکم کو نہیں مانا جائے گا۔ |
| 3. This book will not be banned. | 3- اس کتاب پر پابندی نہیں لگائی جائے گی۔ |
| 4. Majid will not be dismissed from service. | 4- مجید کو ملازمت سے برطرف نہیں کیا جائے گا۔ |
| 5. People will not be informed of flood. | 5- سیلاب کے بارے میں لوگوں کو اطلاع نہیں دی جائے گی۔ |
| 6. We shall not be given this building free of rent. | 6- ہمیں یہ عمارت بغیر کرائے کے نہیں دی جائے گی۔ |
| 7. I shall not be allowed to go before time. | 7- وقت سے پہلے مجھے جانے نہیں دیا جائے گا۔ |
| 8. He will not be brought up by his uncle. | 8- اس کی پرورش اس کے چچا کے ہاں نہیں ہوگی۔ |
| 9. The electric pole will not be installed here. | 9- بجلی کا کھمبا یہاں نہیں لگایا جائے گا۔ |
| 10. Motor vehicles will not be parked here. | 10- موٹر گاڑیاں یہاں کھڑی نہیں کی جائیں گی۔ |
| 11. His wish will not be granted. | 11- اس کی خواہش پوری نہیں کی جائے گی۔ |
| 12. Your brother will not be transferred to Lahore. | 12- تمھارے بھائی کا تبادلہ لاہور نہیں کیا جائے گا۔ |
| 13. A berth will not be reserved for me in this train. | 13- اس گاڑی میں میرے لیے برتھ مخصوص نہیں کی جائے گی۔ |
| 14. Knives will not be sharpened at this time. | 14- چھریاں اس وقت تیز نہیں کی جائیں گی۔ |
| 15. The bank will not be closed at 12 o'clock. | 15- بینک بارہ بجے بند نہیں کیا جائے گا۔ |

## Exercise

1- نرسوں کی ہڑتال[1] نہیں کھولی جائے گی۔ 2- یہ چیزیں کھلے بازار[2] نہیں بیچی جائیں گی۔ 3- آپ کے خط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ 4- اس کو ملک سے باہر جانے نہیں دیا جائے گا۔ 5- کمرے میں قالین[3] نہیں بچھایا جائے گا۔ 6- یہ چٹھی ڈاک میں نہیں ڈالی جائے گی۔ 7- یہ کتاب نجم کے سپرد[4] نہیں کی جائے گی۔ 8- اس کو اگلی جماعت میں ترقی نہیں دی جائے گی۔ 9- اسلم کو تنبیہ نہیں کی جائے گی۔ 10- ہجوم کو منتشر[5] نہیں کیا جائے گا۔ 11- بینک سے قرض نہیں لیا جائے گا۔ 12- اس بات کو ثابت[6] نہیں کیا جائے گا۔ 13- میرے ساتھ اچھا سلوک[7] نہیں کیا جائے گا۔ 14- ہمیں میچ کھیلنے نہیں دیا جائے گا۔

**Vocabulary:**

1. strike 2. open market 3. to carpet 4. to entrust with 5. to disperse 6. to prove 7. to treat

## INTERROGATIVE SENTENCES

**In translating interrogative sentences'will' or 'shall' is used before the subject while question word is followed by 'will' or 'shall' as you will see in the given sentences:**

| | |
|---|---|
| 1. Will he be turned out of the hostel? | 1- کیا اس کو ہوسٹل سے نکال دیا جائے گا؟ |
| 2. Will the students be allowed to wear arms? | 2- کیا طلبہ کو مسلح ہونے دیا جائے گا؟ |
| 3. Will the passenger be robbed of their valuables? | 3- کیا مسافروں سے قیمتی اشیا چھین لی جائیں گی؟ |
| 4. Will the posters be pasted on the walls? | 4- کیا دیواروں پر اشتہار لگائے جائیں گے؟ |
| 5. Why shall we be fined? | 5- ہمیں جرمانہ کیوں کیا جائے گا؟ |
| 6. How will this tax be recovered? | 6- یہ ٹیکس کیسے وصول کیا جائے گا؟ |
| 7. When shall I be granted a gun licence? | 7- مجھے بندوق کا لائسنس کب دیا جائے گا؟ |
| 8. Will potatoes be put into the cold storage? | 8- کیا آلو سردخانے میں رکھے جائیں گے؟ |
| 9. Where will these pictures be exhibited? | 9- ان تصویروں کی نمائش کہاں کی جائے گی؟ |
| 10. When will the prizes be distributed? | 10- انعامات کب تقسیم کیے جائیں گے؟ |
| 11. When will the loan be repaid? | 11- قرضہ کب ادا کیا جائے گا؟ |
| 12. Will the murderers be hanged tomorrow? | 12- کیا قاتلوں کو کل پھانسی دے دی جائے گی؟ |
| 13. Will I be dropped at the next stop? | 13- کیا مجھے اگلے سٹاپ پر اتارا جائے گا؟ |
| 14. When will this story be told? | 14- یہ کہانی کب سنائی جائے گی؟ |
| 15. When shall we be examined? | 15- ہمارا امتحان کب لیا جائے گا؟ |

## Exercise

1- نیا بجلی گھر[1] کہاں بنایا جائے گا؟ 2- کیا فصل[2] کو کھاد[3] دے دی جائے گی؟ 3- یہ پیغام[4] کس کو دیا جائے گا؟ 4- کیا یہ چٹھی رجسٹری[5] بھیجی جائے گی؟ 5- عید کی نماز کون پڑھائے[6] گا؟ 6- بغیر[7] دودھ چائے کیسے بنائی جائے گی؟ 7- کتنی کتابوں کی جلدیں کی جائیں گی؟ 8- گاڑی کہاں کھڑی کر لی جائے گی؟ 9- پولیس کے سپاہیوں کو تربیت کہاں دی جائے گی؟ 10- کیا مجھے اس دفتر میں ڈائریکٹر[8] لگایا[9] جائے گا؟ 11- اسے کب ترقی دی جائے گی؟ 12- کیا کمرہ صبح صاف کر دیا جائے گا؟ 13- مکان کب خالی[10] کیا جائے گا؟ 14- کیا کل امتحان کے نتیجے کا اعلان کیا جائے گا؟

**Vocabulary:**

1. power house 2. crop 3. to manure 4. message 5. registered 6. to lead the namaz 7. without 8. director 9. to appoint 10. to vacate

# FUTURE PERFECT TENSE (PASSIVE VOICE) AFFIRMATIVE SENTENCES

| | |
|---|---|
| 1. He will have been promoted. | 1- اسے ترقی دی جا چکی ہوگی۔ |
| 2. The wrestler will have been defeated. | 2- پہلوان شکست کھا چکا ہوگا۔ |
| 3. Our team will have been awarded medals. | 3- ہماری ٹیم کو تمغے دیے جا چکے ہوں گے۔ |
| 4. All eggs will have been broken. | 4- تمام انڈے توڑے جا چکے ہوں گے۔ |
| 5. The culprit will have been punished. | 5- مجرم کو سزا دی جا چکی ہوگی۔ |
| 6. Corn will have been ground by now. | 6- غلہ اب تک پیسا جا چکا ہوگا۔ |
| 7. Prisoners will have been taken out of prison. | 7- قیدیوں کو قید خانے سے نکالا جا چکا ہوگا۔ |
| 8. Animals will have been sent to the slaughter house. | 8- جانور مذبح خانے بھیجے جا چکے ہوں گے۔ |
| 9. The patient's pulse will have been felt. | 9- مریض کی نبض دیکھی جا چکی ہوگی۔ |
| 10. The address will have been written on the envelope. | 10- لفافے پر پتہ لکھا جا چکا ہوگا۔ |
| 11. He will have been employed. | 11- اسے نوکر رکھ لیا گیا ہوگا۔ |
| 12. My appointment as a junior clerk will have been made. | 12- میری تقرری بطور جونیئر کلرک کر دی گئی ہوگی۔ |
| 13. We shall have been given the house on rent. | 13- ہمیں مکان کرائے پر دیا گیا ہوگا۔ |
| 14. The foundation of the college will have been laid. | 14- کالج کی بنیاد رکھی جا چکی ہوگی۔ |
| 15. The officer will have been transferred. | 15- افسر کا تبادلہ ہو چکا ہوگا۔ |

## Exercise

1- بچے کا لباس[1] تبدیل[2] کیا جا چکا ہوگا۔ 2- فوج کو نئے ہتھیار مہیا[3] کیے جا چکے ہوں گے۔ 3- ملزم پہچانا[4] جا چکا ہوگا۔ 4- مسافر کو خطرے[5] سے خبردار[6] کیا جا چکا ہوگا۔ 5- شیر گولی سے ہلاک کر دیا گیا ہوگا۔ 6- کچھ آدمیوں کو پیچھے چھوڑا جا چکا ہوگا۔
7- بہترین کھلاڑی کی تصویر لی گئی ہوگی۔ 8- بشیر بہترین طالب علم قرار[7] دیا گیا ہوگا۔ 9- بادشاہ کو تاج پہنایا[8] جا چکا ہوگا۔
10- ہمیں اس کی کامیابی کی اطلاع دی جا چکی ہوگی۔ 11- مہمان کو عمدہ کھانے پیش کیے جا چکے ہوں گے۔ 12- میرے بھائی کو کامیابی پر مبارکباد دی جا چکی ہوگی۔

**Vocabulary:**

1. dress 2. to change 3. to supply 4. to identify 5. danger 6. to warn
7. to declare 8. to crown

## NEGATIVE AND INTERROGATIVE SENTENCES

**When dealing with negative sentences we use 'not' after 'will' or 'shall' and in case of interrogative sentences 'will' or 'shall' are put before the subject.**

| | |
|---|---|
| 1. Trees will not have been cut. | 1- درخت کاٹے نہیں جا چکے ہوں گے۔ |
| 2. He will not have been paid his wages. | 2- اُسے اُس کی اُجرت ادا نہیں کی گئی ہوگی۔ |
| 3. Peace will not have been restored in the city. | 3- شہر میں امن بحال نہیں کیا گیا ہوگا۔ |
| 4. The royal palace will not have been burnt. | 4- شاہی محل کو آگ نہیں لگائی گئی ہوگی۔ |
| 5. The old man will not have been paid his pension. | 5- ضعیف آدمی کو اُس کی پینشن ادا نہیں کی گئی ہوگی۔ |
| 6. The soldier will not have been given the military uniform. | 6- سپاہی کو فوجی وردی نہیں دی گئی ہوگی۔ |
| 7. This patient will not have been kept in the mental hospital. | 7- اس مریض کو دماغی ہسپتال میں نہیں رکھا گیا ہوگا۔ |
| 8. Things will not have been sold on credit. | 8- چیزیں اُدھار فروخت نہیں کی گئی ہوں گی۔ |
| 9. Will you have been asked this question? | 9- کیا تم سے یہ سوال پوچھا گیا ہوگا؟ |
| 10. How many people will have been rescued? | 10- کتنے آدمیوں کو بچایا گیا ہوگا؟ |
| 11. Will he have been forgiven? | 11- کیا اُس کو معاف کیا جا چکا ہوگا؟ |
| 12. Shall I have been identified? | 12- کیا میں پہچانا جا چکا ہوں گا؟ |
| 13. Will the student have been sent to England? | 13- کیا طالب علم انگلستان بھیجا جا چکا ہوگا؟ |
| 14. Where will the girls have been trained in sewing? | 14- لڑکیوں کو سلائی کی تربیت کہاں دی جا چکی ہوگی؟ |
| 15. Will some men have been told the secret? | 15- کیا بعض آدمیوں کو راز بتایا جا چکا ہوگا؟ |
| 16. Where will the match have been played? | 16- میچ کہاں کھیلا جا چکا ہوگا؟ |
| 17. Will the airport have been decorated? | 17- کیا ہوائی اڈے کو سجایا جا چکا ہوگا؟ |
| 18. When will the procession have been stopped? | 18- جلوس کو کب روکا جا چکا ہوگا؟ |
| 19. Will the deer have been shot at? | 19- کیا ہرن پر گولی چلائی جا چکی ہوگی؟ |

| | |
|---|---|
| 20. How will the murderer have been caught alive? | 20- قاتل زندہ کیسے پکڑا جا چکا ہوگا؟ |
| 21. Will the clothes have been dyed? | 21- کیا کپڑے رنگے جا چکے ہوں گے؟ |
| 22. Will the hens' eggs have been collected? | 22- کیا مرغیوں کے انڈے اکٹھے کیے جا چکے ہوں گے؟ |
| 23. Will the pious man have been rewarded for his virtue? | 23- کیا نیک آدمی کو نیکی کا صلہ دیا جا چکا ہوگا؟ |
| 24. Will the passengers have been given tickets in time? | 24- کیا مسافروں کو وقت پر ٹکٹ دیے جا چکے ہوں گے؟ |
| 25. Will the fields have been ploughed? | 25- کیا کھیتوں میں ہل چلایا جا چکا ہوگا؟ |
| 26. Will the songs of joy have been sung? | 26- کیا خوشی کے گیت گائے جا چکے ہوں گے؟ |
| 27. Shall I have been forgotten? | 27- کیا میں بھلایا جا چکا ہوں گا؟ |

## Exercise

1- کیا چپڑاسی گھنٹی بجا چکا ہوگا؟ 2- جال کہاں بچھایا جا چکا ہوگا؟ 3- مقدمے[1] کا فیصلہ کب سنایا جا چکا ہوگا؟ 4- کیا ہمیں مشورہ[2] دیا جا چکا ہوگا؟ 5- کیا اس کو رہا[3] کیا جا چکا ہوگا؟ 6- کیا اس کی ضمانت[4] ہو چکی ہوگی؟ 7- کیا پنکھے کی مرمت کی جا چکی ہوگی؟ 8- اُن کی اپیل کیوں مسترد[5] کی جا چکی ہوگی؟ 9- کیا تمھارے پڑوسی[6] کا کتا مارا جا چکا ہوگا؟ 10- کیا وہ امیر[7] جماعت نامزد[8] کیا جا چکا ہوگا؟ 11- بشیر کے حق میں کتنے ووٹ ڈالے جا چکے ہوں گے؟ 12- ہوائی جہاز کہاں اُتارا[9] جا چکا ہوگا؟ 13- کیا ٹی وی پر خبریں سنائی[10] جا چکی ہوں گی؟ 14- کیا امیدواروں کو ہدایات[11] دی جا چکی ہوگی؟ 15- کیا مس امینہ ہیڈ مسٹریس مقرر[12] کی جا چکی ہوگی؟ 16- کیا اسد 220 میٹر کی دوڑ جیت چکا ہوگا؟ 17- مہمان کو کب رخصت[13] کیا جا چکا ہوگا؟ 18- کیا تمام دکانیں بند ہو چکی ہوں گی؟ 19- کیا مریض کو ہسپتال سے فارغ[14] کیا جا چکا ہوگا؟ 20- کیا سڑک کی پیمائش[15] کی جا چکی ہوگی؟ 21- کتنا غلہ[16] تولا[17] جا چکا ہوگا؟ 22- کیا مجھے ان کا پیغام[18] دیا جا چکا ہوگا؟ 23- طلبہ کو سکول کی بس میں جانے کی اجازت کیوں نہیں دی جا چکی ہوگی؟ 24- کیا سکول کے صحن[19] میں پانی چھڑکا[20] جا چکا ہوگا؟ 25- کیا سنگترے گنے[21] جا چکے ہوں گے؟

**Vocabulary:**

1. case 2. to advise 3. to release 4. to grant bail 5. to reject 6. neighbour
7. leader 8. to nominate 9. to land 10. to telecast 11. instructions
12. to appoint 13. to see off 14. to discharge 15. to measure 16. corn
17. to weigh 18. message 19. compound 20. to sprinkle 21. to count

# Paragraphs

## 1

میرے گھر کے سامنے ایک باغ ہے۔اس میں بہت سے پودے[1] اور درخت ہیں۔ بہار[2] کے موسم میں کئی رنگ کے پھول کھلتے[3] ہیں۔ان کی خوشبو[4] اردگرد پھیل[5] جاتی ہے۔شام کو باغ آدمیوں، عورتوں اور بچوں سے بھر جاتا ہے لوگ اِدھر اُدھر پھرتے ہیں اور لطف[6] اُٹھاتے ہیں۔ بچے باغ میں دوڑتے ہیں۔اب وہ یہاں ہیں اور دوسرے لمحے[7] وہ باغ کے دوسرے کونے[8] میں ہیں۔ ہر شام میں بھی باغ میں سیر کے لیے جاتا ہوں۔ بہت سے مالی باغ کی دیکھ بھال[9] کرتے ہیں۔

**Lahore Board 1980**

**Vocabulary:**

1. plants 2. Spring 3. to bloom 4. fragrance 5. to spread 6. to enjoy
7. moment 8. corner 9. to look after

## 2

زندگی کے نشیب وفراز[1] میں ایسے لمحات[2] بھی آتے ہیں جب انسان بالکل ناامید[3] ہو جاتا ہے۔اسے ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا نظر آتا ہے اور اس کی مقابلے[4] کی سکت[5] ختم ہو جاتی ہے۔ یہ بات انسان کی عظمت[6] کے خلاف ہے۔ دنیا میں جتنی بھی ترقی[7] ہوئی ہے وہ اس عزم[8] وہمت[9] کا نتیجہ ہے جو کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو عطا فرمائی ہے۔ انسان کو چاہیے کہ کبھی ہمت[10] نہ ہارے بلکہ مردانہ وار[11] ناکامیوں[12] کا مقابلہ کرے۔اللہ تعالیٰ ایک دن ضرور کامیابی عطا کرے گا۔

**Lahore Board 1980 Group II**

**Vocabulary:**

1. ups and down 2. moments 3. to lose hope 4. to face 5. power 6. dignity
7. progress 8. determination 9. perseverance 10. to lose heart 11. manly 12. failures

## 3

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک گیدڑ[1] ایک دریا کے کنارے رہتا تھا۔دریا کے دوسرے کنارے پر خربوزے[2] کے بہت سے کھیت تھے۔دریا گہرا[3] اور چوڑا[4] تھا۔گیدڑ جی بھر کر کھانا چاہتا تھا۔ وہ دریا عبور[5] نہیں کر سکتا تھا۔ایک دن اس نے اپنے دوست اونٹ سے کہا،"اگر تم مجھے دریا کے دوسرے کنارے لے چلو تو میں بہت شکر گزار[6] ہوں گا۔"اونٹ رضامند[7] ہو گیا۔گیدڑ اونٹ کی پیٹھ پر چھلانگ[8] لگا کر چڑھ گیا۔ اونٹ دریا میں سے چلتا[9] ہوا دوسرے کنارے پر پہنچ گیا۔گیدڑ خربوزوں کے کھیت میں گھس گیا اور مزے سے خربوزے کھانے لگا۔

**Lahore Board 1981**

**Vocabulary:**

1. jackal 2. melons 3. deep 4. wide 5. to cross 6. thankful 7. to agree
8. to jump 9. to wade through

## 4

ڈر ہے کہ چند سال بعد دنیا کا تیل ختم[1] ہو جائے گا۔ ہر ملک یہ کوشش کر رہا ہے کہ تیل کے مزید[2] ذخیرے[3] دریافت[4] کرے۔ معلوم نہیں کہ یہ کوشش کس حد[5] تک کامیاب ہوگی۔ ضرورت[6] اس بات کی ہے کہ ہم اپنی تیل کی ضروریات[7] کو کم[8] کریں۔ صنعت[9] وزراعت[10] میں تیل کی کھپت[11] کو کم نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ نجی ضرورتوں[12] میں اس کا استعمال کم کیا جا سکتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ باہر سے کاروں کی جگہ بسیں درآمد[13] کریں۔ تاکہ طالب علموں کے لیے بسوں کی سہولت[14] کو بہتر بنایا جا سکے۔

**Lahore Board 1981 Group II**

**Vocabulary:**

1. run out 2. more 3. reserves 4. to discover 5. how far 6. the need of the hour
7. requirements 8. to cut short 9. industry 10. agriculture 11. consumption
12. private needs 13. import 14. facility

## 5

میں دسویں جماعت میں پڑھتا ہوں۔ جس سکول میں، میں پڑھتا ہوں وہ شہر کا ایک مشہور[1] سکول ہے۔ میری جماعت کو چار استاد پڑھاتے[2] ہیں۔ وہ سب کے سب بہت قابل[3] ہیں۔ لیکن مجھے سب سے زیادہ زید صاحب پسند ہیں۔ وہ ہمیں انگریزی اور حساب پڑھاتے ہیں۔ ان کے پڑھانے کا طریقہ[4] اتنا اچھا ہے کہ جو کچھ وہ پڑھاتے ہیں فوراً یاد ہو جاتا ہے۔ اسی لیے ان کی جماعت کا نتیجہ سو فیصد[5] ہوتا ہے۔

**Vocabulary:**

1. famous 2. teach 3. able 4. method of teaching 5. hundred percent

## 6

ایک کنجوس[1] تھا۔ ایک دفعہ اس کا بٹوا گم[2] ہو گیا۔ بٹوے میں ایک سو روپے تھے۔ اس نے اعلان[3] کیا، ''جو میرا بٹوا ڈھونڈ[4] کر لائے گا میں اسے دس روپے دوں گا۔'' ایک دن ایک کسان اس کا بٹوا لے کر آیا۔ کنجوس نے بٹوا دیکھا۔ اس میں پورے سو روپے تھے۔ جب کسان نے اپنا انعام[5] مانگا تو کنجوس نے کہا، ''میرے بٹوے میں ایک سو دس روپے تھے۔ اب صرف سو ہیں۔ تم پہلے ہی[6] دس روپے لے چکے ہو۔''

**Vocabulary:**

1. miser 2. to lose 3. announce 4. to find 5. reward 6. already

## 7

انارکلی لاہور کا مصروف ترین[1] بازار ہے۔ یہ ہمیشہ لوگوں سے بھرا[2] رہتا ہے۔ دوکانیں رات گئے تک کھلی رہتی[3] ہیں۔ آپ یہاں تقریباً ہر قسم[4] کی چیزیں خرید سکتے ہیں۔ کچھ لوگ یہاں سے اشیا خریدنے آتے ہیں لیکن بہت سے لوگ صرف سیر و تفریح[5] کے لیے آتے ہیں۔ انارکلی میں بہت سے پھیری والے[6] بھی ہوتے ہیں۔ وہ بٹن، فیتے[7]، سوئیاں، کلپ[8] اور اس قسم کی دوسری اشیا بیچتے ہیں۔ کچھ جیب تراش[9] بھی انارکلی میں آتے ہیں۔ اگر آپ انارکلی جائیں تو ان جیب تراشوں سے ہوشیار[10] رہیں۔

**Vocabulary:**

1. busiest 2. to crowd 3. to remain open till late at night 4. kind 5. recreation 6. hawkers 7. laces 8. clips 9. pickpockets 10. beware of

## 8

والدین کی عزت[1] کرنا ہمارا اخلاقی[2] فرض[3] ہے۔ وہ ہمارا بہت خیال[4] رکھتے ہیں۔ وہ ہمیں خوراک[5] دیتے ہیں۔ وہ ہمیں لباس دیتے ہیں۔ وہ ہمیں تمام چیزیں مہیا[6] کرتے ہیں جن کی ہمیں ضرورت ہوتی ہے۔ وہ ہمیں سکول بھیجتے ہیں۔ تا کہ ہم تعلیم حاصل کرنے کے بعد ان کی خدمت کریں۔ اس سے ہمیں راحت[7] ملے گی۔

**Lahore Board 1982 Group II**
**Lahore Board 1981 Group II**

**Vocabulary:**

1. to respect 2. moral 3. duty 4. to care 5. to feed 6. to provide 7. comfort

## 9

ایک دفعہ دو دوست سفر[1] پر روانہ[2] ہوئے۔ انھوں نے ایک دوسرے سے وعدہ[3] کیا کہ وہ ایک دوسرے کی مصیبت میں مدد[4] کریں گے۔ وہ ایک جنگل میں پہنچے۔ انھوں نے ایک ریچھ[5] کو اپنی طرف آتے دیکھا۔ ان میں سے ایک بھاگا اور درخت پر چڑھ[6] گیا۔ اس کا دوست درخت پر نہ چڑھ سکا۔ وہ لیٹ گیا اور دم سادھ[7] لیا۔

**Lahore Board 1982 Group I**

**Vocabulary:**

1. journey 2. set off 3. to promise 4. to help 5. bear 6. to climb 7. to hold breath

## 10

شہر آنے سے پہلے ہم گاؤں میں رہتے تھے۔ گاؤں میں ہم لوگ بہت خوش[1] تھے۔ ہم صبح سویرے اٹھتے[2] تھے۔ منہ ہاتھ دھو کر نماز پڑھتے[3] پھر سرسبز کھیتوں میں سیر کے لیے جاتے۔ دوپہر کو درختوں کی چھاؤں[4] میں سوتے تھے۔ گاؤں کے پاس ایک ندی[5] بہتی تھی۔ اس کا پانی صاف اور ٹھنڈا تھا۔

**Lahore Board 1982 Group II**

**Vocabulary:**

1. happy 2. get up 3. offer 4. shade 5. stream

## 11

ایک دفعہ ایک کوّا پیاسا[1] تھا۔ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ اُڑا لیکن اس کو پانی نہ ملا۔ بالآخر وہ ایک باغ میں پہنچا[2]۔ وہاں اس نے پانی کا ایک

گھڑا[3] دیکھا۔ وہ بہت خوش ہوا۔ اس نے گھڑے میں دیکھا۔ پانی اتنا نیچے تھا کہ اس کی چونچ پانی تک نہ پہنچ سکی۔ کوّا سیانا[4] تھا۔ اسے ایک ترکیب[5] سُوجھی[6]۔

**Lahore Board Group II**

**Vocabulary:**

1. thirsty 2. reach 3. pitcher 4. wise 5. plan 6. hit upon

## 12

اڑھائی سو سال سے زیادہ کا عرصہ گزرا ہے۔ جرمنی کے ایک چھوٹے سے قصبے[1] میں ایک لڑکا رہتا تھا۔ اس کا نام جارج فریڈرک ہینڈل تھا۔ اس کا والد مشہور ڈاکٹر تھا۔ بوڑھے ڈاکٹر نے ایک دن اپنے بیٹے سے کہا جارج تم بھی ایک دن شہرت[2] پاؤ گے۔ شاید تم بھی بڑے ڈاکٹر بنو گے یا جج۔ جارج نے جواب دیا، ''میں نہ ڈاکٹر بننا چاہتا ہوں نہ جج میں اپنی زندگی موسیقی کے لیے وقف[3] کرنا چاہتا ہوں۔'' اور وہ واقعی ایک دن بڑا موسیقار[4] بن گیا۔

**Lahore Board 1983 Group I**

**Vocabulary:**

1. town 2. to earn name 3. dedicate or devote 4. musician

## 13

کراچی ایک خوبصورت اور اہم شہر ہے۔ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔ یہ بحیرۂ عرب کے ساحل[1] پر واقع ہے۔ یہاں کی آب و ہوا[2] معتدل[3] ہے۔ یہاں نسیم بری[4] اور نسیم بحری[5] چلتی[6] رہتی ہیں۔ ایک وقت کراچی پاکستان کا دارالحکومت تھا۔ یہ ایک بندرگاہ[7] ہے۔ دوسرے ملکوں سے ہماری تجارت اسی بندرگاہ کے ذریعے[8] ہوتی ہے۔ ہمارے محبوب[9] رہنما قائداعظمؒ کراچی میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کا مزار[10] بھی اسی شہر میں ہے۔ جو لوگ بھی کراچی جاتے ہیں، قائداعظمؒ کے مزار پر فاتحہ پڑھتے[11] ہیں۔

**Vocabulary:**

1. shore 2. climate 3. temperate 4. land breeze 5. sea breeze 6. to blow
7. seaport 8. through 9. beloved 10. mausoleum tomb 11. to offer "Fateha"

## 14

جوہری[1] توانائی کو انسان کے فائدے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اسے دنیا کو تباہ[2] کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جوہری توانائی ہمارے لیے بجلی پیدا[3] کر سکتی ہے۔ کراچی میں ایک بجلی گھر ہے۔ آج کل جوہری توانائی سے پیدا کی جانے والی بجلی سستی ہونے کے امکان موجود ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ جوہری توانائی کو صرف پُرامن[4] مقاصد[5] کے لیے استعمال کریں۔

**Lahore Board 1983 Group I**

**Vocabulary:**

1. atomic energy 2. to destroy 3. to produce 4. peaceful 5. purpose

## 15

انور میرا سب سے بہترین[1] دوست ہے۔ اس کے والد ایک استاد ہیں۔ وہ بہت نیک[2] اور ایماندار[3] آدمی ہیں۔ انور ہمارے گھر کے قریب[4] ہی رہتا ہے۔ اس کا مکان بہت اچھا اور خوبصورت ہے۔ ہم اکٹھے[5] سکول جاتے ہیں۔ شام کو میں اس کے گھر جاتا ہوں۔ ہم اکٹھے پڑھتے ہیں۔ وہ امتحان میں ہمیشہ اوّل آتا[6] ہے۔ وہ صاف سُتھرے کپڑے پہنتا ہے۔

**Lahore Board 1984 Group II**

**Vocabulary:**

1. best 2. pious 3. honest 4. near 5. together 6. stands first

## 16

دودھ ایک مکمل غذا ہے۔ یہ میٹھا اور لذیذ[1] ہوتا ہے۔ اس کا رنگ سفید ہوتا ہے۔ ہم زیادہ تر دودھ گائے اور بھینس سے حاصل[2] کرتے ہیں۔ دودھ ہمیں صحت مند[3] اور طاقتور[4] بناتا ہے۔ ہم اس سے دہی[5]، مکھن[6] اور پنیر[7] بھی بناتے ہیں۔ بچوں اور مریضوں[8] کے لیے دودھ بیش قیمت غذا ہے۔ دودھ کو ہمیشہ اُبال[9] کر استعمال کرنا چاہیے۔

**Lahore Board 1984 Group I**

**Vocabulary:**

1. delicious 2. to get 3. healthy 4. strong 5. curd 6. butter 7. cheese
8. patients 9. to boil

## 17

شیر ایک طاقتور[1] جانور ہے۔ یہ دیکھنے میں بہت خوفناک[2] نظر آتا ہے۔ اس کی گردن پر لمبے لمبے بال ہوتے ہیں۔ یہ افریقہ اور ایشیا کے جنگلوں میں پایا[3] جاتا ہے۔ یہ غاروں[4] میں رہتا ہے اسے جنگل کا بادشاہ کہتے ہیں۔ یہ انسان کا بڑا[5] دشمن ہے۔ لیکن شکاری[6] اس کے بچوں کو چُرا[7] لیتے ہیں۔ وہ ان کو سُدھاتے[8] اور سرکس[9] میں ان سے کام لیتے ہیں۔

**Lahore Board 1984 Group II**

**Vocabulary:**

1. powerful 2. terrible 3. found 4. caves 5. worst 6. hunter 7. steal 8. to train 9. circus

## 18

ایک نوجوان باغ میں بیٹھا تھا۔ وہ کچھ فکرمند[1] تھا۔ کچھ دیر کے بعد ایک بوڑھا آدمی باغ میں داخل[2] ہوا۔ اس نے نوجوان کو ایک خط دیا۔ نوجوان نے خط کھولا اور اسے پڑھا۔ وہ خط پڑھ کر بہت خوش ہوا۔ اس کے فکرمندی کے آثار[3] غائب[4] ہو گئے۔ اس نے بوڑھے آدمی کا شکریہ[5] ادا کیا۔

**Lahore Board 1984 Group II**

**Vocabulary:**

1. worried 2. to enter 3. signs of anxiety 4. to disappear 5. to thank

## 19

لاہور ایک پرانا اور تاریخی[1] شہر ہے۔ یہ دریائے راوی کے کنارے[2] پر واقع ہے۔ یہ صوبہ پنجاب کا دارالحکومت ہے۔ اس شہر میں بہت سی تاریخی عمارتیں ہیں۔ بادشاہی مسجد دنیا کی سب سے بڑی مسجدوں میں سے ایک ہے۔ شاہی مسجد کے پاس ہی علامہ اقبالؒ کا مزار[3] ہے۔ اقبالؒ نے ہم کو پاکستان کا تصوّر[4] دیا تھا۔ قراردادِ پاکستان[5] لاہور ہی میں منظور کی گئی تھی۔ مینار پاکستان اُسی قرارداد کی یاد میں تعمیر کیا گیا۔ یہ اقبال پارک میں تعمیر[6] کیا گیا۔

**Vocabulary:**

1. historical 2. bank 3. tomb 4. idea 5. the Pakistan Resolution 6. to build

## 20

الہ دین چین کے شہر بیجنگ میں رہتا تھا۔ اس کا والد درزی کا کام کرتا تھا۔ وہ بہت محنتی شخص تھا۔ الہ دین ابھی چھوٹا ہی تھا کہ اس کے والد کا انتقال ہوگیا۔ الہ دین اور اس کی والدہ نے بہت افلاس[1] کی زندگی گزاری۔ الہ دین بہت کاہل[2] تھا۔ وہ تمام دن گلیوں میں کھیلتا اور کوئی کام نہیں کرتا تھا۔ البتہ وہ جسمانی[3] طور پر مضبوط[4] اور طاقتور[5] تھا۔

**Lahore Board 1985 Group II**

**Vocabulary:**

1. poverty 2. sluggish 3. physically 4. strong 5. powerful

## 21

چڑیا گھر[1] میں ہم نے بہت سے جانور دیکھے۔ یہ جانور ہم نے پہلے کبھی نہیں دیکھے تھے۔ ہم سب بہت خوش ہوئے۔ میرا چھوٹا بھائی خاص طور پر خوش ہوا۔ جب اس نے مور دیکھا تو خوشی سے اُچھلنے لگا۔ اس نے ابا جان سے کہا، ''ابا جان، کیا آپ مجھے ایک مور خرید کر دے سکتے ہیں؟ یہ بہت خوبصورت[2] جانور ہے۔'' ابا جان نے بتایا کہ یہ مور بیچنے[3] کے لیے نہیں ہیں۔

**Lahore Board 1984**

**Vocabulary:**

1. zoo 2. beautiful 3. for sale

## 22

میری والدہ مجھ سے بہت محبت کرتی ہیں۔ وہ میری صحت کا ہمیشہ خیال رکھتی[1] ہیں۔ ایسی خوراک پکاتی[2] ہیں جو میں پسند کرتا ہوں۔ لیکن مجھے زیادہ کھانے[3] سے روکتی[4] ہیں۔ مجھے اچھے اچھے کپڑے دیتی ہیں۔ زیادہ قیمتی[5] کپڑوں کے خلاف[6] ہیں۔ مجھے باقاعدہ کتابیں پڑھاتی ہیں۔

میں انگریزی میں ذرا کمزور ہوں لہٰذا انھوں نے میرے لیے ایک استاد رکھا ہے۔ مجھے روزانہ پڑھنے کی تاکید[7] کرتی ہیں۔

**Vocabulary:**

1. to look after 2. to cook 3. overeating 4. to warn 5. costly 6. against 7. to insist

## 23

اورنگ زیب بڑا نیک دل[1] اور خداترس[2] بادشاہ تھا۔ وہ بہت سویرے جاگ اُٹھتا اور اللہ کی عبادت[3] کیا کرتا تھا۔ اس نے اپنے عہد حکومت[4] میں حکم جاری کر رکھا تھا کہ صبح بستر سے اُٹھ کر اللہ کی عبادت کرو اور نیک کام کرو تاکہ سارا دن خوشی خوشی گزر جائے۔ وہ خود سورج نکلتے[5] ہی دربار لگاتا۔ غریبوں، محتاجوں[6] اور مظلوموں[7] کی فریاد[8] سنتا۔ وہ ان سے محبت سے پیش آتا۔ نہایت توجّہ[9] سے ان کا حال پوچھتا اور ان کی مرادیں[10] پوری کرتا۔

**Vocabulary:**

1. good-natured 2. God-fearing 3. worship 4. reign 5. with the sunrise
6. dependant, needy 7. oppressed 8. petitions 9. great attention 10. desires

## 24

یہ نوجوان قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کو قتل[1] کرنے کے ارادے سے آیا تھا۔ جب اس نے دیکھا کہ کوئی آس پاس نہیں ہے۔ اس نے تیزی سے چاقو نکالا[2]۔ وہ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کی طرف لپکا[3]۔ اللہ تعالیٰ نے قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کو بہت عقل[4] اور حوصلہ[5] عطا کیا تھا۔ انھوں نے اپنا لمبا بازو بڑھا[6] کر قاتل کا ہاتھ مضبوطی[7] سے پکڑ لیا۔ انھوں نے اپنے پرائیویٹ سیکرٹری کو آواز دی۔ مجرم کو گرفتار کر لیا گیا۔ تمام لوگوں نے دیکھ لیا کہ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ بہادر[8] انسان تھے۔

**Sargodha Board 1976 Group II**

**Vocabulary:**

1. to kill, to murder 2. to pull out 3. to pounce upon 4. wisdom 5. courage
6. to stretch 7. to grip firmly 8. brave

## 25

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم مکے میں پیدا ہوئے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے والد کا نام حضرت عبد اللہ تھا۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے دادا نے آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی پرورش[1] کی۔ جب آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم پچیس برس کے ہو گئے تو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے شادی کر لی۔ جب آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم چالیس برس کے ہوئے تو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے کہا کہ میں پیغمبر[2] ہوں۔ میری بات غور سے[3] سنو۔ اللہ ایک ہے اس کی عبادت[4] کرو۔

**Bahawalpur Board 1980 Group I**

**Vocabulary:** 1. bring up 2. Rasool 3. carefully 4. worship

## 26

پرانے زمانے میں کابل میں ایک سوداگر رہتا تھا۔ اس کا ایک بیٹا تھا۔ سوداگر کے بیٹے کو بچپن ہی سے پڑھنے لکھنے کا شوق[1] تھا۔ باپ نے اس

کو پوری توجہ سے پڑھایا۔ اسے اچھے اچھے استادوں کے پاس بھیجا۔ اچھے اچھے مدرسوں میں تعلیم دلوائی[2] اور اچھی سے اچھی کتابیں مہیا کیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ جوان ہوتے ہوتے اس زمانے کے اکثر علوم میں ماہر[3] ہو گیا۔ اس کے علم کی شہرت[4] بادشاہ تک پہنچی تو وہ بہت خوش ہوا۔ بادشاہ نے سوداگر کے بیٹے کو وزیر بنالیا اور اپنا ہر کام اس کے مشورے[5] سے کرنے لگا۔

**Multan Board 1980**

**Vocabulary:**

1. fond of 2. to get educated 3. expert 4. fame of his learning 5. in consultation with

## 27

یہ ہمارا مکان ہے۔ جب ابا جان نے یہ مکان خریدا، میری عمر صرف پانچ سال تھی۔ دس برس سے میں اس مکان میں رہ رہا ہوں۔ ہمارا کنبہ[1] بہت بڑا[2] ہے۔ لیکن یہ مکان بہت چھوٹا ہے۔ ابا جان کہتے ہیں کہ وہ اس مکان کو بیچ[3] دیں گے اور ایک بڑا مکان گلبرک میں خریدیں گے۔ مگر میں اس مکان کو چھوڑنا[4] نہیں چاہتا۔ مجھے اس مکان سے محبت ہو گئی ہے۔

**Quetta Board 1979**

**Vocabulary:**

1. family 2. large 3. sell 4. leave

## 28

امجد کے والد بچپن میں ہی فوت[1] ہو گئے تھے۔ وہ یتیم[2] ہو گیا۔ اس کا چچا اسے اپنے گھر لے آیا۔ چچا کا کوئی بیٹا نہیں تھا۔ اس نے اپنے بیٹے کی طرح پرورش کی۔ امجد نے ایم۔ اے کا امتحان پاس کر لیا اور اسے ایک اچھی سی ملازمت[3] مل گئی۔ اب اس کا چچا بوڑھا ہو چکا تھا۔ امجد نے باپ کی طرح اپنے چچا کی خدمت[4] کی۔ چچا نے امجد کو اپنا داماد[5] بنالیا۔ امجد اب اپنے چچا کے کنبے کا فرد بن گیا۔

**Lahore Board 1978**

**Vocabulary:**

1. to die 2. orphan 3. job 4. to serve 5. son-in-law

## 29

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیٹی تھیں جو کہ رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے گہرے[1] دوست تھے۔ آپ رضی اللہ عنہا رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی بیوی تھیں۔ آپ رضی اللہ عنہا ایک چھوٹے سے کمرے میں رہتی تھیں۔ یہ ایک سادہ[2] سا کمرہ تھا۔ جس کی چھت نیچی تھی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا گھر کا کام خود کرتی تھیں۔ آپ رضی اللہ عنہا کی زندگی سادہ تھی۔ آپ رضی اللہ عنہا کو رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے بڑی محبت تھی۔ آپ رضی اللہ عنہا بہت ذہین تھیں اور اسلام کے بارے میں بہت کچھ[3] جانتی تھیں۔

**Vocabulary:**

1. intimate 2. simple 3. a lot

## 30

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک کوّے کو گوشت کا ٹکڑا ملا۔ وہ درخت کی شاخ[1] پر بیٹھ گیا۔ اتنے میں ایک لومڑی[2] اُدھر آ پہنچی۔ لومڑی نے دل میں[3] کہا، ''یہ ٹکڑا مجھے اس کوّے سے حاصل کرنا چاہیے۔'' اس نے قریب جا کر کوّے سے کہا، ''میں نے سنا ہے کہ تم اچھا گا سکتے ہو۔ تمھاری آواز بڑی میٹھی ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ تمھارے گیت کا مزہ[4] اٹھاؤں۔ کیا تم مہربانی کر کے گانا سناؤ گے۔'' اس پر کوّا خوش ہو گیا۔

**Multan Board 1976**

**Vocabulary:**

1. branch 2. vixen 3. to herself 4. to enjoy

## 31

یہ تصویر ہمارے گاؤں کی ہے۔ گاؤں کے باہر ہرے[1] بھرے کھیت[2] ہیں۔ اب گرمی کا موسم ہے۔ سورج خوب چمک رہا ہے۔ وہ سامنے گندم کے کھیت ہیں۔ گندم کے کھیتوں میں بڑی چہل پہل[3] ہے۔ جوان، بوڑھے، مرد اور عورتیں مل کر کام کر رہے ہیں۔ فصل[4] پکی[5] ہوئی ہے۔ دیہاتی اب کٹائی[6] کریں گے اور اپنی فصل کو شہر میں لے جائیں گے۔ ہمارے گاؤں میں بہت سی قابل دید[7] چیزیں بھی ہیں۔ ہم گاؤں میں خوش ہیں۔ ہم اپنے گاؤں کو خوبصورت بنائیں گے۔

**Vocabulary:**

1. green 2. fields 3. hustle and bustle 4. crop 5. ripe 6. to harvest 7. worth seeing

## 32

حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے چچا کے بیٹے تھے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے چچا کا نام ابو طالب تھا۔ ابو طالب امیر نہیں تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے پاس رہتے تھے۔ وہ نو سال کی عمر میں مسلمان[1] ہوئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے کئی جنگوں میں حصہ لیا اور کئی کافروں[2] کو قتل کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد خلیفہ[3] بنے۔ آپ رضی اللہ عنہ چوتھے خلیفہ تھے۔ رسول اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے اپنی بیٹی کی شادی آپ رضی اللہ عنہ سے کر دی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ بہادر اور عالم[4] تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ کو رسولِ مقبول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے بے حد پیار تھا۔

**Vocabulary:**

1. to embrace Islam 2. non-believers 3. Caliph 4. scholar

## 33

آدمی اپنی قسمت[1] خود بناتا[2] ہے۔ اس کو چاہیے کہ محنت کرے اور لگن سے کام کرے تا کہ اپنی زندگی میں کامیاب ہو سکے۔ محنت اس دنیا کی سب سے بڑی حقیقت[3] ہے جس کو جھٹلایا[4] نہیں جا سکتا۔ اگر ہم ماضی میں نظر دوڑائیں تو معلوم ہو گا کہ جتنے بھی عظیم[5] آدمی گزرے ہیں سب نے محنت اور ہمت سے کام لیا اور اپنی قسمت سنواری۔ ابراہم لنکن امریکہ کا صدر گزرا ہے۔ اگر ہم اس کی زندگی کا مطالعہ[6] کریں تو معلوم ہو گا کہ وہ لکڑہارے کا بیٹا تھا لیکن اس کو پڑھنے کا شوق تھا۔

**Vocabulary:**

1. fate 2. architect 3. truth 4. falsified 5. great 6. study his life

## 34

مدینہ عرب کا ایک مقدس[1] شہر ہے۔ یہ مکہ سے قریباً تین سو میل کے فاصلہ پر ہے۔ کاریں یہ فاصلہ چار یا پانچ گھنٹے میں طے[2] کر لیتی ہیں۔ مدینہ پیغمبر اسلام خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا شہر ہے۔ یہاں کئی مساجد ہیں لیکن سب سے زیادہ مشہور مسجد نبوی ہے۔ اس مسجد میں رسول اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا روضہ مبارک[3] ہے۔ یہاں ایک لاکھ مسلمان نماز پڑھ سکتے ہیں۔ مدینہ میں کئی ہوٹل ہیں۔ یہاں پرانی عمارتیں[4] بھی ہیں۔

**Lahore Board 1975 Group II**

**Vocabulary:**

1. holy / sacred 2. to cover 3. sacred shrine 4. old buildings

## 35

میں نے شیر کو دُور سے دیکھا۔ وہ جھاڑیوں[1] میں بیٹھا تھا۔ شیر نے ہمیں نہیں دیکھا۔ میں نے اپنے ساتھی سے کہا تم یہیں خاموش بیٹھے رہو میں شیر کے قریب جاتا ہوں۔ اس کے بعد میں نے آہستہ آہستہ شیر کی طرف بڑھنا[2] شروع کر دیا۔ اگر میں ذرا سا شور کرتا تو وہ بھاگ جاتا۔ آخر میں اس کے قریب پہنچ گیا۔ وہ مجھے پتوں میں صاف دکھائی دے رہا تھا۔ اس نے ابھی تک[3] مجھے نہیں دیکھا تھا۔ میں نے بڑی احتیاط[4] سے بندوق اٹھائی۔

**Multan Board 1975**

**Vocabulary:**

1. bushes 2. to advance 3. yet 4. carefully

## 36

چودھری اسلم کا دوست بڑی مدت کے بعد ملنے کے لیے آیا۔ اس نے محسوس[1] کیا کہ چودھری غمگین[2] معلوم ہوتا ہے۔ اس نے پوچھا چودھری صاحب کیا بات ہے۔ اداس کیوں رہتے ہو؟

چودھری: کوئی خاص بات نہیں۔

ایوب: خاص نہیں تو عام سہی[3]، آپ بے چین[4] کیوں ہیں؟

چودھری: دنیا میں چین کسے ہے؟ نہ دن کو چین نہ رات کو آرام۔

ایوب: دنیا آپ سے متفق[5] نہیں۔ یہ انسان کی کم ہمتی[6] ہے جو اس کو مایوس[7] کر دیتی ہے۔

**Azad Kashmir Board 1975**

**Vocabulary:**

1. to feel 2. sad 3. let it be something general 4. restless 5. to agree with
6. lack of courage 7. despair

## 37

یہ سردیوں کی ایک رات تھی۔ ہم سو رہے تھے۔ یکا یک[1] کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا[2]۔ میں اور میرے والد اُٹھ بیٹھے۔ ہم نے سوچا یہ کوئی چور ہوگا۔ اس لیے ہم نے بندوق لے لی۔ اور دروازے پر آ گئے۔ میرے والد نے پوچھا ''دروازے پر کون ہے؟''، جواب ملا میں ایک غریب آدمی ہوں اور بھوکا[3] ہوں۔ ہم نے دروازہ کھولا۔ اس کو اندر لے آئے اور کچھ کھانے کو دیا۔ اس نے ہمارا شکریہ[4] ادا کیا اور چلا گیا۔

**Lahore Board 1975**

**Vocabulary:**

1. suddenly 2. to knock 3. hungry 4. to thank

## 38

اب مڈل تک تعلیم مفت ہوگئی ہے۔ اب غریبوں کے بچے بھی تعلیم حاصل کر سکیں گے۔ حکومتِ پاکستان نے کالج اور سکول اپنے کنٹرول میں لے لیے ہیں۔ ملک میں ہر شخص کو برابر کے حقوق[1] ہوں گے۔ حکومت ذہین[2] بچوں کو وظائف[3] دے گی۔ وہ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کر سکیں گے۔ ہم نیا اور مضبوط[4] پاکستان بنائیں گے۔ ہمیں ملک کی ترقی[5] کے لیے کوشش کرنی چاہیے۔

**Sargodha Board 1973**

**Vocabulary:**

1. rights 2. intelligent 3. scholarships 4. strong 5. progress

## 39

آمنہ میرے بچپن[1] کی دوست تھی۔ ہم نے اکٹھے[2] کھیلا اور پڑھا۔ پھر میری ایف۔اے کے بعد شادی ہوگئی اور میں اپنے میاں کے ساتھ لندن چلی گئی۔ آمنہ نے آگے پڑھا یا اس کی شادی ہوگئی، مجھے کچھ خبر نہ ملی۔ جب میں پانچ برس کے بعد وطن لوٹی تو ایک روز بازار میں اچانک[3] آمنہ کی بڑی بہن سے میری ملاقات ہوگئی۔ میں نے بے تابی[4] سے آمنہ کے متعلق[5] پوچھا تو ان کی آنکھوں میں آنسو[6] تیرنے لگے۔ میرا گھر نزدیک ہی تھا۔ میں ان کو اپنے ساتھ لے آئی تاکہ وہ اطمینان سے مجھے آمنہ کے بارے میں کچھ بتا سکیں۔

**Vocabulary:**

1. childhood 2. together 3. suddenly 4. impatiently 5. about 6. tears

## 40

صدر نے ادیبوں[1]، شاعروں، دانشوروں[2]، مفکروں[3] اور عالموں[4] پر زور[5] دیا ہے کہ اپنی ادبی تخلیقات[6] کے ذریعے ملک کو اسلامی اور فلاحی مملکت[7] بنانے میں حکومت کی مدد کریں۔ صدر گزشتہ روز ایک کتاب کی تعارفی تقریب میں شاعروں اور ادیبوں کے بہت بڑے اجتماع[8] سے خطاب[9] کر رہے تھے۔

**Vocabulary:**

1. writers 2. intellectuals 3. thinkers 4. scholars 5. to stress 6. literary work
7. welfare state 8. big gathering 9. addressing